سلسلۂ مطبوعاتِ انجمنِ ترقیٔ اُردو (ہند) نمبر ۱۹۹

فرہنگ

اصطلاحاتِ پیشہ وراں

جلدِ ہفتم

ہندستان کے مختلف فنوں اور صنعتوں

کے

اصطلاحی الفاظ و محاورات کا جامع مجموعہ

تالیف

مولوی ظفر الرحمٰن صاحب دہلوی

شائع کردہ

انجمنِ ترقیٔ اُردو (ہند) دہلی

مفید عام پریس لاہور میں باہتمام لالہ موتی رام مینیجر چھپی اور سید صلاح الدین جمالی مینیجر انجمن ترقی اردو (ہند) نے دہلی سے شائع کی

دیباچہ

اس جلد میں چار فصلیں ہیں جو (۱) بیوپاری (۲) خدمتی (۳) دست کاری (جراحی)
اور تکیے داری کے ناموں سے موسوم کی گئی ہیں ۔

پہلی فصل قفل سازی[1] ۔ کانٹا سازی[2] ۔ صرّافی[3] ۔ مہاجنی[4] اور دُکان داری[5] ۔
دوسری فصل ۔ دائی گری[1] ۔ مشاط گری[2] ۔ آب کاری[3] ۔ بھنڈے[4] برداری اور چاکری[5]
تیسری فصل ۔ عینک[1] سازی ۔ کان کاری[2] (کن میلیا)، دنداں سازی[3] اور جرّاحی[4] ۔ اور
چوتھی فصل ۔ گورکنی[1] (اچارج)، گداگری[2] اور بن باشی[3] کے جملہ سترہ پیشوں اور قریب
پونے دو ہزار اصطلاحات پر مشتمل ہیں ۔ جن میں بعض کی تصاویر بھی بنوا دی گئی
ہیں ۔

بنج بیوپار کے پیشوں کی اصطلاحات ہندو تاجروں اور دُکان داروں کی بدولت
اُردو زبان میں کھپ گئیں اور کاروباری معاملات میں اُن کا ایسا گہرا تعلق ہوا کہ
نہ صرف شمالی ہند میں بلکہ ہندستان کے گوشے گوشے میں جہاں مارواڑی تاجر گئے
سب کے لیے ایک جان بن گئیں اور بیرونِ ہند میں بھی اپنا رنگ جمالیا ۔۔۔
اس فصل کے پیشوں کی اصطلاحات کی تفتیش و تلاش میں مقابلے اور تحقیق کے
لیے حسبِ ضرورت تحریری مواد سے بھی جہاں تک وہ دستیاب ہوا استفادہ حاصل
کیا گیا اس میں ایک رسالہ "دربارِ آصفیہ" مصنفہ لالہ منارام قابلِ ذکر ہے ۔

اصطلاحات کی تشریح میں مفہوم کو واضح کرنے کی پوری کوشش کی گئی ہے جس کی حقیقت متن کے ملاحظے سے بخوبی روشن ہوگی۔

دائی گری اور مشاط گری کی اصطلاحات بھی معمولی سی ادل بدل اور کچھ اضافے کے ساتھ اپنے اصلی اور ابتدائی رنگ و روپ میں اُردو زبان کا جزو بن گئی ہیں اور شمالی ہندستان میں عام طور پر بولی اور سمجھی جاتی ہیں۔ یہی حال جرّاحی اصطلاحات کا ہے۔ اگرچہ مسلمانوں کے عہد میں اس پیشے کو خاص ترقی ہوئی اور اس کی اصطلاحات میں بھی بہت کچھ اضافہ ہوا لیکن قدیم اصطلاحات بھی زبان زد رہیں اور اب جب کہ اس پیشے کا قریب قریب خاتمہ ہوگیا ہے۔ قدیم شہروں میں جہاں قدیم تہذیب کے کچھ دل دادہ موجود ہیں۔ بعض کارداں جرّاح اب بھی پائے جاتے ہیں جو اپنا کام حسب سابق کرتے ہیں ان کی وجہ سے اُن کی قدیم اصطلاحات بھی زندہ ہیں۔ اُن میں بعض ایسی ہیں جو مغربی زبانوں کے الفاظ کے مقابلے میں بہت پُر معنی اور سہل الفہم ہیں اُن سے دوسرے الفاظ بھی بنائے جاسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر چند درجِ ذیل ہیں:۔

کپڑوتا۔ سنگ تاوا۔ نمش۔ نابھ کنول۔ ٹھکونی۔ جنتر۔ نال جنتر۔ مُتلینڈی پسواڑہ۔ جنم روگ۔ رِنجھنا روگ وغیرہ۔

دنداں سازی اور عینک سازی وغیرہ کے پیشے گو اب بہت ترقی کر گئے ہیں لیکن اُن کی اصطلاحات محدود ہیں اور بہ جز چند جدید اصطلاحات کے اضافے کے باقی سب سابقہ ہی ہیں۔ گو نوجوان انگریزی داں کی زبان پر ہندستانی اصطلاح کی بجائے انگریزی اصطلاح جلد آجاتی ہے۔ تاہم قدیم اصطلاحات اپنی جگہ قائم ہیں اور ان کے زندہ رہنے کی توقع ہے۔

کان میلیے کا پیشہ اب قریب قریب ختم ہوگیا ہے۔ بڑے اور قدیم شہروں میں

کہیں کہیں یہ پیشہ ور دکھائی دے جاتا ہے اُس تک پہنچ کر اُس کے پیشے کی بھی ٹوہ لی لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ جس کام کو کرتا ہے خود اس کام کی اصطلاحات سے بہت کم واقف ہے اور اُس پر گونگے کے گڑ کھانے کی مثل صادق آتی ہے ۔

گورکنی اور اس کے ساتھ چوتھی فصل کے دوسرے پیشے اگرچہ کوئی خاص پیشے نہیں لیکن پیشوں کے سلسلے میں اُن کا نام آتا ہے اس لیے پیشہ وروں کی فہرست میں درج کر لیے گئے۔ تاہم ان پیشوں کی ایسی اصطلاحات جو اُردو زبان میں شریک عام طور سے بولی اور سمجھی جاتی ہیں جہاں تک اور جس قدر تحقیق ہو سکیں درج کر دی گئیں۔ پھر بھی اُن میں بہت کچھ اضافے کی گنجایش ہے۔ شاید اس داغ بیل پر آیندہ کسی کی ہمت اُن کو پورا کرا دے ۔

خاکسار

ظفر الرحمٰن عفی عنہ

حیدرآباد (دکن)

جون سنہ ۱۹۴۳ء

فہرست مضامین

اِنڈِکس

(اِشاریہ)

ساتواں حصّہ ختم

پہلی فصل بنج بیوپار و تجارت

ا۔ پیشہ قُفل سازی :۔

آنٹ (مونث) ڈب۔ قُفل سازوں کی اصطلاح میں قُفل کے منھ کے ڈھکنے کی روک کو بنی ہوئی چوُلیں (کھانچے) جس میں ڈھکنے کی کور یں اَٹکی رہتی ہیں اور ڈھکنا اوپر نیچے سرکانے میں اپنی جگہ قائم رہتا ہے۔ دیکھو ڈب۔

اینٹ (مونث) قُفل میں کُنجی کے گھر کے منھ پر جڑی ہوئی مستطیل شکل کی شام جو منھ کی حفاظت اور خوش نمائی کے لیے لگائی جاتی ہے، اس کے اوپر ڈھکنا رہتا ہے۔ (جڑنا۔ جمانا)

دیکھو قُفل۔

بِرنجی (مونث) چھوٹی قسم کی پتلی کیل جو بعض قسم کے قُفلوں میں جڑائی کے لیے استعمال کی جاتی ہیں اور عام طور سے پیتل کی بنائی جاتی ہیں یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

پتا (مذکر) قُفل کا پیندا یا تلا جس پر اُس کے تمام پُرزے اور کیل کمانیٹے جڑے جاتے ہیں یعنی ڈھانچہ تیار ہوتا ہے۔ دیکھو قُفل۔

پر (مذکر) گجراتی یا قدیم وضع کے تالے کے کڑے کے ایک سرے پر تیر کے پر کی شکل کی بنی ہوئی کمانیاں۔ دیکھو قُفل۔

پُرزہ (مذکر) پیشہ وروں کی مشترک اصطلاح جس کی مجموعی ہیئت کی بنی ہوئی کسی چیز کا ہر مستقل جُز مُراد لی جاتی ہی جن سے وہ چیز ترتیب پاتی ہی۔
ف۱۔ قفل کے سارے پُرزے گھِس گئے ہیں۔
ف۲ گھڑی کا پُرزہ پُرزہ علیحدہ علیحدہ ہو گیا۔

پھِروان نکھ پان (مذکر) دیکھو نکھ پان۔

پُھلّی (مونث) کیل کے سر کے نیچے لگانے کا ضامن جو گول سِکّے (پیسے) کی شکل کا ہوتا ہی۔ اِس کے بیچ میں کیل کی موٹائی کے برابر سوراخ ہوتا ہی اور سوراخ پر کیل کے منھ کی روک کا کام دیتا ہی۔ انگریزی میں واشر کہلاتا ہی۔ (رکھنا۔ لگانا۔ دینا)
۲۔ کیل کے اوپر کے سرے پر بنا ہوا مدوّر منھ۔

پُھلّی دار کیل (مونث) گُل میخ گھنڈی دار سرے کی کیل یعنی ایسی کیل جس کا سرا گول یا چپٹا گھنڈی کی شکل کا بنا ہوا ہو۔ انگریزی میں سٹار کہتے ہیں۔ پُرزوں کی جڑائی کے لیے چھوٹی بڑی مختلف قسم کی بنائی جاتی ہی۔

پُھندا (مذکر) پھندے کا غلط تلفظ۔
قفل سازوں کی اصطلاح میں قفل کے کڑے کے اُس سرے کی چُول (حلقہ) کو کہتے ہیں جو کیل میں اٹکا رہتا ہی۔
دیکھو قفل۔

تالا (مذکر) گجراتی زبان میں قُفل کو کہتے ہیں۔ اُردو میں بھی اُسی معنوں میں بولا جاتا ہی۔
تفصیل کے لیے دیکھو گجراتی تالا۔

تالی (مونث) تالا کھولنے کی آنکڑی۔ دیکھو کُنجی۔

جنتر (مذکر) قدیم وضع کے قفل کا اصطلاحی نام۔ دیکھو گجراتی تالا۔

چھوٹا قُفل (مذکر) ناکارہ قفل جو صرف

دکھاوے کو استعمال کیا جائے۔

چاپ (مونث) قفل کے کرڑے کے منھ کا کھانچہ۔ دیکھو ڈاڑھ

چابی / **چاپی** (مونث) پرتگالی لفظ چوئے بہ معنی کنجی کا ہندستانی تلفظ جو پنجابی زبان میں مروّج اور اُردو میں بھی مستعمل ہے۔ دیکھو کنجی۔

دانت / **دانتا** (مذکر) کنجی کے منھ کا کھندانا یا کٹاؤ جو قفل کے ہڑکے کے آگے بڑھانے اور پیچھے ہٹانے کے لیے بنایا جاتا ہے۔ دیکھو کنجی۔

ڈاڑھ (مونث) چاپ۔ قفل کے کرڑے کے منھ کا کھانچہ جس میں قفل کا ہڑکا اٹک جاتا اور کرڑے کو بند رکھتا ہے۔ دیکھو قفل۔

ڈب (مونث) آنٹ۔ قفل کے منھ کے ڈھکنے کی کوردں کو پھنسائے رکھنے والے کھانچے جو منھ کی شام کی بغلیوں میں سبنے ہوتے ہیں۔ دیکھو قفل۔

ڈِبیا (مونث) دیکھو ڈھانچ (ڈھانچہ)

ڈوَل (مذکر) کسی مصنوعی چیز کی عارضی شکل کا نمونہ۔ نشان۔ علامت۔ (ڈالنا۔ بنانا) کسی چیز کی تیاری کے لیے کچا نمونہ بنانا۔ قفل سازوں کی اصطلاح میں قفل کے ڈھانچے کو کہتے ہیں جس میں قفل کے پُرزے جڑے جاتے ہیں۔

ڈھانچہ (مذکر) ڈوَل۔ ڈبیا۔ قفل کا بیرونی حصّہ جس کے اندر اُس کے پُرزے ترتیب وار جمائے جاتے ہیں۔ (ڈھانچنا) دیکھو ڈوَل ڈالنا۔

سِڈول (مذکر) شدھ یا صحیح ڈوَل کا اُردو تلفظ۔ کار آمد۔ صحیح اور موزوں ڈھانچہ اس کی ضد بد ڈول کہلاتا ہے۔

سرگواں ٹکھ پان (مذکر) دیکھو ٹکھ پان

شام (مونث) دیکھو اینٹ۔ کنجی کے مُنھ کے گھر کا بنا ہوا پتر جو قفل کے سوراخ پر اُس کی حفاظت

اور مضبوطی کو جڑ دیا جاتا ہے۔
۲۔ دھات کا بنا ہوا کسی ڈنڈی کے منھ کا حفاظتی گھیرا۔ (لگانا۔ جڑنا)

قُفل (مذکّر)، تالا۔ جنتر۔ عربی بہ معنی بند رکھنے والی چیز اصطلاحاً مختلف وضع اور جسامت کا دھات کا بنا ہوا ایسا آلہ جو دروازے کے پٹ یا کسی چیز کے ڈھکنے کے کھولنے کو حسب ضرورت یا موقع رُکاوٹ بنایا جائے اور روک بنا رہے۔ (ڈالنا۔ جڑنا۔ لگانا) دروازے کے پٹ یا کسی چیز کے ڈھکنے کو بند رکھنے کے لیے قُفل کا استعمال کرنا۔
ف ۱۔ گھر کے دروازے پر قُفل ڈال کر کہیں چلے گئے۔
ف ۲۔ چوکی دار کی کوٹھری پر ہر وقت قُفل جڑا رہتا ہے۔
ف ۳۔ مکان خالی پا کر اُس نے فوراً دروازے پر قُفل لگا دیا۔
(چھوٹا ہونا، بگڑ جانا یعنی قُفل کا کار آمد نہ رہنا۔ خلافِ معمول کھُل جانا۔
قُفل کے حصّوں کو جن کی تشریح سلسلۂ الفاظ میں کی گئی ہے، تصویر میں مع نام دکھایا گیا ہے۔

قُفل ساز (مذکّر)، قُفل بنانے والا کاری گر

قُلّابہ (مذکّر)، دیکھو کڑا۔

کان (مذکّر)، قُفل کے ڈھانچے کے ڈھکنوں کے اوپر کو نکلنے ہوئے حصّے جن میں ایک طرف کڑے کا سرا اٹکا رہتا ہے۔ دیکھو قُفل۔

کڑا (مذکّر)، کُنڈا۔ قُلّابہ۔ قفل کا کھُلنے اور بند ہونے والا حصّہ جو عموماً قوس کی شکل کا ہوتا ہے اور اُسی کی بندش رُکاوٹ کا کام دیتی ہے۔ دیکھو قُفل۔

کُنجی (مونّث)، تالی۔ چابی (چاپی)، رِنچ پانا۔ قُفل کھولنے کا اوزار۔ دیکھو قفل
(لگانا۔ ڈالنا) قفل کھولنے کو کُنجی کے سرے کو قُفل کے منھ

قفل

الف - ڈبیا

۱- کڑا

۲- کان

۳- نگی

۴- ڈاڑھ

۵- پھندا

۶- گھیر

۷- پھلّی (گل میخ)

۸- اینٹ (شام)

۹- ڈب (آنٹ)

۱۰- مکھ پان

ب - پتیا

۱- ہڑکا

۲- گُنجھ

۳- لاٹ

ج - جنتر (گجراتی قفل)

۱- پر

د- گنجی (تالی - چابی)

۱- دانت

الف

دانت ۱

میں داخل کرتا۔

(لگنا، قُفل کھولنے کو کُنجی کا ٹھیک ہونا۔ ٹھیک بیٹھنا

ف۱۔ قُفل وہ اچھا ہوتا ہے جس میں کوئی دوسری کُنجی نہ لگے۔

ف۲۔ تمھارے قُفل کی کُنجی اس قُفل میں نہیں لگتی۔

کُنڈا (مذکّر) دیکھو کڑا۔

کُنجھ (مذکّر) قُفل کے اندر کے وہ پُرزے جن کی حرکت سے قُفل کا ہڑکا (وہ کھٹکا جو قُفل کے کھُلنے بند ہونے کا باعث ہوتا ہے) آگے بڑھایا اور پیچھے ہٹایا جاتا ہے اس پُرزے کو انگریزی میں لیور کہتے ہیں۔ یہ پُرزے تعداد میں ایک سے لے کر پانچ چھ تک ہوتے ہیں۔ اُن کی زیادتی قُفل کی عمدگی سمجھی جاتی ہے۔ ایسے قُفل سوائے اصلی کُنجی کے دوسری کُنجی سے نہیں کھُلتے۔ دیکھو قُفل۔

۲۔ بعض کاری گر قُفل کے کان کو بھی کُنجھ کہتے ہیں۔ دیکھو کان۔

کُنجھے دار قُفل (مذکّر) وہ قُفل جس میں کُنجھ لگے ہوں۔ دیکھو کُنجھ۔ کاری گر لیور دار قُفل بھی کہتے ہیں۔

۲۔ ایسا قُفل جس کے کان بڑھے ہوئے ہوں اور اُس کا کڑا کُنڈے کے ساتھ پیوست ہو جائے۔

کوکا (مذکّر) چھوٹی قسم کی پھُلّی دار کیل جو معمولی کیل سے بہت چھوٹی ہوتی اور نازک قسم کی جڑائی کے کام آتی ہے (لگانا۔ جڑنا)

گُٹکا (مذکّر) کُنجھ کا علیحدہ علیحدہ حصّہ۔ دیکھو کُنجھ۔

۲۔ دیکھو مُڑکا۔

گُجراتی قُفل (مذکّر) تالا۔ جنتر۔ مہا جنتر۔ قدیم وضع کا قُفل جس کے اندر کوئی پُرزہ نہیں ہوتا۔ اس کے کڑے کا ہر ایک سرا لچک دار آنکڑے کی وضع تیر کے پھل کی شکل کا ہوتا ہے جو قُفل کے مُنھ میں داخل ہوتے وقت دب جائے

اور اندر جاکر پھیل جاتے ہیں جس
سے کڑا اٹک جاتا ہے۔ یہ آنکڑے
اصطلاح میں قُفل کے کڑے کے
پر کہلاتے ہیں۔ دیکھو پر اور
قُفل۔

اس قسم کا قُفل عربوں کی ایجاد
کہلاتا ہے۔ کتاب "تمدّنِ عرب"
میں ایسے قفلوں کا ذکر کیا ہے۔
فتح سندھ کے بعد اس کا رواج
سب سے پہلے گجرات میں ہوا
اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔
دیکھو تالا اور قُفل

گُل پیچ (مونث) دیکھو پھُتی دار کیل۔

گلی (مونث) قُفل کے کڑے کے
منہ کا راستہ جہاں سے وہ اندر
جاکر رُکتا ہے۔ دیکھو قُفل۔

گھیر (مذکر) قُفل کے ڈھانچے کے
اندر کی وہ پوری جگہ جس میں
پُرزے جڑے ہوتے ہیں۔ بعض
کاری گر ڈبیا کے نام سے موسوم
کرتے ہیں۔ دیکھو ڈبیا۔

۲۔ قفل کے دوُر کی گہرائی۔

لاٹ (مونث) قُفل کے اندر کا ایک
پُرزہ جس پر کُنجی گھومتی یا گھمائی
جاتی ہے اور جو آہنی پیچ کی شکل
قُفل کے گھیر کے مرکز میں جڑا
ہوتا ہے۔ دیکھو قُفل۔

مُقبان / **مُقپان** (مذکر) مُکھ پان کا غلط تلفظ۔
دیہاتی کاری گروں کی بولی۔
دیکھو مُکھ پان۔

مُکھ پان (مذکر) قفل میں کُنجی لگانے کے
منہ کا ڈھکنا جو حسب ضرورت
کھولا اور بند کیا جا سکتا ہے جو
مُکھ پان اوپر کو سرکایا اور نیچے
اُتارا جاتا ہے کاری گروں کی
اصطلاح میں سرکواں مُکھ پان
کہلاتا ہے اور جو مُکھ پان چوطرفہ
گھمایا جا سکتا ہے اس کو پھرواں
مُکھ پان کہتے ہیں۔ دیکھو قفل۔

مہاجنتر (مذکر) جنتر۔ دیکھو گجراتی تالا

نمبری قُفل (مذکر) قفل سازوں کی
اصطلاح۔ مراد اعلیٰ قسم کا

گُنجھ دار قُفل ۔ دیکھو گُنجھ

ہُڑکا (مذکر) گُٹکا ۔ قُفل کے اندر کا وہ پُرزہ جو کُنجی پھرانے سے قُفل کے کُرّے کی ڈاڑھ میں اٹک کر کُرّے کو بند رکھتا ہے جس کو قُفل کا بند ہونا کہتے ہیں۔ (لگنا، دیکھو قفل۔

۲۔ پیشہ کانٹا سازی

اینڈا (مذکر) دیکھو پاسنگ۔

باٹ } بٹّا } (مذکر) بٹ کسی چیز کی مقدار معلوم کرنے کو دھات وغیرہ کا حسب ضرورت بنایا ہوا معیاری وزن ۔

ف۔ پیتل کا باٹ (بٹّا) کثرتِ استعمال سے گھس جاتا ہے۔

لفظ باٹ واحد اور جمع دونوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

بٹ } بٹّا } (مذکر) دیکھو باٹ (لفظ بٹ واحد اور جمع دونوں کے لیے بولا جاتا ہے)۔

بٹ کھرا (مذکر) سرکاری منظورہ بٹّے (باٹ) کھرے بٹّے۔

۲۔ سونا، چاندی اور دیگر قیمتی اشیا تولنے کے بٹّے جو بالکل صحیح وزن کے اور مصدّقہ ہوں۔

بیکھٹ (مونث) دیہاتی اصطلاح جو بعض مقامی بولیوں میں ترازو کے لیے بولی جاتی ہے اور عربی لفظ بیَع سے وضع کرلی ہے۔

بھار (مذکر) فارسی لفظ بار کا ہندی تلفظ مراد وزن اصطلاحاً ایک بیل کے اٹھانے کے لائق بوجھ۔

پاسنگ (مذکر) اینڈا۔ ترازو کی غیر متوازی ڈنڈی یا پلڑوں کو متوازن کرنے کا اضافی وزن جو ہلکے رُخ پر بہ قدر ضرورت بڑھا کر دونوں حصّوں کو برابر کر دیا جاتا ہے۔ (باندھنا)

(دیکھنا) ترازو کی ڈنڈی کے متوازن ہونے کو جانچنا۔

(کرنا) ترازو کی ڈنڈی کے دونوں سروں کے کم و بیش وزن کو

ہموزن کرنا۔

پَلّا (مذکر) پلڑا۔ زنانہ۔ کسی چیز کے وزن کرنے کو ترازو کا کشادہ حصہ یا بازو جو قدیم وضع کی ترازو میں ڈنڈی کے دونوں سروں پر ایک ایک بندھا ہوتا ہے جن میں سے ایک وزن (باٹ) اور دوسرا جنس رکھنے کو استعمال کیا جاتا ہے۔ دیکھو ترازو۔

پلڑا (مذکر) دیکھو پلّا۔ حرف لام کو حرف ڑے سے بدل کر عام طور سے پلڑا بولتے ہیں۔ (باندھنا)

پیسہ بھر (مذکر) بہ قدر ایک تولہ وزن۔ بھر۔ بھار کا دوسرا تلفظ دیکھو بھار (مسلمانوں کے عہد کا قدیم پیسہ جو عام طور سے مشوری پیسے کے نام سے معروف تھا ایک تولہ وزن کا ہوتا تھا اور ایک تولہ وزن کے لیے بطور باٹ استعمال کیا جاتا تھا)

پُھندا (مذکر) پھندنے کا غلط تلفظ۔ دیکھو چوٹیا۔

ترازو (مونث) معیاری وزن کے ساتھ کسی جنس کی مقدار معلوم کرنے یا ایک جنس کو دوسری جنس سے ہموزن کرنے کا

ترازو (قدیم وضع)

تک

۱۔ چوٹیا
۲۔ ڈنڈی
۳۔ جوت (ڈس)
۴۔ پلڑا
۵۔ پاسنگ
۶۔ شاہین

پیمانہ۔ قدیم اور جدید وضع کی چھوٹی بڑی ادنےٰ اور اعلیٰ مختلف قسم کی مختلف ضرورتوں کے لیے بنائی جاتی ہیں۔

تک (مونث) ڈنڈی سنسکرت ترکا۔ بمعنی بڑی ترازو جو بہت بھاری چیزیں تولنے کے لیے استعمال کی جاسے۔ اس ترازو کو کسی چیز سے باندھ کر لٹکا رکھا جاتا ہی۔

۲۔ اسٹیشنوں پر مال اور اسباب تولنے کی جدید وضع کی ترازو۔

تکری / تکڑی (مونث) تک کا اسمِ مصغر۔ دیکھو تک۔

تنی (مونث) دیکھو ڈس۔

تول (مونث) سنسکرت بمعنی وزن کرنا۔ اُردو میں کسی چیز کے وزن کرنے کے عمل کو کہتے ہیں۔

ف۔ گنج میں صبح سے گیہوں کی تول ہو رہی ہی۔

تولا (مذکر) وزن کرنے کا مقررہ پیمانہ (ناپ) (دیکھو جلد سوم پیشۂ کمہار)

تولنا (مذکر) دیکھو چوٹیا۔

ٹنک (مذکر) ۲۴ رتی یا ۳ ماشے کا ایک باٹ (بٹ)

جوت (مذکر) نکوا۔ ترازو کے پلڑے کی ڈوریوں کو ڈنڈی کے سرے سے باندھنے کا بندھ۔ دیکھو ترازو۔

جھوک (مونث) تول میں ترازو کی ڈنڈی کی غیر متوازن حالت جس سے مراد جنس والے پلڑے کی طرف کی ڈنڈی کے سرے کا جھکا رہنا ہوتا ہی۔

(مارنا) ترازو کے جنس والے پلڑے کو ہاتھ کے دباؤ سے ذرا نیچے کو جھکا دینا جو جنس کو وزن سے کم تولنے کا عمل اور خریدار کو دھوکا دینے کی ترکیب ہوتی ہی۔ اس عمل کو اصطلاحاً ڈنڈی مارنا بھی کہتے ہیں۔

چوٹیا (مذکر) پھندا، تولنا، نکی، پنجا، مونجوا، ہتھوانسا، ترازو کی ڈنڈی کا ہتّا۔ دیکھو ترازو۔

چھتر (مذکر) کانٹے والی ترازو کا چوٹیا جس کے بیچ میں کانٹا رہتا ہو۔ دیکھو کانٹا

جبا (مذکر) دو جو یا ایک رتی کے وزن کا باٹ (بٹ)

دھرم کانٹا (مذکر) چاندی، سونا تولنے کی ساہوکارے کی ترازو جو دھرم کانٹے کے نام سے بازار میں کسی معتبر شخص کی زیرِ نگرانی رکھی جاتی اور اس کی تول ہر کاروباری کو صحیح ماننی پڑتی ہو۔

دھڑا (مذکر) ترازو کی ڈنڈی کا توازن جو دونوں پلڑوں کی کمی وبیشی کو برابر کرنے کے لیے کیا جائے۔

(دیکھنا) ترازو کی ڈنڈی کے توازن کی جانچ کرنا۔

(کرنا) ترازو کی ڈنڈی کا توازن قائم کرنا یعنی ڈنڈی کی جھوک کو دور کرنا۔

۲- پاسنگ اور دھڑے کا قریب قریب ایک ہی مفہوم ہو، لیکن پاسنگ لگانے کا عمل ڈنڈی کے نقص کی وجہ سے کیا جاتا ہو اور کسی زائد چیز کے اضافے پر، جو تول میں نہ لگائی جائے یعنی جس کا وزن اصل چیز کے وزن میں شمار نہ ہو، ڈنڈی کا توازن کرنے کو دھڑا کرنا کہا جاتا ہو اور جو زائد وزن کے ساوی وزن بڑھانے سے کیا جاتا ہو۔

دھڑی (مونث) پانچ سیر وزن کا باٹ یا پانچ سیر وزن۔

دھوک (مونث) معمولی اور قدیم وضع کی ترازو۔ بعض مقامی بولیوں میں بغیر کانٹے کی کم وزن اشیا تولنے کی ترازو کو کہتے ہیں۔

دھون (مذکر) بیس سیر وزن کا باٹ یا بیس سیر وزن۔

دھون بھر (مذکر) بیس سیر وزن۔

ڈس (مونث) سنسکرت دشا بہ معنی تاگا یا ڈوری اصطلاحاً ترازو کے پلڑے کے بند کو کہتے ہیں۔ دیکھو ترازو۔

بڑی ترازوؤں میں جو بھاری چیزیں

تولنے کے کام آتی ہیں۔ لوہے کی زنجیروں کے بند ہوتے ہیں۔

ڈنڈی (مونث) ترازو کا وہ حصّہ جس کے سروں میں پلڑے اور بیچوں بیچ ہاتھ میں پکڑنے کو ایک چوٹیا بندھا ہوتا ہے۔ یہی ڈنڈی ترازو کی اصل ہے۔ زیادہ وزنی چیزوں کے تولنے کی قدیم وضع کی ترازو کو اصطلاحاً ڈنڈی کہتے اور ترازو مُراد لیتے ہیں۔ دیکھو تک۔

(مارنا) ڈنڈی کے سرے کو ہاتھ کے دباؤ سے جھکا دینا۔ مُراد کم تولنا۔ وزن کرنے میں دھوکا دینا۔ دیکھو جھوک مارنا

ڈنڈی دار (مذکر) منڈی میں آنے والی زرعی پیداوار کی تول کرنے والا آڑہتیا جو اپنی ترازو باٹ رکھتا ہے اور جنس کو تولنے کا معاوضہ لے لیتا ہے۔

ڈھیّا (مونث) ڈھائی سیر وزن کا باٹ۔

رتی (مونث) سُرخ۔ گھنگھچی۔ آٹھ چاول کے مساوی وزن کا ایک باٹ۔ ماشے کا ⅛ حصّہ۔

(پھرنا۔ چڑھنا) بیوپاریوں کی اصطلاح مراد کاروبار میں فائدہ ہونا۔

رُمانہ (مذکر) دیکھو پلّا اور قرستوں۔

سورن (مذکر) صرّافوں کا سونا تولنے کا ایک باٹ جو تقریباً ۱۵ ماشے یا ۱¼ تولے وزن کا ہوتا اور عام طور سے سونے کو طبعی حالت میں تولنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

سیئی (مونث) عربی لفظ صاع کا غلط تلفظ۔ ۲۳۴ تولے یا قریب ۳ سیر وزن ناپنے کا پیمانہ جو ڈبے کی شکل لکڑی یا کسی دھات کا بنا لیا جاتا ہے۔ دیکھو ٹولا۔

شاہین (مذکر) ترازو کی ڈنڈی کے سروں کے منھ جو پلڑے باندھنے کے لیے مختلف شکل کے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ دیکھو ترازو۔

قرستون یا قرسطون (مونث) رُمانہ ایک پلڑا ترازو۔ انگریزی میں سٹیل یارڈ کہلاتی ہے۔ اس کی وضع قطع ایک ڈنڈی کی سی ہوتی ہے جس میں باٹ کا سرکواں لٹو لٹکا رہتا ہے۔

ROMMAN

قرستون
(رُمانہ)
(قرسطوں)
یونانی لفظ ہے
اور انگریزی میں
STEEl YARD
کہلاتا ہے۔

کانٹا (مذکر) مارواڑی بولی میں جواہرات تولنے کی ترازو کو عام طور سے کانٹا کہا جاتا ہے جو اصطلاحِ عام میں جدید وضع کی ایک ایسی ترازو کا نام ہو گیا ہے جس کی ڈنڈی کے

ترازو (جدید وضع)

کانٹا

۱- چھتر
۲- کانٹا

وسط میں ایک سوئی جڑی ہوتی ہے جو ڈنڈی کے سروں کا صحیح توازن ظاہر کرنے کو بنائی گئی ہے اور ترازو کے صحیح اور بے لاگ وزن کو بتاتی ہے۔ یہی سوئی یا کانٹا اس ترازو

کی وجہ تسمیہ ہو۔ کانٹا قیمتی اور معمولی اشیا کے تولنے کے لیے چھوٹا، بڑا، ادنیٰ اور اعلیٰ قسم کا بنایا جاتا ہو۔ کانٹے کے باقی حصّے عام ترازو کے مانند ہوتے ہیں۔ قدیم وضع کی ترازو کی بجائے اب عام طور سے کانٹے کا رواج ہو رہا ہو۔

کانٹے کی تول (مونث) محاورہ۔ صحیح اور جچی ہوئی پوری تول جس میں کمی اور بیشی نہ ہو۔
(تولنا) صحیح اور پوری پوری تول تولنا۔

گھچی (مونث) دیکھو رتی۔

مادہ پلڑا (مونث) ترازو کا باٹ رکھنے کا پلڑا۔ بعض سودا فروش ترازو کے اُس پلڑے کو کہتے ہیں جو اپنے مقابل کے پلڑے سے کسی قدر کم وزن ہو اور کوئی چیز بڑھا کر اس کا وزن برابر کیا جائے۔

مِثقال (مذکر) ۲۶ رتی کے مساوی وزن کا باٹ۔

منجھا منجھی (مذکر) دیکھو چوٹیا۔

مونجوا (مذکر) دیکھو چوٹیا۔

نر پلڑا (مذکر) ترازو کا وہ پلڑا جس میں وزن کرنے کی جنس رکھی جائے مادہ پلڑے کا مقابل تفصیل کے لیے دیکھو مادہ پلڑا۔
ترازو کے دونوں پلڑوں کا مشترک نام نر اور مادہ کہا جاتا ہو۔

نرجا، نرزا (مذکر) دیکھو نرزا۔

نرزا | نرجا (مذکر) سنسکرت نراجی بہ معنی چھوٹی ترازو۔ اودھ میں اختلاف تلفظ کے ساتھ چھوٹی ترازو کو جو زیادہ سے زیادہ پاؤ ڈیڑھ پاؤ وزن تولنے کی ہوتی ہی کہا جاتا ہو خواہ وہ کانٹے کی قسم سے ہو یا قدیم وضع کی۔

نکی (مونث) دیکھو چوٹیا۔

نکوا (مذکر) دیکھو جوت۔

ہاڑ (مذکر) ترازو کی ڈنڈی کی متوازن حالت۔

(لینا) ترازو کی ڈنڈی کی متوازن حالت دیکھنا یا کرنا۔
پاسنگ دیکھنا یعنی ڈنڈی کے سروں کی جھوک کی جانچ کرنا۔
۲۔ دھڑا کرنا۔ دیکھو پاسنگ اور دھڑا۔
۳۔ ترازو کی جوکھ لینا، سادھ لینا یا تاڑ لینا۔
ہتھوانسا (مذکر) دیکھو چوٹیا۔ بعض مقامی بولیوں میں ہتھ اٹھوا کہتے ہیں۔

۳۔ پیشہ صرافی۔

آتما (مونث) مسلمانوں کے عہد کی چھوٹی اشرفی جو رائج الوقت پوری اشرفی یا مُہر کی چوتھائی قیمت کے برابر ہوتی تھی۔
آفتابی (مونث) مسلمانوں کے عہد کی گول سِکّے کی شکل کی اشرفی اصطلاحاً آفتابی کہلاتی تھی۔
اٹھنّی (مونث) آٹھ آنے (نصف رُپیہ) والا انگریزی عہد کا چھ ماشے وزنی چاندی کا قانونی سِکّہ۔ بازاری بولی میں دھیلی بھی کہتے ہیں۔
آنہ (مذکر) ایک رُپیہ کا ۱/۱۶ والا حصّہ۔ چار پیسے کی ایک رقم (ایک گنڈا)
ادھی (مونث) بارہ کوڑیوں کی ایک رقم جس کی قدر رائج الوقت پیسے کے ۱/۸ حصّے کے برابر ہوتی تھی۔ دمڑی کا نصف حصہ دیکھو دام اور دمڑی۔
ادھنّا (مذکر) ٹکا۔ آدھ آنے کا تانبے کا سِکّہ۔
ارب (مذکر) سو کروڑ کا حسابی عدد یا ہندسہ جس کی گنتی حسب ذیل ہو:-
۱۔ سو کروڑ کا ایک ارب
۲۔ سو ارب کا ایک کھرب
۳۔ سو کھرب کا ایک نیل
۴۔ سو نیل کا ایک پدم
۵۔ سو پدم کا ایک سنگ
۶۔ سو سنگ کا ایک مہا سنگ
اشرفی (مونث) مُہر۔ سونے کا سِکّہ جو اپنے کسی موجد کے نام سے موسوم

ہوا، وزن میں دس ماشے کا ہوتا تھا۔

اِکنّی (مونث) کانسی کی قسم کی دھات کا بنا ہوا ایک آنے کا ہندستانی سکّہ جو لارڈ کرزن کے عہد میں جاری کیا گیا۔

بالا (مذکر) سکّے کا سیدھا رُخ یعنی وہ پہلو جس پر حاکمِ وقت کا چہرہ یا اُس کے حکم سے کوئی خاص علامت بطور نشانی بنی ہو۔

بٹاوَن (مذکر) مختلف حکومتوں کے سکّوں کے باہمی تبادلے کی مقررہ دستوری (شرحِ تبادلہ سکّے جات)

بٹّا (مذکر) فرق۔ کٹوتی۔ کمی۔ گھاٹا ناقص یا بگاڑے ہوئے سکّے کے تبادلے کا نقصان۔ یعنی اگر رائج سکّے کی ہیئت بگڑ جائے یا بگاڑ دی جائے تو اس کی معیاری قدر میں کمی ہو جاتی ہے

(لینا۔ لگانا) بگڑے یا بگاڑے ہوئے سکّے کا نقصان لینا۔

بندھا رُپیہ (مذکر) صرّافوں کی اصطلاح مُراد ایک رُپے کی رقم ایک سکّے کی صورت میں برخلاف چھوٹے سکّوں (ریزگاری) کی مجموعی رقم جو ایک رُپے کے برابر ہو۔

ف۔ صرّاف کو پیسے اور ریزگاری دے کر بندھے رُپے آؤ۔

بھرت (مذکر) صرّافوں کی اِصطلاح (اودھ) مُراد رُپے کے چھوٹے سکّے جن کی مجموعی رقم رُپے کے برابر ہو۔

بھُنانا (مصدر) تُڑانا۔ بندھے رُپے کے مساوی چھوٹے سکّے بدلوانا۔

ف۔ بازار سے ایک رُپیہ بھُنا کر مزدوری کے پیسے دے دو۔

پاوَلا } پاوَلی } (مذکر) کسی سکّے کا چوتھائی حصّہ یعنی چوتھائی قیمت کا سکّہ بازاری بول چال میں رُپے کے چوتھائی سکّے (چونّی) کو کہتے ہیں۔

پائی (مونث) تانبے کا سب سے چھوٹا انگریزی راج کا ہندستانی سکّہ جو پیسے کا بہ قدر $\frac{1}{3}$ ہوتا ہے۔

پچھنی (مونث) سکے کا اُلٹا یعنی دوسرا رُخ جس پر تاریخ، عدد وغیرہ کندہ ہوتا ہو۔ تعمیری اصطلاح میں لفظ پاکھے کے لیے بولا جاتا اور مراد دیوار یا چنائی کا چھوٹا حصہ یا عرضی رُخ ہوتا ہو۔

پدم (مذکر) دیکھو ارب فقرہ ۱۰۸

پرکھنا (مصدر) سکے کا کھوٹا کھرا دیکھنا یا کھوٹے کھرے کی جانچ کرنا۔

پیسہ (مذکر) انگریزی عہد کا تانبے کا سکہ جو وزن میں، ماشے اور قدر میں رُپے کا $\frac{1}{64}$ حصہ ہوتا ہو۔

تالک (مذکر) عربی لفظ طلق کا غلط تلفظ صرافوں کی اصطلاح میں سکے کو گلانا مراد لی جاتی ہو۔ (کرنا)

ٹکا (مذکر) دیکھو ادھنا - انگریزی عہد کا دو پیسے کا ایک سکہ۔

ٹک سال (مونث) دار الضرب۔ سکے بنانے کا کارخانہ۔

ٹک سالی (مذکر) سرکاری منظورہ سکہ۔ سرکاری کارخانے کا بنایا ہوا سکہ رائج الوقت۔

جلالہ (مذکر) حکومتِ وقت کا سکہ۔ (شاہی سکہ)

جلالی مُہر (مونث) حکومتِ وقت کی اشرفی (شاہی اشرفی)

جھنجی کوڑی (مونث) کمر ٹوٹی یا سوراخ دار کوڑی۔

چالو سکہ (مذکر) چلنی۔ رائج الوقت۔ حکومتِ وقت کا سکہ جو چالو ہو۔

چٹکی لگانا (مصدر) چاندی یا سونے کے سکے کی آواز یعنی جھنکار کی جانچ کرنا جو عام طور سے ہاتھ کے انگوٹھے کی ضرب لگا کر یا کسی سخت چیز پر مار کر دیکھی جاتی اور کھوٹ کی ملاوٹ کی پرکھ کی جاتی ہو۔

چلر (مونث) چاندی کے رُپے سے چھوٹے سکے (دوانی، چونی، اٹھنی وغیرہ) دکن میں چلر اور شمالی ہند میں ریزگاری اور خردہ بھی کہلاتے ہیں۔

چلنی (مونث) دیکھو چالو سکّہ

چونّی (مونث) پاؤلی۔ چار آنے والا چاندی یا کانسی کا انگریزی راج کا ہندستانی سکّہ۔

چہار گوشہ مُہر (مونث) چوکھونٹھی (مربّع شکل کی) اشرفی یا کوئی دوسرا سکّہ

چیتل (مذکر) مسلمانوں کے عہد کا تانبے کا سکّہ جس کی قدر رائج الوقت انگریزی سکّے کے ڈھائی آنے کے برابر تھی۔

چھدام (مونث) کوڑیوں کے چلن کے زمانے میں سولہ کوڑیوں کی ایک مقدار جس کی قدر انگریزی عہد کے ہندستانی پیسے کے ½ کے برابر ہوتی تھی۔

خرریج / کھرریج (مونث) فارسی لفظ خوردہ کا غلط تلفظ۔ دہلی۔ نواحِ دہلی اور پنجاب میں اصطلاحاً ٹرپی سے چھوٹے سکّے مُراد لی جاتی ہے جس کو بعض مقامات پر ریزگاری بھی کہتے ہیں۔

۲۔ دکن کے بڑے شہروں میں لفظ خوردہ پیسوں کے لیے بولا جاتا ہے اور خرریج یا ریزگاری کا وہاں کوئی مفہوم نہیں ہے۔

خوردہ (مذکر) دیکھو خرریج فقرہ ۲

دام (مذکر) مسلمانوں کے عہد کے تانبے کے ایک سکّے کا نام جس کو سکّوں کی اکائی شمار کیا جاتا تھا جس طرح انگریزی راج میں پائی۔ دام کا وزن ایک تولہ آٹھ ماشے اور سات رتی ہوتا تھا جس کی قدر انگریزی سکّے کے ادھنّے کے برابر تھی۔

۱۔ انگریزی عہد کے ابتدا سے وہ سکّہ متروک ہوگیا لیکن اصطلاح دمڑی اور چھدام کوڑیوں کے چلن تک ایک خاص مفہوم کے لیے اضلاعِ آگرہ و اودھ اور دہلی و پنجاب میں جاری رہی۔ لفظ دمڑی دام کا اسم مصغر ہے۔ اور کم سے کم سولہ اور زیادہ سے

زیادہ چوبیس کوڑیوں کی مقدار
کے لیے بولا جاتا تھا جس کی قدر
انگریزی عہد کے پیسے کے ۱/۲ کے
برابر ہوتی تھی۔ جب سے کوڑیوں
کا چلن متروک ہوا ہے یہ اصطلاح
بھی قریب قریب متروک ہوگئی ہے۔
اُردو ادب میں لفظ دام اور دمڑی
دونوں بولے جاتے ہیں۔

کہاوت:۔
اپنا دام کھوٹا تو پرکھنے والے کو کیا
دوس (دوس بہ معنی گالی)
۲۔ مرادی معنے کسی چیز کی قیمت
یا نقد رقم۔
ف ۱۔ آم کے آم گٹھلیوں کے دام
ف ۲۔ رسید بھیج کر کتابوں کے دام
منگا لیے۔
ف ۳۔ تمھارے پاس دام ہوں
تو ٹکٹ لے لو۔
ف ۴۔ اس وقت مکان کے دام
اچھے لگ رہے ہیں۔
ف ۵۔ آج کل بازار میں ہر چیز

کے دام چڑھے ہوئے ہیں۔
جب دام اُتریں گے تو سامان
خریدا جائے گا۔

دِرہم (مذکر) مسلمانوں کے عہدِ حکومت
کا نقرئی سکہ جس کا وزن چھ یا
آٹھ دانگ ہوتا تھا۔

دمڑی (مونث) دیکھو دام فقرہ ۱۔

دوانی (مونث) دو آنے کی قدر کا چاندی
یا کانسی کا سکہ۔

دینار (مذکر) مسلمانوں کے عہد کا طلائی
سکہ وزنی ایک مثقال۔

دھیلا (مذکر) انگریزی عہد کے پیسے کا
آدھا سکہ۔

دھیلی (مونث) دیکھو اٹھنی۔

ڈبل (مذکر) علاقہ آگرہ و اودھ میں
تین پائی والے انگریزی پیسے کا
اصطلاحی نام۔

رڈپلڑی (مونث) رڈپڑ کا اسم مصغر
دیکھو رُپیہ۔

رُوپا / رُپیہ (مذکر) روپا ہندی میں چاندی
کو کہتے ہیں۔ کاروباری اصطلاح

میں چاندی کا سب سے بڑا سِکّہ
مُراد لی جاتی ہو جو وزن میں ایک
تولہ ہوتا ہو۔ (بندھانا۔ بُھنانا۔ تُڑانا)
رُپے بندھانا سے مُراد چھوٹے سِکّوں
کو رُپے میں بدلوانا اور بُھنانا، تُڑانا
اس کے برعکس عمل کے لیے
بولا جاتا ہو۔
(لگانا) تجارتی کاروبار میں رُپیہ
صَرف کرنا۔

ریزگاری / ریزگی } (مونث) دیکھو چلّر اور
خوردہ۔

سِیجل (مذکر) کھرا سِکّہ جس میں کوئی
نقص نہ ہو۔

سِکّہ (مذکر) زرِ قانونی جس پر سرکاری
علامت کا ٹھپّہ لگا ہو یعنی کندہ
یا مُہر کیا ہوا ہو اور حکومت کی
طرف سے بطور معیارِ تبادلۂ اشیا
رائج ہو۔
دھات کے سِکّوں میں سونے
کا سِکّہ سب سے قیمتی اور چاندی
کا دوسرے درجے پر ہوتا ہو۔

(چلنا۔ لگانا)

سِکّہ رائج الوقت (مذکر) دیکھو چالو سِکّہ۔

سلاکھی (مونث) سلاخ کا غلط تلفظ۔
سِکّہ پرکھنے کا سُوا جو باریک نوک
کا آہنی اوزار ہوتا ہو جس سے
صرّاف سِکّے پر نُقطے کا نشان بناکر
آگ میں گرم کرتے ہیں اور نُقطے
کی رنگت سے سِکّے کا کھوٹا کھرا
پرکھتے ہیں۔

کہاوت:۔
کانٹا۔ باٹ۔ سلاکھی
اندھا کرے صرّافی

سنگ / سنکھ } (مذکر) دیکھو ارب
فقرہ ۵۰

سنکھ (مذکر) بہت بڑی قسم کا کھونگا،
کوڑی کی قسم کا خول۔

صرّاف (مذکر) سِکّوں کا بیوپاری، تبادلہ
اور لین دین کرنے والا بیوپاری۔

صرّافہ (مذکر) صرّافوں کا بازار

فوتہ دار (مذکر) خزانچی۔ نقدی کی
تھیلی رکھنے والا۔

کٹوتی (مونث) دیکھو بٹا۔

کلب (مذکر) عربی لفظ قلب کا غلط تلفظ۔ دیکھو ملٹ

گُنڈے کا رُپیہ (مذکر) وہ رُپیہ جو بطور زیور استعمال کیا گیا ہو اور اُس ضرورت کے لیے اُس میں گُنڈا جھلوایا ہو۔ بازار میں ایسے رُپے کی قدر کم ہو جاتی ہی۔

کوڑا (مذکر) بڑی قسم کی کوڑی دیکھو کوڑی۔

کوڑی (مونث) دریائی گھونگے کی قسم کا خول جو بادام کی وضع کا ہوتا ہی۔ ہندستان میں بہت قدیم سے ایک پیسے سے کم قیمت کی چیز کے خرید و فروخت کے لیے اُس کا چلن تھا اور طلب و رسد کے اصول پر اُن کی قدر گھٹتی بڑھتی رہتی تھی زیادتی کی حالت میں موجودہ انگریزی پیسے کے جو بیس گنڈے یعنی چھیانویں کوڑیاں ہوتی تھیں کمی کی صورت میں سولہ گنڈے یا چونسٹھ کوڑیاں ملتی تھیں۔ تانبے کے سکے کی کثرت سے اُن کا رواج بند ہو گیا۔

کھرا سِکہ (مذکر) وہ سِکہ جس کی بناوٹ یا استعمال میں کوئی نقص نہ ہوا ہو۔

کھرب (مذکر) دیکھو ارب فقرہ ۲

کھریج (مونث) دیکھو خریج۔

کھوٹا سِکہ (مذکر) وہ سِکہ جس کی بناوٹ یا استعمال میں نقص پیدا ہو گیا ہو۔

گنڈا (مذکر) چار اکائیوں کا ایک عدد۔ عام طور سے چار کوڑیوں یا چار پتیوں کے ایک عدد کو کہتے ہیں۔

لیا (مذکر) کوڑی کی ایک قسم جو ٹھوس، خوب صورت اور معمولی کوڑی سے زیادہ مضبوط اور چلاؤ ہوتی ہی۔ چوسر کھیلنے والے اور جواریوں میں اُس کا استعمال زیادہ ہوتا ہی۔

مُرادی (مونث) رُپے کے چھوٹے سِکے۔ آنے پائی کے سِکّے۔

ملٹ (مذکر) کلب۔ گھسا ہوا سِکہ

جس کے حروف اور دیگر سرکاری
علامت مِٹ گئی ہو۔ ؎
گھِستے گھِستے ہوگئی ایسی ملٹ
چار پیسے کی دوانی رہ گئی
منصوری پیسہ (مذکر) مسلمانوں کے عہد
کا ایک تولہ وزن کا تانبے کا پیسہ
جو اپنے مُوجد کے نام سے موسوم
ہے۔ یہ پیسہ اس کثرت سے رائج
تھا کہ اب تک ہندستان کے
قصبات میں پایا جاتا ہے۔
مہاسنگ (مذکر) دیکھو ارب فقرہ ۶
مُہر (مؤنث) دیکھو اشرفی۔ اشرفی کا
اصطلاحی نام جو عام طور سے گول
شکل کی اشرفی کے لیے بولا جاتا
تھا اور جس کی قیمت تیس رُپے
ہوتی تھی اور وزن ۹ ماشے۔
نانوا / ناوا (مذکر) فارسی لفظ نامہ کا غلط لفظ
مُراد رقمِ قرضہ جو کسی کے نام لکھی
ہوئی ہو۔ پنجاب اور نواحِ دہلی
میں رُپے کے چھوٹے سِکّوں کے
لیے یہ لفظ اصطلاحاً بولا جاتے
لگا ہے اور لفظ ریزگاری و خوردہ
کے ہم معنی سمجھا جاتا ہے۔
نوٹ (مذکر) پاٹ۔ سکۂ قرطاس (زرِقانونی)
عند الطلب واجب الادا رقم کی
سرکاری دستاویز۔
نِیل (مذکر) دیکھو ارب فقرہ ۲
نیولی (مؤنث) رُپے رکھنے کی لمبی نلی
کی شکل کی تھیلی جو کمر سے باندھ
لی جائے۔
ہُن (مذکر) مسلمانوں کے عہد کا دکنی
سونے کا سِکّہ۔

۴۔ پیشہ مہاجنی

آتا (مذکر) قرضہ، دَین، لینا۔
ف ۱۔ پہلے جس کا جو آتا تھا وہ
ادا کیا پھر وارثوں کا حصّہ ہوا۔
ف ۲۔ بنیے کا جو آتا ہو وہ دے دیا
جائے۔
ف ۳۔ آپ کا جو کچھ آتا ہو تو
بتا دیجیے۔
آڑگوڑ (مذکر) کاروباری لوگوں کا باہمی

لین دین۔ کھاتہ داری، تبادلۂ رقم۔

اٹھوارا } (مذکر) ہفتے وار قسط قرضہ یا رقم
اٹھوارسا } سود جو قرض دار ساہوکار کو مقرر کرے۔

ادا بندی (مونث) قسط بندی۔ رقم قرضہ واجب الادا کو مقررہ اوقات پر جزاً جزاً ادا کرنے کا طریقہ۔

اُدھار (مذکر) قرض۔ (لینا۔ دینا)

اوپ (مونث) پچاس فی صدی سود پر کاشت کار کو قرضہ دینے کا طریقہ۔

باقی (مونث) قرضے کی کسر جو آیندہ کو دینی رہے۔ دین جوگی رقم۔

ف :۔ رقم قرضہ اور جمع کے بعد جو باقی نکلتی ہے وہ رقم واجب الادا میں لکھ لی جاتی ہے۔

باقی دار (مذکر) وہ شخص (آسامی) یا کاریگر جس کے ذمے رقم قرضہ واجب الادا رہے۔

بدھوائن (مذکر) ادا بند۔ رقم قرضے کی قسط گزار آسامی یا قرض دار۔

بشنا (مذکر) مہاجنی اصطلاح مراد مہاجن کے منیب یا کارندے کی قیام گاہ یا گدی جہاں بیٹھ کر وہ لین دین کا حساب کتاب کرتا ہے

بندھوتر } (مونث) بندی۔ بازار کا بھاؤ
بندھان } نکلنے سے قبل کسی جنس کے مقررہ نرخ پر خرید کا معاہدہ جو عام طور سے مہاجن اور ساہوکار کاشت کاروں سے کرتے ہیں۔
۲۔ رقم قرضے کی جزاً جزاً ماہانہ ادائی۔ دیکھو ادا بندی۔

بیاج } (مذکر) دیکھو سود۔
بیاز }

بھرپائی (مونث) رقم قرضے کی پوری پوری ادائیگی جس میں کچھ باقی نہ رہے۔ بے باقی ہونا۔ کرنا۔

بھگتان (مذکر) واجب الادا رقم کی پوری ادائیگی دیکھو۔ بھرپائی۔

ہونا۔ چکانا کُل رقم واجب الادا کا ادا کر دینا۔ چکتا نا۔ چکوتا کر دینا۔

بھوک بندھک (مونث) دیکھو پٹاون اہنی۔

بھوک لابھ (مذکر) زرِ قرضہ کے سود یا منافع کے وصول کے لیے قرض دار کی ملکیت کو قبضے میں رکھ کر نفع حاصل کرنے کا مہاجنی طریقہ۔

پاٹ (مذکر) رُقعہ قرض عند الطلب۔ دیکھو نوٹ۔

ف ا۔ کساد بازاری کی وجہ قرض داروں سے روپیہ یا رقم پٹنا مشکل ہو رہا ہے

پتوتن دینا (مصدر) جایداد رہن بالقبض کرنا جس کی آمدنی سے مہاجن رقمِ قرضہ کا سود یا منافع حاصل کرتا رہے۔ عام طور سے کاشتکاروں یا زمین داروں میں قرض کا یہ طریقہ مروج ہے اس طریقے میں مہاجن کی زرِ اصل واجب الادا رہتی ہے۔

پٹاون رہنی (مونث) پٹ بندھک بھوک بندھک پتوتن۔ جایداد کے رہن بالقبض رکھنے کا ایک طریقہ جس میں مہاجن ایک مقررہ میعاد میں جایداد کی آمدنی سے زرِ اصل اور سود وصول کرکے جایداد بغیر کسی نقصان کے مالک کو واپس کر دیتا ہے۔

پٹ بندھک (مونث) دیکھو پٹاون رہنی۔

پرپیٹھ ہُنڈی (مونث) ہُنڈی کا تیسرا پرت۔ اصل ہُنڈی کی تیسری مُصدقہ نقل (مثلث) دیکھو ہُنڈی۔

پُونجی (مونث) اصل کُل۔ راس المال۔ سرمایہ۔ دھن دولت۔

پیٹھ ہُنڈی (مونث) ہُنڈی کا دوسرا پرت (مُثنیٰ) یعنی اصل ہُنڈی کی دوسری مصدقہ نقل۔

پینچا (مذکر) منہ بولا اُدھار۔ قرض دست گرداں۔ ہاتھ اُدھار۔ ایسا قرض جو وقتی ضرورت کے لیے بلا کسی تحریر کے مانگ لیا جائے۔

پھرتی ہُنڈی (مونث) وہ ہُنڈی جس کو مہاجن قبول نہ کرے۔ رد کی ہوئی ہُنڈی۔

توڑا (مذکر) ایک ہزار روپے یا ایک سو اشرفی کی مہر بند تھیلی۔

ا۔ کم یابی۔

۲ ۔ بنڈوق کاشتابا ۔

ٹیپ (مونث) ہاتھ اُدھار رقم کی تحریری یادداشت جو رقم دینے والا اپنے روزنامچے میں لکھ دے ۔

ٹیپنا (مصدر) روزنامچے میں دست گرداں (ہاتھ اُدھار) رقم کی یادداشت لکھنا ۔

جمنوٹیا (مذکر) رقم ضمانت یا دھروت پر مقررہ منافع کا اضافہ ۔ ایسی ضمانتی رقم کا جو غیر معین مدت تک جمع رکھی جائے سود ۔

جوکھوں (مونث) امانتی چیز ــــ وہ جنس جس کی حفاظت کی ذمے داری رکھنے والے پر ہو ۔ مہاجنی اصطلاح میں عام طور سے نقد رقم یا زیور کو کہتے ہیں جس کی حفاظت اور نگرانی لازمی ہو ۔

جوگ (مذکر) ہُنڈی کی رقم وصول کرنے والا جس کے نام کی نشان دہی ہُنڈی میں کی گئی ہو یعنی جس کا نام ہُنڈی میں لکھا ہو ۔

چھوڑ چِٹھی (مونث) فارغ خطی ۔ رقمِ قرضہ کی بے باقی کی چِٹھی ۔ مطالبہ قرضے سے دست برداری کی تحریری سند ۔ رقعہ دست برداری ۔

دَر رہنی (مونث) رہن در رہن ۔ کسی چیز کے رہن کی تجدید جو عام طور سے سال کے ختم پر مہاجن اپنی آسامیوں یا قرض داروں سے اصل اور سُود ملا کر کُل رقم کا نیا رہن نامہ لکھوا لیتے ہیں ۔

درشنی ہُنڈی (مونث) عند الطلب رقعہ جس کو پیش کرنے پر اُس کی مندرجہ رقم فوراً واجب الادا ہو ۔ یا وہ ہُنڈی جس پر میعاد ادائیگی رقم اور وصول کُنندہ کا نام درج ہو ۔

دست گرداں قرض (مذکر) دیکھو ہاتھ اُدھار اور پَینچا ۔

دسوترا (مذکر) وہ رقمِ قرضہ جس پر مہاجن دس فی صدی سُود وصول کرے ۔

دِہ نیمی (مونث) وہ رقمِ قرضہ جس پر مہاجن پانچ فی صدی سُود وصول

کرے۔

دینا (مصدر) قرضہ۔ رقم واجب الادا۔
ف ۱۔ جس کا جو کچھ دینا تھا دے دیا اب کسی کا دینا باقی نہیں ہے۔
ف ۲۔ آپ کا کچھ دینا آتا ہو تو بتا دیجیے۔

رقم (مونث) پونجی۔ راس المال۔ سرمایہ نقدی۔ قیمتی اشیا۔ مہاجنی اصطلاح میں زرِ اصل مراد لی جاتی ہے، جو لین دین میں کام آئے یا جس سے تجارتی کاروبار چلتا رہے۔

(اُتارنا) کسی کا آتا دینا۔ قرضہ ادا کرنا۔
ف ۱۔ تاجر نے اپنے ذمّے کی کُل رقم تھوڑی تھوڑی کر کے اُتار دی۔

(اُٹھنا) کسی چیز کی نقد رقم حاصل ہو جانا پوری رقم وصول ہو جانا۔
ف ۱۔ گرانی کی وجہ سے پرانے مال کی رقم بھی اُٹھ آئی۔

(برابر ہونا) لین دین کا حساب برابر ہو جانا۔ پوری رقم خرچ ہو جانا۔
۲۔ کاروبار میں نقصان کی وجہ پوری رقم کا ضائع ہو جانا۔
ف ۱۔ بمبئی کے سفر میں ساری رقم برابر ہو گئی۔
ف ۲۔ اس سال مال کے خرید و فروخت کی رقم برابر رہی۔
ف ۳۔ اناج کے گل جانے سے ساری رقم برابر ہو گئی۔

(دبانا) قرضہ یا کسی چیز کی واجب الادا رقم نہ دینا۔ روک لینا۔ انکاری ہونا۔

(ڈوبنا) ضائع جانا۔ نقصان ہونا۔
ف ۱۔ بنک کا دیوالہ نکلنے سے حصّے داروں اور کھاتے داروں کی رقم ڈوب گئی۔

(کھانا) رقم دینے سے انکار کر دینا۔
ف ۱۔ ساہوکار سود کے بہانے کاشت کار کی ساری رقم کھا گیا۔

(نکالنا) کسی کے ذمّے رقم واجب الادا بتانا۔
ف ۱۔ خریداروں کے ذمّے ایک بڑی رقم نکلتی ہے۔

(لگانا) کاروبار میں رقم خرچ کرنا یا پھیلانا
ف۔ اُس اپنی ساری رقم ٹھیکے میں لگادی۔
(مارنا) رقم واجب الادا دینے سے انکاری ہونا۔
ف۔ اسی ہنگامے میں بہت سے تاجروں کی رقم ماری گئی۔
(ملانا۔ جوڑنا) نقدی کا جمع خرچ دیکھنا۔ نقد آمدنی کا حساب لگانا۔
رہٹی (مونث) قسط بندی۔ رقم قرضے کی ادائگی جو سال کے بارہ مہینے جاری رہے یعنی اس کا مسلسل اور مقررہ دوَر بندھا رہے جس طرح رہٹ کے پانی کا دوَر بندھا رہتا ہے۔
اس قرضے کی وصولی کا یہ طریقہ ہوتا ہے کہ مہاجن زر اصل پر سوُد بڑھاکر زرکل کو سال کے بارہ مہینوں پر تقسیم کرکے ماہ بہ ماہ مقررہ رقم وصوُل کرتا رہتا ہے۔
(چلانا۔ باندھنا)

ساہ جوگ ہُنڈی
شاہ جوگ ہُنڈی
(مونث) وہ ہُنڈی جس کی رقم اصل نام بُردہ کے علاوہ اُس کے کسی کارندے کو یا جو شخص ہُنڈی لے کر آئے ادا کردی جائے۔ جیسے بنک کا وہ چک جس پر لفظ بیارر یا اوڈر لکھا ہوتا ہے اور ہر حامل چک کو واجب الادا ہوتا ہے۔
ساہوکار (مذکر) رقمی لین دین کا کاروبار کرنے والا سرمایہ دار۔
ساہوکارا (مذکر) ساہوکاروں کی انجمن یا بازار۔
سکارا۔ (مذکر) ہُنڈی قبول کرنے یعنی منظور کرنے کی کٹوتی یعنی وہ ہُنڈی جو قبل از میعاد وصول کی جائے اُس کی پیشگی رقم دینے کا منافع۔
سکارنا (مصدر) رقم ادا کرنے کے لیے ہُنڈی قبول کرنا۔ (دیکھو ہُنڈی)۔
(سنسکرت سری کارا بہ معنی قبولیت)
سماچار (مونث) وہ تحریری یادداشت جو ہُنڈی لکھنے والا ہُنڈی قبول

کرنے والے کے نام ہُنڈی کی
رقم ادا کرنے کو اُسی روز علیحدہ
لکھ بھیجے۔ جو دھوکے یا چوری سے
بچنے کے لیے بطور اجازت نامے
کے ہو۔ جب تک اس قسم کی
تحریر نہیں پہنچ جائے ہُنڈی قبول
کرنے والا ہُنڈی قبول نہیں کر سکتا
سمے دستخط (مذکر) رجسٹر یا کھاتہ لین دین
(قبض الوصول) میں کسی رقم کی
وصولی کے رسیدی دستخط۔
سوُد (مذکر) بیاج (بیاز) زرِ اصل کا
جو قرض دی جائے منافع جو
مختلف شرح سے لیا جاتا ہے۔
سوٗ سوایا (مذکر) اصل سرمایے پر ۲۵ پچیس
فی صد سوُد جو عام طور سے مہاجن
کاشت کار سے لیتا ہے۔
صرّافہ نانوا (مذکر) دیکھو نانوا۔
مہاجنوں کی کوٹھی کے برہمن ملازمین
کا شادی بیاہ کے موقع پر نیگ
دینے کی نام واری فہرست جو
بطور یادداشت رکھی جاتی ہے۔

ضامن (مذکر) قرض دار کی ضمانت
دینے والا۔
فارغ خطی (مونث) دیکھو چھوڑ چٹھی۔
قِسط بندی (مونث) دیکھو رہٹی۔
کھوکھا ہُنڈی (مونث) وہ ہُنڈی
جس کی رقم ادا کر دینے کے بعد
خارج یا منسوخ کر دی گئی ہو،
اور بہ طور فردِ حساب یا رسید
بے باقی رقم سمجھی جائے۔
لینے جوگ ہُنڈی (مونث) قابلِ قبول
ہُنڈی یعنی وہ ہُنڈی جس سے
انکار نہ کیا جائے۔
مایا (مونث) سرمایہ، دولت، راس المال۔
کہاوت:۔
دُکھدا میں گئی جان۔ مایا ملی نہ رام
مول (مذکر) سنسکرت بہ معنی اصل رقم
اور بیاج بہ معنی سود۔ مول
بیاج مُراد زرِ اصل اور سوُد۔
مہاجن (مذکر) بڑا بیوپاری۔ اصطلاح
عام میں رقمی لین دین کرنے والا
اور سوُد پر رقم دینے والا بیوپاری۔

کاشت کاروں میں مہاجنوں کے
چلتروں سے بیزاری پر ذیل کی
کہاوت مشہور ہے:۔
سات سُنہار، نو ٹھگ۔ سو ٹھگ، بنیا ایک
سو بنیے کو مار کے کاڑد مہاجن ایک
مہاجنی (مونث) مہاجنوں کی انجمن یا
کاروباری جماعت۔
میعادی ہُنڈی (مونث) وہ ہُنڈی جس
کی ادائگی کے لیے وقت مقرر ہو
اُس سے قبل اس کی رقم ادا
کرنا لازم نہ ہو۔ اس کو اصطلاحاً
مُہلت طلب اور وقت طلب
ہُنڈی بھی کہتے ہیں۔
نام جوگ ہُنڈی (مونث) وہ ہُنڈی
جس پر وصول کرنے والے کا
نام لکھا ہو اور اسی کو واجب الادا
ہو۔
نقدی (مونث) سرمایہ بصورتِ سکہ۔
ف۔ چور نے ساری نقدی
لے لی اور دوسری چیزوں کو
چھوڑ دیا۔

ہاتھ اُدھار (مذکر) دیکھو ہینچا اور
دست گرداں قرض۔
ہاتھ چِٹھی (مونث) انگریزی پاس بُک۔
فردِ حساب جس میں مہاجن کے
پاس رقم امانت یا جمع رکھنے کا
جمع و خرچ لکھا جاتا ہے۔ اور
لین دار کے پاس بہ طور سند رہتی
ہے۔
ہُنڈی (مونث) سنسکرت ہُنڈ بہ معنی
جمع کرنا۔ مہاجنی اصطلاح میں
وثیقہ وصولی رقم۔ رقمی ضمانت نامہ
یا رقعہ جس پر رقم وصول کی جائے۔

۵۔ پیشہ دُکان داری

آڑت / آڑھت (مونث) تجارتی مال کے خرید و فروخت کا معاملہ کرانے کا
معاوضہ۔ دستوری۔ کمیشن۔
سنسکرت آردہ بہ معنی تجارتی لین
دین اور ہندی میں آڑ بہ معنی
تجارتی مال کے خرید و فروخت کا
معاملہ کرانے کی کوشش مُراد

لی جاتی ہو۔
(لینا۔ دینا) تجارتی مال کا بازار میں فروخت کا معاملہ کرانے کا معاوضہ لینا۔
(لگانا) تجارتی مال کو فروخت کرنے کے لیے کسی بڑے تاجر یا کوٹھی دار کا توسط اختیار کرنا۔
آڑتیا] آڑتی] (مذکر) ایجنٹ (انگریزی) بازار میں تجارتی مال کا سودا کرانے والا کوٹھی دار جو خود بھی تجارت کرتا اور منڈی میں تجارتی مال لانے والوں کا شریک بھی ہوتا ہو۔ منڈی میں مال کی درآمد۔ برآمد اور طلب و رسد کے حالات سے واقف ہوتا ہو اور اس لیے تجارتی مال کا نرخ آڑتیے کے اندازے اور قرارداد پر قائم ہوتا ہو جو کاروباری اصطلاح میں بازار کا بھاؤ کہلاتا ہو۔
۲۔ آڑتیے کو تنک دار بھی کہتے ہیں کیوں کہ آڑت پر آئے ہوئے مال کا تولنا، تُلوانا بھی اسی کے ذمّے اور نگرانی میں ہوتا ہو۔ اس لیے اس کو اپنے ساتھ ڈنڈی دار بھی رکھنا ہوتا ہو۔
آنک] آنک] (سونث، تخمینہ، جانچ، تجارتی مال کی قیمت، تخمینی قیمتِ فروخت جو بہ موجب چلن بازار قیمت خرید کی سوائی یا ڈیوڑھی ہوتی ہو۔ آنک کی یادداشت کے لیے ہر دُکان دار اپنی اپنی مقررہ علامت رکھتا ہو جس کو بہ طور اشارہ خرید بہی میں لکھ دیتا ہو (ڈالنا)
آنکڑا (مذکر) علامت۔ نشانی۔ ہندسہ۔ جو آنک کے لیے بہ طور اشارہ درج کھاتہ کیا جائے۔ دیکھو آنک۔
۲۔ وہ نشان جو ہر تاجر اپنے تجارتی مال پر اپنے مال کی خاص علامت کے طور پر ڈالے۔ ٹریڈ مارک (انگریزی)
اُترا ہوا مال (مذکر) تجارتی مال جو ایک مقررہ مدت گزرنے پر خراب ہو گیا ہو یا ہو جائے۔

اُٹھاوُنی (مونث) تجارتی مال کو منڈی میں بھیجنے کے لیے بیوپاری سے پیشگی رقم حاصل کرنا اور اس کے لیے معاہدۂ لین دین کرنا۔

اِجارہ (مذکر) کسی مال کی تیاری کا قانونی حق جو کسی صنّاع یا تاجر کو عطا کیا گیا ہو۔

اِجارے دار (مذکر) کسی مال کی تیاری کا قانونی حق رکھنے والا شخص۔ دیکھو اجارہ۔

اُچاپت (مونث) تجارتی مال کی نقد خریداری۔خوش خریدی یعنی بروقت خرید مال پوری قیمت ادا کرنا۔

اڈّا (مذکر) ٹھیا۔ پیشہ وروں کی مشترک اصطلاح۔ دُکان داروں میں دُکان دار کے دُکان پر بیٹھنے کی جگہ مُراد لی جاتی ہے۔

ف۔ کاروبار کے وقت دُکان دار اڈّا چھوڑ کر کہیں نہیں جاتا۔

ارزاں سوُدا (مذکر) دیکھو سستا سودا۔

اُڑتی تول (مونث) کستی تول۔کمتی تول۔ ترازو میں تولنے کا ایسا طریقہ جس میں جنس والے پلڑے کی ڈنڈی کا سرا کسی قدر اُوپر کو اُٹھتا رہے۔

ف۔ گھٹیا دُکان دار ہمیشہ اُڑتا تولتا ہے۔

اُگاہی | اُگھائی (مونث) تجارتی مال کے فروخت کی واجب الادا رقم کی مقررہ وقت پر وصولی کا کام۔ (کرنا)

آل بل (مذکر۔مونث) تجارتی مال کے بازاری بھاؤ میں کمی یا بیشی۔

ف۔ اس مال کی قیمت میں کچھ آل بل نہیں ہے۔ بازار میں تحقیق کرلو۔

ف۲۔ بیٹ نے قیمت میں کچھ آل بل نہیں رکھا۔ بازار کے بھاؤ دام لگائے ہیں۔

الٰہی گز (مذکر) عہدِ اکبری کا گز جو انگریزی عہد کے گز سے قریب ڈھائی گرہ (چار انچ) بڑا ہوتا تھا۔ اس کے مقابلے عمارتی گز اسی قدر کم ہوتا تھا۔

امانی (مونث) تجارتی کارخانوں میں تاجر کا اپنی ذاتی نگرانی میں مزدوروں کو اُجرت دے کر کام لینے کا طریقہ جو ٹھیکے (ٹھیکے) پر کام لینے کے برعکس ہوتا ہے۔

اناجی بہی (مونث) آڑتیے (کوٹھی دار) کا وہ کھاتہ جس میں صرف غلّے کی درآمد و برآمد کا حساب لکھا ہو

انک (مذکر) دیکھو آنکڑا۔ حسابی عدد کا اصطلاحی نام۔

اوُرنگ (مذکر) صنعتی شہر یعنی وہ مقام جہاں بڑے بڑے صنعتی کارخانے ہوں۔

اونے پونے (مذکر) دُکان داروں کی اصطلاح مُراد تجارتی مال کی قیمت خرید کی آدھی یا پاؤ قیمت جو نقصان سے وصول ہو۔

(کرنا) بلا لحاظِ نقصان مال فروخت کرنا۔

ف۔ دُکان دار نے ایک دن میں سارے مال کے اونے پونے کر کے دُکان بند کردی۔

ایرا پھیری (مونث) آرجار۔ کسی جنس کا باہمی تبادلہ یعنی کسی ایک جنس کے بدلے میں دوسری جنس کا باہمی لین دین (کرنا)

ایک بات (مونث) ایک قیمت۔ ایک دام۔ دُکان داروں کی اصطلاح مُراد کسی تجارتی مال کی مقررہ قیمت فروخت بلا کم و بیش بتانا۔

ف۔ میں نے کُل سامان کی ایک بات کہہ دی ہے بھاؤ چُکانے کی ضرورت نہیں۔

ایک قیمت (مذکر) دیکھو ایک بات۔

باردانہ (مذکر) دُکان داروں کی اصطلاح لفظ باردار یا بار دارہ کا غلط تلفظ۔ مُراد تھیلے، ڈبے، صندوق، پٹار اور اسی قسم کی دوسری چیزیں جس میں تجارتی مال بھر کر منڈیوں میں بھیجا جاتا ہے۔

بازار (مذکر) شہر یا بستی میں تجارتی

کاروبار کے مستقل مقام جہاں ہر قسم کے تاجروں کی دکانیں ہوتی ہیں۔
(اُترنا) دکانداروں کی اصطلاح میں کسی تجارتی مال کی قیمتِ فروخت عام طور سے گھٹ جانا یا کم ہو جانا۔
(بھرنا) وقتی اور عارضی بازار لگنا۔
۲۔ بازار میں بیوپاریوں کا جمع ہو جانا۔
(تیز ہونا۔ چڑھنا) دکانداروں کی اصطلاح مُراد تجارتی چیزوں کی قیمتیں عام طور سے بڑھ جانا۔
(گرنا۔ مندا ہونا) تجارتی مال کے خرید و فروخت میں معمول سے زیادہ کمی واقع ہونا۔ مال کی نکاسی گھٹی رہنا۔
(بھاؤ) تجارتی مال کے خرید و فروخت کا عام بازاری نرخ۔ قیمتوں کا تعین
باقی تحویل (مونث) سلک وہ رقم جو تجارتی مال کے خرید و فروخت کا حساب بند کرنے پر جمع و خرچ کی میزان کے بعد باقی رہے۔

بانگی (مونث) کسی چیز کا نمونہ جو پسند کے لیے دیا یا دکھایا جائے۔
(دینا۔ دکھانا)
بٹا کھاتا (مذکر) ناوہندہی۔ وہ کھاتا جس میں ایسی رقوبات درج ہوں جن کے وصول ہونے کی اُمید نہ ہو یعنی جو قرض داروں پر رہ گئی ہوں اور نقصان کے شمار کے لیے ان کو لکھ رکھا جائے۔
بٹ کر (مذکر) دیکھو دلّال۔
بٹنا بہ معنی مال فروخت کرنا یا مال کی فروخت کے لیے گاہک لگانا
۲۔ دلّالی کمیشن۔
بٹنا (مصدر) دکانداروں کی اصطلاح مُراد مال فروخت کرنا۔ نفع پیدا کرنا۔
بدنی / بدھنی (مونث) سطے۔ سنسکرت ودّ بہ معنی مال کے خریدنے کی بات کرنا۔ قول لینا یعنی کسی تجارتی مال کی تیاری سے قبل

قیمتِ خرید مقرر کرکے قول و قرار کرنا۔ متقل کے بازی بھاؤ کا اندازہ لگاکر قیمت خرید کا تعین بطور سٹّہ۔ عام طور سے غلّے کا کاروبار کرنے والے تاجر رسد و طلب کا اندازہ لگاکر کاشت کاروں سے ان کی پیداوار کا کرتے ہیں۔

(کرنا) لفظ باندھنا کا اصطلاحی تلفظ

بِدھ (مونث) جوڑ۔ میزان۔ تجارتی مال کی بکری کی رقم کا فروخت شدہ مال سے مقابلہ اور پڑتال۔

(ملنا۔ ملانا۔ لگانا)

بِدھ بہی (مونث) جمع و خرچ کا کھاتہ۔ حساب کھاتہ جس میں آمدنی و خرچ کے اندراجات نکاسی اور خرید کی میزان لکھی جاتی ہو۔

برآمد (مونث) نکاسی۔ دیکھو درآمد اور دِساور

بِساط (مونث) پونجی۔ سرمایہ۔ راس المال

بِساطی (مذکر) معمولی اور ہر وقت کی ضرورت کا سامانِ خانہ داری فروخت کرنے والا تاجر۔

بُکٹا (مذکر) چنگل۔ مٹھی بھر بانگی جو عام طور سے غلّے کے بیوپار میں اناج کے ڈھیر کے اندر ہاتھ ڈال کر مٹّھی بھرنے کو کہتے ہیں۔

(بھرنا)

بِکری (مونث) تجارتی مال کی بازاری فروخت۔ نکاسی۔ (ہونا)

فٗ: باہر سے مال کی مانگ نہ ہونے سے بِکری کم ہوگئی ہے۔

بل (مذکر) دیکھو الَ بل (ادل بدل کا اصطلاحی تلفظ)

(نکالنا) قیمتِ فروخت کی زیادتی کو کم کرنا۔

بنج (مذکر) سنسکرت و نجیا بمعنی پیشہ۔ لین دین۔ خرید و فروخت سامان ضروریات زندگی۔

بنجی (مذکر) تجارتی کاروبار کرنے والا۔ بنج کرنے والا۔

بنیا (مذکر) غلّہ فروش دکان دار۔

بورا (مذکر) اناج بھرنے کا ٹاٹ کا تھیلا چھوٹے کو بوری کہتے ہیں۔

بولی (مونث) بات، قول، کسی چیز کے مجمع عام میں فروخت (نیلام) پر خود اپنے ارادے اور خواہش سے قیمتِ خرید کا اظہار۔ اس طرح کے فروخت میں سب سے زیادہ قیمت دینے والے کو مال فروخت کیا جاتا ہو۔ (بولنا ـ دینا، ف ا ۔نیلام (ہرّاج) میں خریدار اپنے اپنے اندازے کے مطابق فروخت کی جانے والی اشیا کی بولی بولتے ہیں۔

بونی }
بوہنی } (مونث) دست لابھ ـ کسی تاجر یا دُکان دار کے مال کے فروخت کی پہلی آمدنی یا اشیائے تجارت کے فروخت کی ابتدا۔ (کرنا ـ ہونا)

بوہرا }
بُہرا } (مذکر) بیوپاری ـ تجارتی کاروبار کرنے والا شخص گجراتی لفظ بہر گت یا بوہرگت بہ معنی بیوپار۔

بہی (مونث) تجارتی حساب کتاب کا کتابچہ یا روزنامچہ ـ پوتھی جس میں تجارتی حساب کتاب اور لین دین لکھا جائے۔

بہی کھاتا (مذکر) تجارتی حساب کتاب کی پوتھی (رجسٹر) جس میں روز مرّہ کا لین دین درج ہو۔
۲۔ اسم واری کھاتا۔

بیانہ (مذکر) عربی لفظ بیعانہ کا غلط تلفظ۔ (دیکھو بیعانہ)

بیجک (مونث) نرخ نامہ ـ فردِ قیمت اشیائے فروخت شدہ یا تفصیلی پرچہ بکریٔ مال جو کارخانے دار یا تاجر مال کا تفصیلی نرخ لکھ کر بیوپاری کو دے۔

بیجک بہی (مونث) درآمدِ مال کے نرخ نامے کے اندراجات کا کھاتا (رجسٹر)

بیعانہ (مذکر) سائی بیانہ ـ قیمت خرید سے کچھ رقم کی ادائگی بہ طور تصدیق معاہدۂ خریداری جو خریدار بیچنے والے کو معاہدۂ خریداری کی ضمانت کے لیے دے۔
(دینا ـ لینا)

(کرنا۔ ہونا) کسی چیز کے خریدنے کا
معاملہ طے پانا۔ پکّا ہونا۔
(پانا) رقم بیعانہ وصول ہونا۔

بیوپار } (مذکر) تجارتی کاروبار۔ اشیائے
بیوہار } مایحتاج کی خرید و فروخت۔
دیکھو بَنج۔

ف۱: آج کل کپڑے کا بیوپار
بہت بڑھ گیا ہے۔

بیوپاری (مذکر) تجارتی کاروبار کرنے والا
سوداگر۔

ف۱: فصل پر منڈی میں باہر
سے بیوپاری بہت آتا ہے۔

بھانجی } (مونث) تجارتی مال کی
بھانجی مارنا }
خرید و فروخت کے معاملے میں
رخنہ ڈالنا، وہم دِلانا، بدگمانی
پیدا کرنا، بگاڑ ڈالنا، اُچٹانا۔
سودا بگاڑنا۔

بھانجی خور (مذکر) تجارتی مال کی خرید
و فروخت میں بگاڑ ڈالنے والا۔
معاملہ اُچٹانے والا۔

بھاؤ (مذکر) تجارتی مال کی بازاری
قیمت جو طلب اور رسد کے
اصول پر مقرر ہوئی ہو جو کاروباری
اصطلاح میں بازار کا بھاؤ کہلاتا ہے۔
(ٹھیرانا، چُکانا، طے کرنا، کرنا) اہلِ
معاملہ کی باہمی رضامندی سے
تجارتی مال کی قیمت مقرر کرنا۔
(ٹھیرنا۔ بننا) تجارتی مال کی بازاری
قیمت مقرر ہو جانا۔
(بڑھنا۔ تیز ہونا۔ چڑھنا) کسی
مال کی مقررہ بازاری قیمتِ
فروخت میں زیادتی ہو جانا۔
(چڑھانا) مال کی معمولی بازاری
قیمتِ فروخت میں زیادتی کرنا۔
(اُترنا۔ گرنا۔ گھٹنا۔ نیچا ہونا۔ مندا
ہونا) مال کی معمولی بازاری قیمت
میں کمی واقع ہونا۔
(نکلنا۔ نکالنا) مال کی بازاری قیمت
مقرر پانا۔
(بگاڑنا) مال کے عام بازاری
نرخ میں خرابی پیدا کرنا۔ ہونا۔

بھاؤ اُپ سوایا (مذکر) کسی تجارتی مال

کے اصل بھاؤ یعنی بازاری بھاؤ
پر ۲۵ فی صدی نفع۔
بھاؤ تاؤ (مذکر) تجارتی مال کی بازاری
قیمت جانچ پرتال کے ساتھ۔
تصدیق کے ساتھ۔
بھنڈ ساری (مذکر) بھنڈاری۔ آڑتیا۔
اناج کا کھتے دار یا ذخیرہ رکھنے
والا تاجر۔
پُتلی گھر (مذکر) تجارتی مال کی تیاری
کا کارخانہ جہاں کلوں کے ذریعے
مال تیار کیا جاتا ہو۔
پٹّا لوٹنا | پٹّا اُلٹنا (مصدر) ٹاٹ اُلٹنا۔ دُکان دار
کی اصطلاح مُراد دیوالا نکالنا۔
دیوالیہ ہونے کے اعلان کا ایک
طریقہ جس میں دُکان دار دُکان
کھول کر اپنے بیٹھنے کی گدّی کو اُلٹ
دیتا ہو اور اپنی جگہ سے علیحدہ
ہو کر ایک طرف بیٹھ جاتا ہو۔
اس عمل سے بازار میں اُس کے
دیوالیہ ہونے کا اعلان اور
ساتھ ہی اُس سے کاروبار کرنا
بند کر دیا جاتا ہو۔
پٹنا (مصدر) تجارت کے قرضے کی رقم
وصول ہونا۔ آتا پانا۔
ف۔ دُکان بند کرنے سے قبل
قرض داروں سے کُل رقم پٹ
گئی اور کسی سے لینا باقی نہیں رہا۔
پرتا | پڑتا (مذکر) پڑت۔ دربندی۔ نرخِ
قیمتِ خرید۔ اصل لاگت جو
کسی چیز کی تیاری میں آئے۔
پرتال | پڑتال (مونث) پرتل۔ پڑتل۔ پرتلا
جمع و خرچ کا مقابلہ۔ جانچ۔
۲۔ وزن یا ناپ کے پیمانے کی پرکھ
(کرنا) جانچنا، مقابلہ کرنا، بِدھ ملانا
پڑتالنا۔
پرتلا (مذکر) دیکھو پرتال۔
پرچہ بِکری (مونث) تجارتی سامان کے
فروخت کرنے کا تصدیقی رُقعہ۔
اقرار نامہ جو فریقین میں معاملہ
طے پانے کا ضامن ہو اور بیچنے
والا خریدار کو دے۔
پرچہ خریدی (مونث) سامان کے خریدنے

کا اقراری رُقعہ جو خریدار بیچنے والے
کو لکھ کر دے۔

پُرزہ لگانا (مصدر) بیوپاریوں کی اصطلاح
مُراد خرید شدہ سامان پر پرچہ یادداشت
بہ طور نشانی چپکا دینا تاکہ مال کے
بدلے جانے کا اِمکان نہ ہو۔
اس پرچے پر تعداد اور وزن وغیرہ
لکھ دیا جاتا ہے۔

پرکھی (مونث) اناج کے سربند تھیلے
میں سے نمونہ نکالنے کا آلہ۔ بعض
دُکان دار دیکھا پرکھی کہتے ہیں۔

پرکھی

پرکھیا (مذکر) دیکھو آنکو۔

پُڑا (مذکر) معمولی مقدار کی خشک
جنس رکھنے کو مختلف شکل کی
بنائی ہوئی کاغذ کی تھیلی یا پوٹلی۔

پڑت (مونث) دیکھو پرتا (پڑتا) کل
اخراجات جو کسی تجارتی مال کی تیاری
یا خریداری میں پڑیں۔

(پڑنا) حقیقی اخراجات کا وصول
ہونا۔

ف ا: منیر کو ان داموں
فروخت کرنے میں پڑت
نہیں پڑتی۔

(پھیلانا، لگانا، دیکھنا) کسی مال
کی تیاری کے اخراجات کا تفصیلی
حساب دیکھنا۔ کُل لاگت کی میزان
ملانا۔

پڑتا (مذکر) دیکھو پرتا۔

پڑتال (مونث) دیکھو پرتال۔

پڑتالنا / پرتالنا (مصدر) دیکھو پرتال کرنا۔

پڑت کھاتا (مذکر) کسی تجارتی مال کی تیاری
یا خرید کے اخراجات کے اندراجات
کا کھاتہ (رجسٹر)

پُڑیا (مونث) پُڑے کا اسم مُصغر
دیکھو پُڑا۔

پنساری (مونث) لفظ بھنڈساری کا اُردو تلفظ۔ سنسکرت لفظ پنیاشالا بہ معنی غلّے کا کوٹھا یا مختلف قسم کی جنس کا گودام، اور بھنڈساری سے مُراد کوٹھی دار یا تھوک فروش ہے۔ اُردو میں کرانہ فروش کو کہتے ہیں جو ہر قسم کے سالے، خشک میوے اور دیسی دوائیاں (جڑی بوٹی اور نمک) کا بیوپار کرے۔

پتا (مذکر) بہی کھاتے کا ورق۔

پوتھی (مونث) کچّا کھاتا۔ نامکمل حساب جمع و خرچ کے متفرق کاغذ جو نتھی کر کے بہ طور مسودہ محفوظ رکھے جائیں۔

پیٹا (مذکر) بہی کھاتے کے پنّے (ورق) کا تن۔ یعنی حاشیے کے اندر کی جگہ مُراد اصل تحریر جو صفحے کا حاشیہ چھوڑ کر لکھی جائے۔

پیٹی (مونث) بیٹھن بہ معنی گٹھری کا گجراتی تلفظ جو بمبئی اور نواحِ بمبئی میں اصطلاحاً صندوق کے لیے بولا جانے لگا ہے۔

پیسے کھرے کرنا (مصدر) دُکان داروں کی اصطلاح مُراد مال فروخت کر کے نقد رقم جمع یا وصول کر لینا۔

پیکار (مذکر) گماشتہ۔ ایجنٹ۔ تجارتی دلّال وہ شخص جو بازار میں پھر کر تجارتی مال کی خرید و فروخت کا معاملہ کرائے۔

پینٹ / پینٹھ (مذکر) پیٹ۔ تھڑی۔ عارضی (اُٹھاؤ) تجارتی منڈی یا بازار جو کسی خاص مقام اور مقررہ وقت پر بھرے یعنی تجارتی مال کی خرید و فروخت کے لیے لگایا جائے۔

پھٹکر فروش (مذکر) خوردہ فروش۔ چلّر فروش۔ تھوڑی اور کم مقدار میں جنس بیچنے والا دُکان دار۔

پھڑیا (مذکر) وہ معمولی سودا فروش جس کی بازار میں کوئی مستقل دُکان نہ ہو بلکہ بازار میں سرِراہ جہاں موقع اور ضرورت دیکھے

وہاں چھوٹی سی جگہ میں اپنا مختصر
سامانِ تجارت لگاکر بیٹھ جائے۔
پھڑ بہ معنی سطحِ زمین یا راستے کے
کنارے چھوٹا ہموار قطعۂ آراضی
اصطلاحاً بازار کی سڑک کے کنارے
کی جگہ (تہ بازار)

پھیری والا (مذکّر) روزمرہ کے استعمال
کا مختصر تجارتی سامان لیے ہوئے
گھر گھر پھر کر بیچنے والا سوداگر۔

تاجر (مذکّر) تجارت کرنے والا۔ سوداگر
بیوپاری۔

تالابند پنّا (مذکّر) بہی کھاتے کا اسم داری
پنّا یا پنّے (صفحے) جو ایک ہی
شخص کے حساب یا ایک ہی قسم
کی جنس کے جمع و خرچ کے
اندراجات کے لیے مخصوص ہوں

تاوان (مذکّر) ڈنڈ، ہرجہ، نقصان کا
بدل، بگاڑ کی تلافی (لینا۔ ڈالنا)

تجارت (مونّث) بیوپاری کاروبار۔ بنج۔

تلائی (مونّث) دیکھو جُکھائی۔

تولنا (مصدر) کسی جنس کو کسی وزن
کے برابر کرنا۔

تہ بازاری (مونّث) پھیری پھر کر یا بازار
میں سڑک کے کنارے بیٹھ کر
سودا بیچنے کا محصول جو محکمۂ چنگی
کی طرف سے وصول کیا جائے۔
تفصیل کے لیے دیکھو پھڑیا۔

تھڑی (مونّث) دیکھو پینٹھ۔ (لگنا۔ لگانا)

تھوک (مذکّر) سربند مال۔ کسی تجارتی
مال کی مجموعی حیثیت۔

تھوک فروش (مذکّر) وہ سوداگر جو مال
کو مجموعی حیثیت سے فروخت
کرے اور متفرق طور پر نہ بیچے۔

ٹاٹ اُلٹنا (مصدر) دیکھو پٹّا تومنا۔

ٹالی (مذکّر) ٹہل کرنے والا۔ تاجر کا
مال پھیری پھر کر بازار میں بکوائے
اور معاملۂ تجارت کرانے والا
دلّال۔

ٹپّڑ / **تپّڑ** (مذکّر) دُکان دار کے بیٹھنے
کی گدّی۔
(اُلٹنا) دُکان دار کا دیوالا نکلنا۔

ٹٹ پونجیا (مذکّر) ٹکا سی یٹ ٹکے کا

بازاری تلفظ۔ پونجیا پونجی رکھنے والا مُراد ادنےٰ درجے کا کم حیثیت دُکان دار۔

ٹکاسی (مذکر) دیکھو ٹٹ پونجیا۔ پیسے، پیسے اور دو، دو پیسے کا سودا بیچنے والا دُکان دار خوردہ فروش۔ چلر فروش۔

ٹوٹا (مذکر) نقصان، گھاٹا، کمی۔ (آنا۔ پڑنا۔ ہونا) تجارت میں نقصان آنا۔

ف: اس مال کی فروخت میں بڑا ٹوٹا آیا رُپے کے بارہ آنے ہو گئے۔

جاکڑ / جانکڑ } (مذکر۔ مونث) کچی بکری۔ پسند نہ آنے پر مال کے واپس لینے کا اقرار، پرکھنے اور پسند کرنے کی شرط پر تجارتی اشیا کا لین دین۔

جاکڑ بہی (مونث) تاجر کا کچا کھاتا جس میں مال کی بکری پسند کی شرط کے ساتھ لکھی جائے۔

جاچندار (مذکر) دیکھو آنکو۔

جُکھائی (مونث) تُلائی۔ منڈی میں بیوپاری کا مال تولنے کی اُجرت۔ آڑتیے کا حق۔ دیکھو آڑتیا فقرہ ۱۲

جمع جھڑتی (مونث) سارے دن کی بکری کی رقم سے جمع اور خرچ کی سلک (بچت) جو آخر میں باقی رہے۔

جوکھا (مذکر) تُلیّا۔ ڈنڈی دار۔ آڑتیے کے ہاں تول کا کام کرنے والا۔

جوکھنا (مصدر) تجارتی منڈی میں بیوپاری کا مال تولنا

۲۔ مال کے تولنے کی اُجرت۔ جُکھائی۔

جوکھ لینا (مصدر) ہاڑ لینا۔ ترازو کی ڈنڈی کے دونوں سروں کو برابر کرنا۔ پاسنگ دیکھنا۔

جوکھوں / جوکھم } (مونث) تاجروں اور صرافوں کی اصطلاح مُراد نقد رقم یا زیور وغیرہ جس کے چوری جانے کا اندیشہ ہو۔

جوکھ کھاتا / جوکھاتا } مذکر) کپڑا بیچنے والوں (بزازوں)

کی اصطلاح مُراد منافع ہی یعنی
وہ کھاتا جس میں روزانہ خرید و
فروخت کا نفع لکھا جائے۔
جھڑتی (مونث) سیلک۔ دیکھو جمع جھڑتی
روزنامچہ جمع و خرچ کی فاضل رقم۔
چِٹ نویس (مذکر) دیکھو مُنیب۔
چِٹھا (مذکر) سال بھر کے تجارتی جمع
و خرچ کا حساب یا لین دین کا
میعادی حساب (بنانا)
(بانٹنا) لین دین کا حساب چکانا
چِٹھابہی (مونث) میزانیہ کھاتا۔ سال بھر کے
جمع و خرچ کے حساب کا کھاتا۔
چُکانا (مصدر) چکتانا۔ چکوتا کرنا۔ کسی
تجارتی مال کی قیمت ٹھیرانا۔
۲۔ کسی کا آتا دینا۔ قرضہ ادا کرنا۔
لین دین کا حساب بے باق کرنا۔
چُکتانا (مصدر) دیکھو چکانا۔
چکوتا کرنا } (مصدر) دیکھو چکانا۔
چلر فروش (مذکر) دیکھو ٹٹ پونجیا اور ٹکاسی۔
چُنگی } (مونث) آڑتیے کا حق۔ منڈی کی
چُنگلی } رسم۔ تفصیل کے لیے دیکھو
پیشہ کاشت کاری جلد ششم)
چھلونی (مونث) دیکھو روکھن (روکن)
خُردہ فروش } (مذکر) دیکھو ٹٹ پونجیا
خوردہ فروش } اور ٹکاسی۔
خریدار (مذکر) دیکھو گاہک۔
خوانچہ والا (مذکر) دیکھو پھیری والا۔
خوش خریدی (مونث) بازار کے بھاؤ
پر نقد قیمت دے کر مال خریدنے
کا طریقہ۔
بندی یا بدنی کی ضد۔ دیکھو بدنی۔
دام (مذکر) تفصیل کے لیے دیکھو پیشۂ
مہاجنی۔ سوداگری اصطلاح میں
کسی چیز کی قیمت مُراد لی جاتی ہے۔
(چکانا۔ کوتاہ کرنا) کسی چیز کی قیمت
طے کرنا۔
(لگانا) کسی چیز کی قیمت کہنا یا قیمت
قرار دینا۔
(چڑھنا۔ چڑھانا) کسی چیز کی قیمت
عام نرخ سے زیادہ ہونا یا کرنا۔
(بگاڑنا) کسی چیز کا بھاؤ بگاڑنا۔
در (مونث) سربند مال کا نرخ یا

بھاؤ عددی قیمت جو فی عدد ایک مقررہ مقدار کے لیے ہو۔
ف ا: سونا پچیس رُپے تولہ کی در سے خریدا گیا تھا۔
درآمد (مونث) دیکھو دِساور۔ بیرون مُلک سے تجارتی مال کی آمدنی۔
ف ا۔ آج کل کپڑے کی درآمد بند ہو۔
درکٹ } درکٹی } (مونث) منجانب پنچ بازار یا سرکاری کارندہ منڈی میں تجارتی مال کی قیمت فروخت کا تعین۔
ف ا۔ بڑے بڑے شہروں میں سرکار کی طرف سے روزانہ اشیاے خوردنی کی درکاٹی یعنی نکالی جاتی ہو۔
درماہانہ (مذکر) منڈی میں تجارتی مال کا ماہانہ نرخ مقرر کرنا۔
دِساور (مذکر) دیس آور۔ سنسکرت دیش اپارا بہ معنی دوسرا مُلک مُراد دوسرے مُلک سے تجارتی مال کی آمدنی یا لین دین (درآمد برآمد)
(تیز ہونا۔ چڑھا ہوا ہونا) بیرونِ مُلک سے آنے والے تجارتی مال کی قیمت بڑھ جانا یا طلب میں زیادتی ہونا۔
(اُترنا۔ بندا ہونا) بیرونِ مُلک سے آنے والے تجارتی مال کی قیمت گھٹ جانا یا طلب میں کمی واقع ہونا۔
دست لابھ (مونث) دیکھو بوتی۔ لابھ بہ معنی نفع پہلی بِکری جس میں نفع ہو۔
دستوری (مونث) دلالی۔ پردیسی مال کے درآمد اور برآمد کا محصول۔
بازاری اصطلاح میں تجارتی مال کی خرید و فروخت کا معاملہ کرانے کا مقررہ معاوضہ یا حقِ خدمت مُراد لی جاتی ہو جو رواجاً مقرر ہوتی ہو۔ (لینا۔ دینا)
دُکان (مونث) یونانی لفظ کا اُردو تلفظ مُراد بازار یا منڈی میں بیوپاری کے کاروبار کرنے کی مستقل جگہ جو عمارت کی شکل میں ہو۔
(کرنا۔ لگانا۔ کھولنا) تجارتی مال کے

لین دین کے لیے بازار میں دُکان قائم کرنا۔
(جمنا۔جمانا) دُکان کا کاروبار قائم ہو جانا یا قائم کر لینا۔
(چلنا۔چلانا) دُکان کا کاروبار ساکھ کے ساتھ جاری رہنا یا جاری رکھنا۔
(چمکنا) دُکان کے کاروبار میں ترقی اور شُہرت ہونا۔
(بیٹھنا۔پٹ ہونا) دُکان کا کاروبار بند ہونا یا خراب ہو جانا۔نقصان آجانا۔
(اُٹھانا) دُکان بند کر دینا چھوڑ دینا بازاری کاروبار ختم کر دینا۔
(بڑھانا) دن ختم ہونے اور تجارتی کاروبار بند ہونے پر دُکان بند کرنا جس کو نیک شگون کے لیے بڑھانا کہتے ہیں جیسے دسترخوان بڑھنا۔چراغ بڑھانا وغیرہ۔
دُکان دار (مذکّر) بازار میں دُکان لگانے والا بیوپاری۔
کہاوت: نامی دُکان دار کما کھائے نامی چور مارا جائے۔
دُکان داری (مونّث) دُکان کرنے کا دستور یا طریقہ (کرنا)
دلّال (مذکّر) گُماشتہ۔آڑتیے یا کوٹھی دار کا تجارتی معتمد (کمیشن ایجنٹ) جو اپنا ذاتی کاروبار نہیں رکھتا بلکہ آڑتیے (تاجر) کی طرف سے بازار میں تجارتی مال کا معاملہ کرتا ہے اور اس خدمت کے بدلے میں ایک مقرّرہ دستوری (معاوضہ) لیتا ہے اس لیے بیوپاری یا تاجر کا کارندہ سمجھا جاتا ہے۔
دلّالی (مونّث) تاجر یا بیوپاری کی طرف سے بازار میں تجارتی مال کے فروخت کرنے کا طریقہ، کار (کرنا۔کرانا) ۲۔ دلّال کی اُجرت۔
دیکھا پرکھی (مونّث) دیکھو پرکھی۔
دیوالا (مذکّر) نردھن۔تجارتی کاروبار کا ناقابلِ تلافی نقصان جس سے کاروبار بند ہو جائے۔
(نکلنا۔ہونا) تجارتی کاروبار میں

نقصان ہونے کی وجہ سے کاروبار بند ہوجانا۔

دیوالیا (مذکر) وہ بیوپاری یا تاجر جس کو تجارتی کاروبار میں گھاٹا آگیا ہو اور مال کی خرید و فروخت میں اتنا قرض دار ہوگیا ہو کہ قرضہ نہ اُتار سکے اور کم مایگی کا اعلان کردے (بننا۔ ہونا)

دھڑوائی (مونث) منڈی میں بیوپاری کے مال کی تُلائی کی اُجرت۔

ڈانڈیا (مذکر) ڈنڈی دار۔ منڈی میں تول کا کام کرنے والا۔ تُلّیا۔

ڈب (مونث) گانٹھ لفظ ڈبیا کا مخفف کاروباری اصطلاح میں تھیلی۔ نیولی یا بٹوہ مُراد لی جاتی ہے۔

مثال: ڈب میں پیسہ نہیں رئیں ایسی کریں جیسے رئیس۔

ڈنڈ (مذکر) دیکھو تاوان۔

رتی چمکنا (مصدر) قسمت جاگنا۔ کاروباری اصطلاح میں تجارت کا ترقی کرنا خوب نفع ہونا۔

رؤک (مونث) دیکھو رؤکن۔

رودکڑ (مذکر) تجارتی مال کی بکری کی نقد رقم۔

رودکڑ بہی (مونث) نقدی کھاتا۔ وہ بہی کھاتا جس میں نقد آمدنی یا نقد بکری کی جملہ رقم لکھی جائے۔

۲۔ مال کی بکری کا روزنامچہ جس میں ہر قسم کے مال کی بکری تاریخ وار درج کی اور پھر اس سے اسم واری کھاتوں میں نقل کرلی جاتی ہو۔

رؤکن / رؤکھن (مونث) جھلونی۔ تحویر۔ رؤک۔ سودے سُلف کی خرید و فروخت پر اُوپر کے جھگڑے کا حق جو اشیا کی تول یا ناپ کی کور کسر کے پورا کرنے کا دستور سمجھا جاتا ہو۔

۲۔ خریدار کے ملازم یا کارندے کا حق (دینا۔ لینا۔ کھانا)

رونّا (مذکر) تجارتی مال کی درآمد یا برآمد کا اجازت نامہ جو حکومت کی طرف سے دیا جائے۔

رکاٹنا۔ دینا، رجسٹر درآمد برآمد میں
اجازت نامہ کی اصل تحریر رکھ کر
نقل تاجر کو دینا۔
ساجھا (مذکر) تجارتی کاروبار میں شرکت
ساجھیا (مذکر) تجارتی کاروبار کا شریک
یا حصّے دار۔
سائی (مونث) لفظ صحیح کا اصطلاحی
تلفظ مُراد خرید و فروخت کے
معاملے کے صحیح ہونے یا کرنے کی
ضمانت۔ دیکھو بیعانہ (دینا۔ لینا)
ف: مطبع والے نے کاغذ خریدنے
کی سائی دے دی ہے۔
سائی بدائی کرنا مُراد خرید و فروخت کا معاملہ
پکّا کرنا۔ کسی کو سائی کسی کو بدائی (کہاوت)
سنتھیا (مذکر) تاجر کا اپنا مقرر کردہ مخصوص
نشان جو تجارتی مال پر بہ طور
علامت لگایا جائے۔
سٹّا (مذکر) دیکھو بدنی۔
سجل مال (مذکر) کھرا اور اچھا مال جس
میں کوئی نقص یا کسر نہ ہو۔
(یونانی لفظ بہ معنی مُہر ٹھپّا یا

طباعت وغیرہ اُردو میں مُہر زدہ
یعنی عمدہ اور مستند مال کے لیے
بولا جاتا ہے)
سستا سودا (مذکر) کم قیمت یا کم داموں
کا مال۔
کہاوت:
مہنگا روئے ایک بار سستا روئے بار بار
سنگھاڑا (مذکر) بازار کے تین راہے کے
میل پر تہ گھونٹا چھوڑا ہوا رقبہ
جہاں سے تین طرف سڑکیں
مُڑتی ہوں۔ بڑے شہروں
میں ایسے مقام پر چمن یا کوئی
قابلِ دید چیز بنا دیتے ہیں۔
سودا (مذکر) خرید و فروخت۔
ف: آج صبح سے بازار میں
کوئی سودا نہیں بنا۔
۲۔ سامانِ تجارت یا سوداگری۔
نمایش میں ہر قسم کا سودا تھا
اور خوب بِکری ہو رہی تھی۔
سُلف (مذکر) عربی لفظ بہ معنی فوری
تیار کی ہوئی غذا بیوپاری اصطلاح

میں روزمرّہ کی ضرورت کی معمولی
اشیا کی خرید و فروخت کے لیے
لفظ سودا کے ساتھ بولا جاتا ہے۔
(سودا سُلف)
ف: نوکر صبح سویرے سودا سُلف
لینے بازار چلا جاتا ہے۔
بھنڈے برداروں کی اصطلاح
میں لفظ سُلفہ تُرت تیار کیے ہوئے
حقّے کے معنوں میں استعمال ہوتا
ہے دیکھو پیشہ بھنڈے بردار۔
(بننا۔ پٹنا۔ ہونا۔ کرنا۔ چکانا۔ بگڑنا
ٹھیرنا۔ ٹھیرانا۔ دینا۔ دلوانا)
(کھانا۔ کھلانا۔ چاٹنا) کھانے پینے
کی چیزیں خرید کر کھانا۔ کھلانا۔
سوداگر / سودے والا (مذکّر) تجارتی مال کی خرید و فروخت کرنے والا۔
بیوپاری
سونے کی تول (مؤنث) کانٹے کی تول
بیوپاریوں کی اصطلاح مراد ٹھیک
برابر اور جچا تُلا وزن کرنے کا
عمل جس میں ذرا کمی و بیشی نہ ہو۔

سیٹھ (مذکّر) سنسکرت شرِشتھا بہ معنی بڑا
بیوپاری۔ بمبئی اور گجرات کے علاقے
میں بڑے سوداگر یا کوٹھی دار یعنی
تھوک فروش کو کہا جاتا ہے۔
غلق (مذکّر) گولک کا غلط تلفّظ۔ دیکھو
گولک۔
فرق کی بات (مؤنث) بیوپاری اصطلاح
مراد کسی چیز کی غلط قیمت یعنی
جس کے نرخ میں کمی کرنے کی
گنجائش ہو۔
قیمت (مؤنث) کسی چیز کا بازاری نرخ
یا بھاؤ۔
(اُترنا) کسی چیز کی بازاری قیمت
میں کمی ہونا۔
(چڑھنا) بازاری قیمت میں زیادتی
ہونا۔
(تڑانا) کسی چیز کی قیمت کم کرنا۔
کانٹے کی تول (مؤنث) دیکھو سونے
کی تول۔ اور لفظ کانٹا پیشہ
کانٹا سازی۔
کباڑ (مذکّر) سنسکرت کپالا بہ معنی

مختلف قسم کا پرانا اسباب۔
۲۔ مختلف قسم کی ترکاریوں کا کھیت
بعض مقامی بولیوں میں کنجڑے
کو بھی کہتے ہیں۔
کباڑخانہ (مذکر) مختلف قسم کے پرانے
اور ٹوٹے پھوٹے سامان کا گودام۔
کباڑیا (مذکر) ہر قسم کا پرانا اور ٹوٹا پھوٹا
سامان بیچنے والا۔
کپڑیا (مذکر) کباڑیے کا غلط تلفظ مراد
مختلف قسم کے تجارتی مال کا
چلر فروش (خوردہ فروش)
کٹوتی (مونث) فروخت شدہ مال کے
نفع کا کچھ حصہ جو خریدار کو نقد
قیمت ادا کرنے پر رعایتاً چھوڑ دیا
جائے (دینا۔ کاٹنا)
کچا چٹھا (مذکر) دیکھو جا کڑ بہی۔
کرانا (مذکر) سنسکرت کریناہ بمعنی مختلف
قسم کے۔ نمک۔ مسالے۔ جڑی
بوٹی اور خشک میوے وغیرہ
کرانا فروش (مذکر) دیکھو پنساری۔
کرد (مونث) حساب آمدنی و خرچ۔

کردی (مونث) روزانہ آمد۔ خرچ اور
باقی لکھنے کا بہی کھاتا۔
کردی دار (مذکر) وہ محاسب جس کے
سپرد روزانہ آمدنی۔ خرچ اور
باقی کا کھاتا ہو۔
کستی تول (مونث) دیکھو اڑتی تول۔
کسر دینا (مصدر) بیوپاری اصطلاح
مراد مال کی بازاری قیمت یا عام
بھاؤ سے دام کم کرکے دینا۔
کسر کھانا (مصدر) کسی چیز کے فروخت
میں نقصان اٹھانا یا نقصان
سے سامان فروخت کرنا۔
کسر نکالنا (مصدر) کسی چیز کے فروخت
میں نقصان ہو جانے کی بھرپائی کرنا۔
کسر (مونث) کمی۔ گھاٹا۔ نقصان۔
کم اترنا (مصدر) کسی چیز کی مقررہ کی
ہوئی تول میں کمی ہونا۔
کمتی بڑھتی بیچنا (مصدر) حسبِ ضرورت
اور حسبِ موقع قیمت کی کمی
یا بیشی سے مال فروخت کرنا۔
کمیشن (مونث) دیکھو دستوری اور دلالی۔

گُنتادار (مذکر) علاقۂ دکن اور بنگال میں گُتّے دار اور شمالی ہند میں ٹھیکے دار کہلاتا ہے۔ بیوپاری اصطلاح میں اُس تاجر کو کہتے ہیں جو بازار کے لیے کوئی تجارتی مال تیار کرانے کا حق رکھتا ہو۔

کوڑے کرنا (مصدر) بیوپاری اصطلاح مُراد تجارتی مال کو قیمت گھٹا کر فروخت کرنا کم سے کم قیمت پر جو ملے فروخت کرنا۔

کھاتا (مذکر) دیکھو کھاتا بہی (کھتیانا)

کھاتا بہی (مونث) تجارتی حساب کتاب لکھنے کا کتابچہ (رجسٹر)

کھاتا کھولنا (مصدر) کسی تاجر یا ساہوکار کے ساتھ لین دین کرنا اور رکھنا۔

ف۔ بڑے دُکان داروں نے بنک میں کھاتے کھول رکھے ہیں۔

کھتونی (مونث) کھاتے میں حسابی لین دین کے تحریری اندراجات (کرنا۔ کھتیانا)

کھرا دُکان دار (مذکر) سچا معاملہ کرنے والا بیوپاری۔

کھرتل۔ (مونث) سچائی اور دیانت داری۔ کھرتل بات۔ کھرتل سَودا۔

کھک (مذکر) وہ تاجر جس کو تجارت میں گھاٹا آنے سے مفلس ہو گیا ہو اور کاروبار کے لیے کچھ نہ رہا ہو۔

کھلا بھاؤ (مذکر) تجارتی مال کا عام بازاری نرخ جو سب کو معلوم ہو۔

گانٹھ (مونث) دیکھو ڈب۔ کہاوت:۔ آنکھوں کا اندھا گانٹھ کا پورا۔

گاہک (مذکر) خریدار (پٹنا) خریدار کے ساتھ فروخت کا معاملہ کرنا۔ خریدار بنانا۔

گُٹھونڈ (مونث) رقمِ امانت جو کسی مال کے لیے بہ طور ضمانت رکھی جائے۔

گَچّا (مذکر) دیکھو گولک۔ بِکری کی رقم رکھنے کا خانہ یا گٹھالی۔ (بھرنا)

گُدڑی (مونث) گُزری کا غلط تلفظ دیکھو گُزری۔

گُزریان (مذکر) پھیری والوں اور پھڑیوں سے تہ بازاری (کرایہ زمین) وصول کرنے والا۔ دیکھو پھڑیا اور تہ بازاری۔

گراں فروش (مذکر) بازار کے بھاؤ سے قیمت بڑھا کر بیچنے والا تاجر۔

گرانی (مونث) مہنگائی۔ تجارتی مال کی بڑھی ہوئی قیمت اور کمیابی ہونا۔

گِرہ کا رُپیہ (مذکر) ذاتی رقم یا سرمایہ۔

گُزری (مونث) وقتی اور عارضی بازار جو روزانہ عام گزرگاہ پر لگے۔

گلّا (مذکر) گولک۔ گنجا۔ تجارتی مال کی بِکری کی رقم رکھنے کا دُکان دار کا صندوقچہ یا ڈبہ (گٹھیا)

گُماشتہ (مذکر) دیکھو دلّال۔

گنج (مذکر) اناج اور دیگر زراعتی پیداوار کی منڈی جو شہر کے کسی مقام پر قائم ہو۔

گولک / غولک (مذکر) غُلّق۔ گنجا۔ دیکھو گلّا۔

گولک (غولک) یونانی لفظ بہ معنی نالی جو بیوپاریوں کی اصطلاح میں گلّا کہلاتا ہو اور گولک کا اصطلاحی تلفظ ہو گیا ہو۔

گھاٹا (مذکر) نقصان۔ کمی۔

(آنا۔ ہونا) مال کے فروخت میں نقصان آنا۔

(کھانا) نقصان اُٹھانا۔

(دینا) نقصان پہنچانا۔

گھنالابھ (مذکر) بہت زیادہ نفع جو تجارت میں حاصل ہو۔ لابھ بہ معنی نفع۔

لابھ کار (مذکر) جنس سے جنس کا نفع سے تبادلہ۔

لیکھا بہی (مونث) تجارتی کاروبار کا تفصیلی اور مکمل کھاتا۔

مارکٹ (مونث) دیکھو پینٹھ اور گُزری۔

مال (مذکر) پیشہ وروں کی مشترک اصطلاح مُراد وہ سامان جو اُن کی صنّاعی یا کاروباری ضرورت کا ہو۔ بیوپاریوں میں تجارتی سامان

مفہوم ہوتا ہو۔
(اُٹھانا) خریدا یا باہر سے آیا ہوا سامان قبضے میں کرنا۔
(تیز ہونا) تجارتی مال کا بھاؤ چڑھ جانا یا قیمتیں بڑھ جانا۔
(گرنا۔ مندا ہونا) تجارتی اشیا کی طلب میں کمی ہونا۔
(رُکنا) تجارتی سامان کا فروخت نہ ہونا۔ یا آمد برآمد بند ہوجانا۔
(نکالنا) مال فروخت کرنا۔ باہر بھیجنا۔

مانی (مونث) گیہوں کی ناپ کا پیمانہ جو اسّی تولے کے سیر سے پانچ من اور چھیانویں تولے کے سیر سے چار من وزن کا ہوتا ہو۔ چار مانی ناپ کا ایک منّاسی کہلاتا ہو۔ جو ۲۰ من وزن کے برابر ہوتا ہو۔

مُکیم (مذکر) مُحکم کا غلط تلفظ۔ تجارتی مال خصوصاً کپڑے کے اچھّے بُرے کی جانچ اور اس کی قسم مقرر کرنے والا پرکھیا۔

معاملت داری (مونث) بیوپاریوں کا باہمی تجارتی لین دین یا کاروبار کرنا۔

منّاسی (مونث) دیکھو مانی۔

مندا (مذکر) تجارتی مال کی طلب میں کمی۔
ف : برسات کی وجہ سے کاروبار مندا ہو۔

منڈی (مونث) تھوک فروشوں کا بازار جس کے لیے کوئی خاص مقام یا جگہ کسی خاص سبب سے مقرر ہو۔
ف : دہلی ہندستان میں یونانی دوائیوں کی منڈی ہو۔
(بھرنا۔ لگنا۔ جمنا) منڈی میں کاروبار شروع اور جاری رہنا۔
(اُٹھنا۔ اُکھڑنا۔ خالی ہونا) منڈی میں تجارتی کاروبار ختم ہوجانا۔

مُنیم (مذکر) عربی لفظ مُنیب (بمعنی پھرنے والا) کا غلط تلفظ۔

ساہوکاروں اور بیوپاریوں کی اصطلاح میں دلّال اور دُکان کے معتمد یا منشی کو کہتے ہیں جو دُکان کا حساب کتاب اور دیگر لکھنے پڑھنے کا کام کرے اور امین بھی ہو یعنی دُکان کی نقدی بھی رکھتا ہو۔

مُودی (مذکّر) تاجرِ غلّہ۔ بیوپاری

مول (مذکّر) تجارتی مال کی قیمت فروخت جو مقرر ہو چکی ہو۔ نرخ۔ بھاؤ۔ دیکھو بھاؤ۔

(کرنا) قیمت چکانا۔ بھاؤ یا نرخ معلوم کرنا۔

مول تول (مذکّر) تجارتی مال کی قیمت اور وزن جو باہمی معاملے سے قرار پا جائے۔ بھاؤ تاؤ۔

مہنگائی (مونّث) دیکھو گرانی۔

میل کا مال (مذکّر) ایک قسم کے تجارتی مال کی دوسری قسم کے تجارتی مال سے مناسبتِ جنسی۔ ایک جنسی مال جو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ رکھے۔

(ملانا۔ لگانا) ایک جنسی مال کا آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ اس طرح جوڑ لگانا کہ گاہک حسب ضرورت اور پسند خرید سکے۔

نادِہند (مذکّر) تجارتی مال کی قیمت دینے میں تاخیر کرنے یا انکاری ہونے والا۔ دیوالیا۔

نامی دُکان دار (مذکّر) مشہور دُکان دار جو تجارتی معاملے کی خوبی اور عمدہ مال کی وجہ سے نام پا گیا ہو۔

نِیل (مذکّر) ادنیٰ قسم کا گھٹیا مال۔

نخّاشی (مذکّر) بار برداری کے جانوروں کے فروخت کی منڈی۔

کہاوت۔ گھر گھوڑا نخّاس مول۔

نِرخ (مذکّر) دیکھو بھاؤ اور مول۔

نِرخ نامہ (مذکّر) دیکھو بیجک۔

نِردھن (مذکّر) دیوالیا بیوپاری (ہونا)

نسیہ (مذکّر) مال قرض بیچنا۔ قرض بیوپار کرنا۔

نکاسی (مونّث) تجارتی مال کی بکری۔ بر آمد۔

ف : آج کل غلّے کی نکاسی بہت ہو رہی ہے۔ دیکھو برآمد۔

نیلام (مذکر) ہرّاج۔ مجمع عام میں زیادہ سے زیادہ قیمت دینے والے کو مال فروخت کرنے کا طریقہ (کرنا)

واجبی قیمت (مونث) مال کی ایسی قیمت جس میں کمی اور بیشی کی گنجایش نہ ہو۔

ہاتھوں ہاتھ بکنا (مصدر) کسی مال کے بہت سے خریدار ہونا اور اس کی بلاتاخیر خریداری ہونا۔

ہاٹ (مذکر) عارضی اور وقتی بازار جو قصبات میں روزمرّہ کی ضروری اشیا کے فروخت کے لیے تھوڑی دیر کے لیے مقرّرہ وقت اور مقرّرہ مقام پر لگے۔

کہاوت : نکھٹّو گئے ہاٹ
مانگے ترازو لائے باٹ

ہٹیا (مذکر) ہاٹ۔ (بازار) میں بیوپاری کا مال تولنے والا تُلیّا۔

ہرّاج (مذکر) دیکھو نیلام۔

ہڑتال (مونث) کسی حادثے یا غیر معمولی واقعہ پیش آنے پر تجارتی کاروبار بند کرنے کا طریقہ۔ (کرنا۔ ہونا)

ہکیری / ہاکیری (مونث) منڈی میں غلّہ لانے والی بیل گاڑی جو اس کام کے لیے مخصوص ہو۔ دلّالوں کی اصطلاح۔

ہیراپھیری (مونث) دیکھو ایراپھیری۔

دُوسری فصل

خِدمتی (کرِ کمین)

۱۔ پیشہ دائی گری۔

آون (مونث) بُرقعہ۔ خول۔ جھیلی
آنون (جیلی) بچّہ دانی۔ پوتا یا پُچارا۔
لیپ جو کسی چیز پر کسی پتلی چیز کا کیا ہوا ہو۔
دائیوں کی اصطلاح میں جِھلّی کے اُس غلاف کو کہتے ہیں جس کے اندر رہ کر بچّہ ماں کے پیٹ میں پرورش پاتا ہے اور جو ولادت کے وقت پھٹ جاتا ہے۔

آون نال (مونث) آون سے متعلق
آنون نال جِھلّی کی نلی جو ماں کے پیٹ میں بچّے کو آون سے ملائے رکھتی ہے اور انسان کی ناف اُس کے جوڑ کا مقام ہوتا ہے۔
(کاٹنا) بچّے کے پیدا ہونے کے بعد آون نال کو آون سے کاٹ دینا۔

آٹھوانسا بچّہ (مذکر) وہ بچّہ جو مقررہ وقت سے قبل حمل کے آٹھویں مہینے پیدا ہو جائے۔ آٹھویں مہینے پیدا ہوا ہوا بچّہ زندہ نہیں رہتا۔

اچھوانی (مونث) زچگی کے بعد زچّہ
اجوانی کو پلانے کا عُناب، اور مویز منقّی کا حریرہ جو اجوائن کے حریرے کا بدل سمجھا جاتا ہے اور مُراد اجوائن کا حریرہ ہوتا ہے اور یہی اُس کی وجہ تسمیہ ہے۔

اذان دینا (مصدر) مسلمانوں کی رسم یعنی بچے کے پیدا ہونے کے بعد ہی اُس کے کان پر منہ لگا کر معمولی آواز سے اذان کے الفاظ پڑھنا۔
۲۔ ہندوؤں میں اس موقع پر تھالی بجانے کی رسم ادا کی جاتی ہے جس سے مُراد بچے کی قوت سماعت کو موثر کرنا ہوتا ہے۔

اِسقاط ہونا۔ دیکھو حمل گرنا اور پیٹ گرنا۔

اکرڈوڑا (مذکر) بچہ پیدا ہونے کے بعد زچہ کا زیر ناف بدن دھونے کے لیے بعض خاص جڑی بوٹی کا تیار کیا ہوا جوشاندہ زچگی کے بعد تین چار روز تک استعمال کیا جاتا ہے۔

اُکڑوں بٹھانا (مصدر) بچے کی پیدائش میں غیر معمولی تاخیر یا حالات کی صورت میں زچہ کو حالت کے شدھرنے تک گھٹنے کھڑے کرکے بٹھانا جو بدلی ہوئی حالت کا علاج سمجھا جاتا ہے۔

اِکوتنج (مونث) وہ عورت جو ایک ہی بچہ جن کر بانجھ ہو جائے یعنی ایک بچہ ہونے کے بعد پھر اُس کے بچہ نہ ہو۔

اُکونی (مونث) وہ عورت جس کو حمل ٹھیرنے کے بعد غیر معمولی طور سے اُبکائیاں اور قے آتی ہوں اور دو تین ماہ تک غذا نہ پچتی ہو۔ (مصدر اوکنا کا اسم فاعل)

الوانتی / الوانٹی (مونث) وہ زچہ جس کی زچگی کا مادہ خارج ہو رہا ہو۔ دائیوں کی اصطلاح میں چلّے یعنی چالیس دن کے اندر کی زچہ کو کہتے ہیں اور اس مدت کو اس کی ناپاکی کا زمانہ سمجھا جاتا ہے۔

اُمید سے ہونا (مصدر) حمل ٹھیرنے کی علامت کا ظاہر ہونا جو حاملہ ہونے کا یقین دلائیں مُراد پیٹ سے ہونا۔

ان پراسن (مونث) دیکھو کھیر چٹائی۔

ان گنا مہینہ (مذکر) دائیوں کی اصطلاح

میں حمل کے آٹھویں مہینے کو کہتے ہیں۔ چوں کہ آٹھواں مہینہ حاملہ عورت کے لیے بہت نازک ہوتا ہے۔ اگر اس مہینے میں بچہ پیدا ہو جائے تو وہ زندہ نہیں رہتا۔ برخلاف اس کے ساتویں مہینے میں پیدا ہوا ادا بچہ زندہ رہتا ہے اس لیے عورتیں آٹھویں مہینے کو بچے کی پیدائش کے لیے منحوس سمجھ کر اس کا نام لینا بُرا سمجھتی اور اشارتاً اَن گِنا مہینہ کہتی ہیں۔

انّا (مونث) دھائے۔ وہ عورت جو دوسری عورت کے بچے کو اپنے بچے کے ساتھ دودھ پلانے کی خدمت انجام دے یا اس خدمت کے لیے مقرر کی جائے

اوپر تلے کے بچے (مذکر) یکے بعد دیگرے یا آگے پیچھے پیدا ہوئے دو بچے یعنی جن کی عمروں میں صرف ایک حمل کی مدت کا فرق ہو۔

اوپری دودھ (مذکر) ماں کے دودھ کے علاوہ غیر دودھ جو بچے کی پرورش کے لیے دوسرے ذریعے سے حاصل کیا گیا ہو مُراد گائے یا بھینس کا دودھ جو ماں کے دودھ کے بدلے بچے کو پلایا جائے۔

اوت (مذکر) وہ شخص جس کے اولاد نہ ہوئی ہو یا نہ ہوتی ہو اور ایسے شخص کو بھی کہتے ہیں جس کی اولاد نہ رہی ہو جو اس کی وارث بنتی۔

اینٹھن (مونث) دردِ زہ۔ وہ درد کا مروڑ جو بچہ پیدا ہونے کے وقت عورت کو رہتا اور جس کی وجہ ہاتھ پیروں کے پٹھوں میں کھچاؤ پیدا ہوتا ہے۔ (ہونا)

ایام آنا (مصدر) دائیوں کی اصطلاح مُراد جوان اور بغیر حمل کی عورت کا مہینے میں چند روز جن کی انتہائی مدت دس دن ہوتی ہے، فطری معمول شروع ہونا۔ حیض آنا۔

یا اس مدّت میں ہونا۔
ایام سے ہونا (مصدر) دیکھو ایام آنا۔
بانجھ (مونث) وہ عورت جس کو حمل نہ رہے یا جس کے رحم میں حمل قرار پانے کی فطری صلاحیت نہ ہو۔
بٹ (مونث) دودھ پیتے بچّے کے ہاتھ اور پیروں کے گٹّوں پر موٹے پن کی علامت یا گوشت کا اُبھار پن جو جوڑوں پر نمایاں اور بل کھاتا معلوم ہو (پڑنا)
بٹنی (مونث) عورت کی پستان کا منھ جس میں سے دُودھ نکلتا ہے۔
بچہ پرچنا (مصدر) بچّے کا دائی۔ انّا یا کھلانے اور رکھنے والے سے ہل جانا، لگاوٹ کرنا۔
بچہ پھرنا (مصدر) بچّے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔ یہ حرکت حمل کے چوتھے مہینے سے شروع ہو جاتی ہے۔
بچہ دانی (مونث) رَحَم یا رحم کے اندر کی وہ تھیلی جس میں نطفہ قرار پاتا اور پرورش ہوتا ہے۔ دیکھو بُرقعہ اور آون۔
بچہ ہٹنا (مصدر) دائیوں کی اصطلاح مُراد شیر خوار بچّے کا مر جانا۔
برس بیاور (مونث) وہ عورت جس کے سال کے سال بچّہ پیدا ہو یعنی صِرف تین مہینے دُودھ ضامن رہے اور دوسرا حمل قرار پا جائے۔
برس گانٹھ (مونث) سال گرہ۔ بچّے کی عمر کی یادداشت کا قدیم رواج جو ہر سال بچّے کی پیدایش کے دن ایک مقررہ اور محفوظ ڈورے میں گرہ لگا دینے کو کہتے ہیں اس دوڑے کی ہر گرہ ایک پُور سے سال کے شمار کے لیے ہوتی ہے اور اُن کی گنتی سے عمر کے سال شمار کیے جاتے ہیں (ڈالنا۔ پڑنا)
بُرقعہ (مذکر) دیکھو آون۔
بلکنا (مصدر) سخت بے چینی یا اضطراب کی حالت میں ہونا رونا یا آواز نکالنا۔

بئیت (مونث) جھول ایک حمل سے دوسرے حمل کے درمیان کا وقفہ یعنی وہ مدّت جو ایک حمل کے بچّہ ہونے کے بعد دوسرا حمل قرار پانے کے درمیان فطری طور پر بغیر حمل رہے۔

دو حملوں کے درمیان کی مدّت جس میں فطری طور پر حمل نہ ٹھیرے (اُردو) ادب میں لفظ بِیتنا اور بَیتنا استعمال ہوتے ہیں۔ پہلا برداشت کرنے۔ گزارنے اور پورا کرنے کے معنوں میں اور دوسرا کپڑا ناپنے اور برابر کرنے کے لیے بولا جاتا ہو۔

ف۱: دس برس مصیبت بِیتی کچھ حاصل نہ ہوا۔

ف۲: آپ بیتی لکھنا کچھ آسان کام نہیں۔

ف۱: نیک ساعت دیکھ کر شادی کے کپڑے بیتے جاتے ہیں۔) مذکور الصدر الفاظ میں سے کوئی لفظ اس اصطلاح کا ماخذ معلوم ہوتا ہو۔

بِیَنْتر (مذکر) وہ بچّہ جو خلافِ معمول وقفہ کے بعد پیدا ہو یا چار بچّوں کے بعد کا بچّہ۔

۲۔ پانچواں جھول۔

پالنا (مذکر) دیکھو پنگوڑا۔

پانو بھاری ہونا / پیر بھاری ہونا (مصدر) دائیوں کی اصطلاح مُراد عورت کا حمل سے ہونا جو اُس کے وزن کی زیادتی دوُر چلنے میں قدموں کے بھاری ہونے کا سبب ہوتا ہو۔

پانو پھیرنا / پیر پھیرنا (مصدر) دائیوں کی اصطلاح مُراد زچہ کا زچگی خانے سے باہر آنا۔ چلنا پھرنا شروع کرنا۔ رواجاً زچہ کا چالیس روز کے بعد اپنے میکے یا کسی عزیز قریب کے ہاں تبدیلِ مقام کے لیے یا کسی عبادت خانے میں سجدۂ شکر ادا کرنے جانا۔

۲۔ حمل کے آخیر دنوں میں ماں باپ

کے گھر مُلاقات کو جانا۔

پائل بچہ (مذکر) وہ بچہ جس کی پیدایش پیروں کی طرف سے ہو یعنی پیدا ہونے میں پہلے پیر باہر آئیں۔

پسلی لگنا (مصدر) زمانۂ حمل میں پیٹ کے بچّے کا پسلیوں سے ٹکر کھانا یا حمل کا ماں کی پسلیوں تک پہنچ جانا

پنجیری (مونث) زچہ کو کھلانے کی ایک قسم کی مُقوّی غذا جو روا، قند گھی اور میوہ ملا کر تیار کی جاتی ہے اس غذا سے دُودھ زیادہ ہوتا ہے۔

پنگوڑا (مذکر) پالنا۔ شیر خوار بچّے کے سُلانے کا جھُولا جو ایک چھوٹے سے ہودے کی شکل ہوتا اور جھُولے کی طرح لٹکا دیا جاتا ہے۔

پوتڑا (مذکر) گنتریترا۔ نوزائیدہ بچّے کی جانگیا یا جانگ پر باندھے کا کپڑا۔ تفصیل کے لیے دیکھو جانگیا جلد دوم۔

پوتڑوں کا امیر (مذکر) وہ بچہ جو خاندانی اور پیدایشی امیر ہو۔

پُورے دن لگنا (مصدر) حمل کی مدّت ختم ہو آنا۔

ف: چاند کی پہلی تاریخ اس کو پُورے دن لگ گئے۔

پُورے دنوں کا حمل (مذکر) وہ حمل جو مکمّل ہو گیا ہو۔

پُورے دن ہونا (مصدر) حمل کی مدّت پُوری ہو جانا۔

ف: سرکار دُلھن پُورے دنوں سے ہیں اس لیے دائی کو ہر وقت موجود رہنے کا حکم ہے۔

پہلوٹھن / **پہلونٹھن** (مونث) پہلوٹن (پیلوٹن) وہ عورت جس کو پہلی مرتبہ حمل رہا ہو۔

پہلوٹھی کا بچّہ (مذکر) عورت کا پہلی مرتبہ کا جنا ہوا بچّہ۔

پہلوٹھی کا حمل (مذکر) عورت کا پہلا حمل یا پہلی مرتبہ کا قرار پایا ہوا حمل۔

پہلوٹن / **پیلوٹن** (مونث) دیکھو پہلوٹھن۔

پیاؤ (مذکر) وہ شیرہ جس میں زچّہ کے کھانے کے لیے کوئی چیز پرورد کی جائے یا تر رکھی جائے یہاں تک کہ شیرہ اس میں جذب ہو جائے۔ مُربّہ سازوں کی اصطلاح میں بھی ایسے شیرے کو جس میں کوئی پھل پرورد کیا جائے پیاؤ کہتے ہیں۔

پیٹ (مذکر) دایوں کی اصطلاح مُراد حمل۔

(ٹھیرنا۔ رہنا) حمل قرار پانا۔ پیٹ میں بچہ پڑنا یا نطفہ قائم ہونا۔

ف۱: شادی کے پہلے ہی مہینے بیوی کو حمل ٹھیر گیا یا پیٹ رہ گیا۔

(سوُتنا) بچہ پیدا ہونے کے بعد حمل کی آلائش خارج ہونے کو زچّہ کا پیٹ آہستہ آہستہ ملنا۔

(گرنا۔ گرانا۔ نکلنا۔ نکالنا) کسی بے احتیاطی یا نقص کی وجہ حمل کا قبل از وقت خارج ہونا یا خارج کرنا۔

ف۱: بم کی آواز سے عورتوں کے پیٹ گر جاتے ہیں۔

ف۲: مغربی ممالک میں پیٹ گرانے کا رواج عام ہو رہا ہے۔

ف۳: پیٹ گرنے کی بڑی تکلیف ہوتی ہے۔

(ہونا) حمل سے ہونا۔ بچہ پیٹ میں ہونا۔

ف۱: ملازمہ پیٹ سے ہے اس لیے اُس سے کام نہیں ہوتا۔

پیٹ پوچھنا (مذکر) عورت کا آخری بچّہ۔ پچھلا بچّہ جس کے بعد حمل نہ رہا ہو۔ (پوچھنا بہ معنی پوچھنے والا)

پیٹ ٹھنڈا رہنا (محاورہ) عورتوں کا محاورہ مُراد اولاد کی طرف سے سُکھ پانا۔ اولاد کا چین اور آرام سے رہنا۔

ف۱: خُدا تیرا پیٹ ٹھنڈا رکھّے۔

پیٹ میں آگ لگنا (محاورہ) اولاد سے دُکھ پہنچنا۔ دل جلنا نالائق اولاد پیدا ہونا۔

پیٹ میں پڑنا (محاورہ) دیکھو پیٹ ٹھیرنا۔
ف : میں اس گھڑی کو یاد کرکے روتی ہوں جس گھڑی یہ لڑکا پیٹ میں پڑا تھا۔
پیٹھ کا بچہ (مذکر) ایک بچے کے بعد کا دوسرا بچہ۔
ف : پہلونٹھی کے لڑکے کی پیٹھ کا بچہ جاتا رہا یعنی مرگیا۔
پیر بھاری ہونا (مصدر) دیکھو پانو بھاری ہونا۔
پیر پھیرنا (مصدر) دیکھو پانو پھیرنا۔
پیر چھوٹنا (مصدر) عورت کو خلافِ معمول حیض جاری ہونا اور جاری رہنا۔
پیڑو (مذکر) کوٹھا۔ عورت کے پیٹ میں بچے دانی کی جگہ ناف سے نیچے کا حصّہ پیٹ۔
تارے دِکھانا (محاورہ) بچّہ پیدا ہونے کے چھ روز بعد زچہ کو رات کے وقت زچّہ خانہ سے باہر کھلے جگہ لانا جہاں آسمان دکھائی دے جو بہ طور شگون کیا جاتا ہی مقصد زچہ کو کھڑا کرنا اور کھلی جگہ لانا ہوتا ہی۔
تاتوا (مذکر) بچے کو پہنانے کا پہلا جوڑا (کرتا۔ ٹوپی) جو روا جاً ننھیال کی طرف سے دیا جاتا ہی۔
تانتوا (مذکر) پیدا ہوئے وے بچے کی زبان کے نیچے لگی ہوئی ایک باریک جھلی جس کو دائی نکال دیتی ہی تاکہ زبان حرکت کرنے لگے۔ (توڑنا)
تیترا (مذکر) تین لڑکیوں کے بعد پیدا ہونے والا لڑکا۔
تیتری } تینتری } (مونث) تین لڑکوں کے بعد پیدا ہونے والی لڑکی ہندوؤں میں ایسی لڑکی کو نامبارک خیال کیا جاتا ہی۔
تیلرطھ (مونث) دیکھو تیتری۔
تھالی بجانا (مصدر) دیکھو اذان دینا فقرہ ۲
تھلیاں رکھنا (مصدر) دانت نکلنے

کے زمانے میں بچّے کا مسوڑھے چبانا۔

ٹوٹا (مذکر) آنول نال کا حصّہ جو بچّے کی ناف سے جڑا ہوتا ہے اور جو پیدایش کے کچھ دنوں بعد سوکھ کر جھڑ جاتا ہے۔

۲۔ معدے کا منھ۔

ٹھیکرا اُٹھانا (مصدر) آنول نال اور دیگر زچگی کی الایش کا برتن جو عموماً مٹّی کا ہوتا ہے اُٹھا کر لے جانا اور کسی محفوظ جگہ گاڑ دینا۔ یہ خدمت گھر کی مہترانی (صفائی کرنے والی) انجام دیتی ہے اور اس کے عیوض اُس کو حسبِ مقدور نقدی دی جاتی ہے جو اُس برتن میں ڈال دی جاتی ہے۔

جال پڑنا (مصدر) چھ سات روز کے بچّے کے جسم پر خون پھیلنے اور بڑھنے کی علامت کا ظاہر ہونا۔

جنا (مذکر) نفر۔ شخصِ واحد۔ جنی مونث کے لیے بولا جاتا ہے۔

ف ا: اس کام پر تین چار جنے لگے ہوئے ہیں اور کسی طرح پورا نہیں ہوتا۔

جنانا (مصدر) بچّے کے پیدا ہونے کے وقت دیکھ بھال اور خدمت انجام دینا۔

جنائی (مونث) بچّے کی پیدایش کے وقت کی خدمت کا دائی کا معاوضہ۔

جنم پتری (مونث) بچّے کی پیدایش کا وقت نام اور دیگر حالات لکھا ہوا کاغذ جو بہ طور یادداشت لکھا جائے۔ ہندوؤں میں اس کاغذ کو بڑی اہمیت دی جاتی ہے۔

جن شُوا (مذکر) نوزائیدہ بچّہ۔

جنم دن (مذکر) پیدایش کا دن۔ یومِ ولادت۔

جنم روگی (مذکر) وہ بچّہ جو ماں کے پیٹ سے مریض پیدا ہو یا اُس کی صحت میں نقص ہو۔

جنم گھُٹی (مونث) چند دوائیوں کا

بوشاندہ جو بچے کو سب سے
پہلے بہ طور غذا دیا جائے۔
جنم گو (مذکر) بچے کے پیٹ کا فضلہ
جو پیدا ہوتے ہی خارج ہو۔
یعنی وہ فضلہ جو ایامِ حمل میں اُس
کے پیٹ میں جمع ہوتا رہا۔
جنا (مصدر) بچہ پیدا ہونا۔ بچّہ دینا۔
ف ا: جنا مرنا برابر ہوتا ہی۔
جوڑواں بچہ / جُڑواں بچّہ (مذکر) ایک ہی حمل کے دُو بچے جو ساتھ
پیدا ہوتے ہوں۔

جیلی / جیری (مونث) دیکھو جھیلی۔
جھیلی (مونث) جیلی (جیری) آون۔
بُرقعہ۔ وہ تھیلی جس میں بچہ
ماں کے پیٹ میں رہتا ہی۔
دیکھو آون۔
(چھوڑنا) ولادت سے تھوڑی
دیر پہلے حمل کا سمٹ کر پیٹ
کے نچلے حصّے میں آجانا۔
(آنا) آون کا پیٹ سے خارج ہونا

(دینا) جھولا دینے کا غلط تلفظ مُراد
بچہ پیدا ہونے کے وقت حاملہ
کے پیٹ کو اُوپر سے پکڑ کر
آہستہ آہستہ حرکت دینا تاکہ بچہ
نیچے اُترے۔
چٹّے بٹّے (مذکر) چھوٹے بچے کو چیزوں
کے ٹکرانے کی آواز سننے کا عادی
بنانے کو لکڑی کے بنے ہوئے
چھوٹے بڑے گولے جن کو لڑا کر
آواز کی جاتی ہی۔
چڈّا (مذکر) ران اور پیڑو کے درمیان
کی جگہ۔ دیکھو پیڑو۔
چِلّا (مذکر) چالیس دن کی مدّت
دائیوں کی اصطلاح میں بچہ
پیدا ہونے کے بعد کے پُورے
چالیس روز۔
(نہلانا) بچہ پیدا ہونے کے
چالیس روز بعد زچّہ کو غُسلِ
صحت دینا۔
چِلّے کا بیٹ (مذکر) وہ حمل جو عورت
کو بچّہ جننے کے چالیس روز بعد

ہی رہ جائے۔

چلّے کا نھان (مذکّر) زچہ کا بچہ جنے کے چالیس روز بعد کا غسل۔

چیرا (مذکّر) دیکھو رحم۔

چیرج (مذکّر) ماں کے رحم میں پرورش پاکر پیدا ہونے والی مخلوق۔

چھت جھکنا (مصدر) دائیوں کی اصطلاح مُراد رحم کا نیچے کو آجانا جو بچہ پیدا ہونے کا وقت قریب آنے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔

چھٹی (مؤنث) بچہ پیدا ہونے کے بعد کی ایک ہفتے یا چھ روز کی مدّت جس کے بعد زچہ چلنے پھرنے کے قابل ہو جاتی ہے۔

(ہونا) بچہ پیدا ہونے کے چھ روز بعد کی رسوم ادا ہونا۔

(دینا) چھٹی کی رسم کے موقع پر زچہ اور بچے کو تحفے دینا جو عموماً زچہ کے ماں باپ وغیرہ کی طرف سے پیش کیے جاتے ہیں۔

(نہانا) بچہ پیدا ہونے کے چھ روز بعد کا غسل۔

چھوٹک / **چھوچک** (مؤنث) زچگی خانے کی ناپاکی سے علیحدگی یا بچاؤ جو کم از کم چالیس روز تک کیا جاتا ہے۔ ہندو مذہب میں اتنی مدّت تک زچہ کے ساتھ میل جول کرنے کو گندگی میں شریک ہونا سمجھا جاتا ہے۔

چھوچھک (مؤنث) دیکھو چھوٹک۔

۲۔ وہ رسم جو زچگی کے چالیس روز بعد کی جائے۔ دیکھو بانو پھیرنا۔

حمل (مذکّر) دیکھو پیٹ۔

(رہنا۔ بھرنا۔ ہونا۔ گرنا۔ گرانا)

دانتوں پر ہونا (مصدر) بچے کے دانت نکلنے کا زمانہ آنا۔

دائی (مؤنث) بچے جنانے کا پیشہ کرنے والی عورت۔

(دائی سے پیٹ چھپانا مُراد واقفِ حال سے راز رکھنا)

تلا بچہ (مذکّر) وہ بچہ جس کے منھ میں

پیدائشی دانت ہوں یعنی ماں کے پیٹ میں دانت نکل آئے ہوں۔

دردِ زہ (مذکر) بچہ پیدا ہونے کا درد۔ دیکھو اینٹھن۔

درد لگنا (مصدر) بچہ پیدا ہونے کا درد شروع ہونا۔

دن ٹلنا (مصدر) دن چڑھنا۔ عورت کے ماہواری معمول میں رکاوٹ ہونا۔ جو پیٹ رہنے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔

دن چڑھنا (مصدر) دیکھو دن ٹلنا۔

دوجیا (مونث) دائیوں کی اصطلاح مراد حاملہ عورت یعنی ایک اُس کی اپنی ذات اور دوسرا پیٹ کا بچہ۔

دُودھ اُترنا (مصدر) دُودھ آنا۔ زچہ کی چھاتیوں میں دُودھ پیدا ہونا۔ دُودھ کی آمد ہونا۔

دُودھ بھائی (مذکر) ایک ہی عورت کا دُودھ پینے والے بچے جو مختلف ماں سے ہوں۔

دُودھ چڑھنا (مصدر) دیکھو دُودھ اُترنا۔ ۲۔ کسی وجہ سے چھاتیوں میں دُودھ نہ آنا۔ رُک جانا یا کم ہو جانا۔ سوکھ جانا۔ دُودھ کا موڑا کھانا۔

دُودھ چھُڑانا (مصدر) ایک مقررہ مدت پر ماں کا بچے کو دُودھ پلانا بند کر دینا۔

دُودھ سوکھنا (مصدر) دُودھ پلانے کی مدت ختم ہونے پر چھاتیوں میں دُودھ آنا بند ہو جانا۔ دیکھو دُودھ چڑھنا فقرہ ۲۔

دُودھ ضامن ہونا (مصدر) دائیوں کی اصطلاح مراد دُودھ پلانے کے زمانے میں عورت کو حمل نہ رہنا۔ یہ مدت عورت کے مزاج اور طبعی کیفیت کے لحاظ سے کم و بیش ہوتی ہے۔

دُودھ موڑا کھانا (مصدر) دیکھو دُودھ چڑھنا فقرہ ۲

دُودھوں نہانا (مصدر) دُعائیہ کلمہ مراد دُودھ کی زیادتی ہونا جس سے

بچّہ خوب اچھی طرح سیر ہوتا ہے۔
دھاوڑ (مذکّر) انّا (دودھ پلانے والی)
کامرو۔ انّا کو ہندی بولی میں دھائے
کہتے ہیں۔
دھائے (مونّث) انّا۔ دایہ۔ ددا۔ دودھ
پلانے والی عورت جو اس خدمت
کے لیے مقرّر کی گئی ہو۔
دھرن (مذکّر) دیکھو رحم۔ بچّے دانی۔
راس (مذکّر۔ مونّث) بچّہ گود لینے کی
رسم (بٹھانا۔ دینا۔ لینا)
رحم (مذکّر) بچّے دانی۔ چیرا۔ دھرن
عورت کے جسم میں حمل قرار
پانے کا عضو۔
رسولیہ بچّہ (مذکّر) وہ بچّہ جس کے پیشاب
کرنے کے عضو پر پیدائشی کھال
کا گھونگٹ (پردہ) نہ ہو۔
روئے لگنا (مصدر) حمل ٹھیرنے کے
ابتدائی زمانے میں حاملہ کو متلی
اور قے ہونا۔
زچہ (مونّث) وہ عورت جس پر
بچّہ جننے کا اثر باقی ہو اور جس

کی مدّت چالیس روز ہوتی ہے۔
زچگی (مونّث) بچّہ جننے کی حالت۔
(ہونا)
زچگی خانہ (مذکّر) سوڑ۔ وہ عمارت جو
بچّے کی ولادت کے لیے مخصوص ہو۔
ساد (مونّث) حاملہ عورت کی گود
بھرنے کی رسم جو حمل کے ساتویں
مہینے تر میوے اور زرکاری سے
بھری جاتی ہے۔ (کرنا)
ست پوتا / ست پوتی (مذکّر۔ مونّث) سات بچّوں کی باپ یا ماں۔
ستوانسا (مذکّر) ست ماسا۔ حمل کے
ساتویں مہینے پیدا ہوا ہوا بچّہ۔
سٹورا (مذکّر) زچہ کے کھلانے کی تیار
کی ہوئی مقوّی غذا۔ تفصیل کے
لیے دیکھو جلد سوم۔
سورج بنسی (مذکّر) وہ بچّہ جس کا
منھ سر اور آنکھوں کے بال
پیدائشی لال ہوں۔ فارسی میں
ایسے بچّے کو زال کہتے ہیں۔
سورج مکھی (مذکّر) وہ بچّہ جس کا منھ

سر اور آنکھوں کے بال پیدائشی سفید ہوں اور سورج کی روشنی میں آنکھ پوری نہ کھول سکے۔

سوڑ / سوتر ٹھہ (مونث) سنسکرت شودھا بمعنی سونا یا آرام کرنا مراد زچگی خانہ۔

۲۔ بیت۔ ایک حمل سے دوسرے حمل کے درمیان کا وقفہ بعض عورتوں کی یہ مدت کم ہوتی ہے اور بعض کی زیادہ۔ اس وقفے کی زیادتی بارہ برس تک ہوتی ہے۔ کم مدت کے وقفے کو اصطلاحاً نیچی سوڑ اور زیادہ مدت کے وقفے کو اونچی سوڑ کہتے ہیں۔

سوئر بیان (مونث) وہ عورت جس کے ہر سال بچہ ہو یعنی جس کو چلّے میں حمل رہ جائے۔

خیرتی بیت (مذکر) وہ عورت جس کو بارہ برس کے بعد حمل رہے۔ وہ حمل خیرتی بیت کہلاتا ہے۔

کاڑھا (مذکر) بعض دواؤں کا جوشاندہ جو کچا بچہ ہونے کی حالت میں زچہ کو پلایا جاتا ہے تاکہ حمل کے اجزا میں زہریلا مادہ نہ پیدا ہو۔

کالادانہ (مذکر) ایک قسم کے پودے کے بیج جو زچگی خانے میں جلائے جاتے ہیں اُن کا دھواں ہوا کو صاف کرتا ہے۔

کپڑوں سے ہونا (محاورہ) عورت کا ماہواری ناپاکی (حیض) کی حالت میں ہونا۔

کچّا بچہ (مذکر) حمل کی پوری مدت گزرنے سے قبل پیدا ہوا ہوا بچہ۔

کچّا حمل (مذکر) تھوڑے دنوں کا حمل۔ وہ حمل جس کی مدت پوری نہ ہوئی ہو۔

کچّے دن (مذکر) حمل ٹھیرنے کی ابتدائی مدت جس کا شمار تین چلّوں یا چار ماہ ہوتا ہے۔

کوارٹی (مونث) سینے کا بغلی رُخ یعنی پسلیوں کی حد جو حمل کی انتہائی جگہ ہوتی ہے۔

کوپہ (مذکر) نابھ کنول۔ ناف کا نشان۔

کوٹھا (مذکر) دیکھو پڑاؤ

۲۔ معدہ

کوڑی } (مونث) کولے اور پسلی کے
کولی } درمیان کا حصّۂ جسم۔

کوک } (مونث) سنسکرت کوکش بمعنی
کوکھ } پسلیوں سے نیچے کا حصّہ جہاں

تک حمل کا پھیلاؤ ہوتا ہے۔

کونتھنا (مصدر) دائیوں کی اصطلاح
مراد دردِ زہ کے وقت حاملہ عورت
کا سانس روک کر نیچے کی طرف
دباؤ ڈالنا تاکہ بچہ نیچے اُترے۔

کھیر چٹائی (مونث) ان پراسنا۔ شیر خوار
بچے کو پہلی مرتبہ غذا کھلانے کی
رسم جو عموماً کھیر سے شروع کی
جاتی ہے۔ (کرنا)

گبیلن کا درد } (مذکر) بچہ پیدا ہونے کے
گابھ کا درد } بعد کا درد جو رحم کے اندر
رُکے ہوئے خون کے خارج
ہونے کو دردِ زہ کی طرح ہوتا ہے

گڑ بیڑ (مذکر) ننھا بچہ۔ پوتڑا۔ بھلوریا۔

گلا کرنا (مصدر) بچے کے پیدا ہونے کے
بعد دائی کا اُس کے حلق کو انگلی
سے صاف کرنا۔ گلے کے غدود
دبانا۔

گنڈولنا (مذکر) بچے کو پیروں چلنا سکھانے
کی گاڑی تفصیل کے لیے دیکھو
جلد پنجم۔

گنتڑ پتڑا (مذکر) دیکھو پوتڑا۔

گوبر کی بھائی (مونث) ہندوؤں کے
عقیدے میں زچہ خانے کی ایک
دیوی کا نام جس کی شکل کھلی ہوئی قینچی
کے مشابہ بنائی جاتی ہے۔

گود آنا (مصدر) عورت کے جوان ہونے
کی علامت کا ظاہر ہونا چھاتیاں
اُبھرنا۔

گود بھرنا (مصدر) حمل کے ساتویں
مہینے حاملہ عورت کی اوڑھنی
کی جھولی کو تازہ پھل اور میوے
سے بھرنے کی رسم ادا کرنا جو
اُس کے صاحبِ اولاد ہونے
کا شگون سمجھا جاتا ہے۔

گود خالی ہونا (مصدر) دائیوں کی

اصطلاح مُراد عورت کا شیر خوار بچہ مرجانا۔

گود لینا (مصدر) بے اولادی عورت کا کسی دوسرے کے بچے کو اپنا بچہ اختیار کرنا۔

گہنا بچہ / گہنایا بچہ (مذکر) وہ بچہ جس کے کسی عضو میں خلافِ معمول پیدائشی کمی یا کمی واقع ہوئی ہو یعنی سُکڑ گیا ہو۔ عورتوں میں یہ بات مشہور ہے کہ سورج یا چاند گہن کے وقت اگر حاملہ عورت باہر نکلے تو گہن کے اثر سے بچے کے کسی عضو میں نقص پیدا ہو جاتا ہے۔ یا کوئی عضو زیادہ ہو جاتا ہے جو گہنا کہلاتا ہے۔

گُھٹی (مونث) دیکھو جنم گُھٹی۔ بچے کا پیٹ صاف کرنے کی دواؤں کا جوشاندہ (دینا)

لام کا بیت (مذکر) وہ حمل جو دودھ ضامن ہونے یعنی بچے کے دودھ پلانے کے زمانے میں جب کہ حیض آنا بند رہتا ہے ٹھیر جائے

لُپٹری (مونث) بچے کے جسم کی مالش کرنے کو میدے کی بنائی ہوئی لوئی (پیڑا)

(کرنا) میدے کے پیڑے (لوئی) اور تیل سے بچے کے جسم کی مالش کرنا۔

لوکا (مذکر) سنسکرت اُلکا بمعنی شہاب ثاقب جس سے ہندوؤں میں زچہ کے لیے شگون لیا جاتا ہے۔

لینی کرنا (مصدر) بچے کو انا یعنی دودھ پلانے والی عورت سے واپس لینے کی رسم کرنا جو دودھ چھڑانے کے بعد کی جاتی ہے۔ اس موقع پر دودھ پلانے والی کا حق اور نیگ دیا جاتا ہے۔

ماہوار بند ہونا / ماہوار رُکنا (مصدر) عورت کا ماہواری معمول (حیض آنا) موقوف ہوجانا۔

ماہواری کپڑے (مذکر) حیض کے کپڑے۔

مُتلینڈی (مونث) لیس دار مادے کی

تھیلی جو آون کے ساتھ ہوتی ہو
اور بچے کی پیدایش کے وقت
پھٹ جاتی ہو جس کا مادہ بچے
کے پیدا ہونے میں آسانی پیدا
کرتا ہو۔
مٹھری (مونث) ہچکی جو شیر خوار بچے کو
پیٹ بھرے پر آتی ہو۔ اس کو
اخلاص سے مٹھری کہتے ہیں۔
کیوں کہ ہچکی کے مفہوم میں بُرائی
ہو۔ (آنا)
مریم کا پنجہ (مذکر) ایک جنگلی جڑی جس
کو بچہ پیدا ہونے کے وقت
پانی میں بھگونے سے خیال کیا
جاتا ہو کہ اس کے اثر سے بچہ
آسانی اور جلدی سے پیدا
ہو جاتا ہو۔
مونڈن (مونث) بچے کے سر کے
پیدایشی بال منڈانے کی رسم
جو چھٹی، چلّے یا کسی مقررہ دن
کی جاتی ہو۔ بچے کے پہلی مرتبہ
سر کے بال منڈوانا۔

مہینہ آنا (مصدر) عورت کا ماہواری
معمول سے ہونا۔ حیض آنا۔
مہینہ چڑھنا (مصدر) دیکھو دن چڑھنا۔
مہینہ لگنا (مصدر) حمل کا پہلا مہینہ گزر جانا۔
مہینے سے ہونا (مصدر) عورت کا ماہواری
ناپاکی کی حالت میں ہونا۔
مہینے کا بگاڑ (مذکر) عورت کی ماہواری
حالت میں خرابی۔
مہینے کی زیادتی (مونث) عورت کا
ماہواری حالت میں معمول سے
زیادہ دنوں مبتلا رہنا۔ حیض
کا معمول سے زیادہ آنا اور اس
کی کمی کو مہینے کی کمی کہا جاتا ہو۔
مہینے کے دن (مذکر) حیض آنے کا زمانہ۔
نابھ کنول (مذکر) کوپہ۔ ناف کا منھ یا
اُس کی جگہ۔
ناف جانا / ناف ٹلنا (مصدر) ناف کی رگوں میں خرابی یا بے ترتیبی ہونا۔
نال (مونث) دیکھو آنول نال (کاٹنا)
نال کٹائی (مونث) بچے کی آون نال
کاٹنے کا معاوضہ یا نیگ جو دائی کو

دیا جائے۔

نپوتا (مذکر) بے اولاد شخص۔ نپوتی بے اولادی عورت۔

نلا (مذکر) رحم کے پہلوؤں کی خالی جگہ۔

(ٹلنا) رحم کے پہلوؤں کی خالی جگہ میں بگاڑ ہو جانا۔

نام دھرائی (مؤنث) بچے کے نام رکھنے کی رسم۔

وضعِ حمل (مذکر) بچہ پیدا ہونا۔

ہُڑکا (مذکر) لفظ ہُوکا کا اصطلاحی تلفظ۔ ہونس۔ بچے کو دُودھ چھُڑانے یا اپنی دایا سے علیحدہ ہونے کا غم۔ (کرنا)

ہُمکنا (مصدر) بچے کا گود میں اُچکنا۔ آگے کی طرف لپکنے یا بڑھنے کے لیے حرکت کرنا۔

ہنسلی اُٹھانا (مصدر) بچے کے گلے کی ہڈی کی تکلیف کا علاج کرنا۔

ہنسلی ٹلنا (مصدر) بچے کے گلے کی ہڈی میں تکلیف پیدا ہونا۔

ہوآں ہوآں (مؤنث) پیدا ہوئے بچے کے رونے کی آواز۔

ہونس (مؤنث) نظرِ بد کا اثر۔ آہ کا اثر۔ بد دُعا کا اثر۔ (لگنا)

۲۔ پیشہ مشاطگری۔

آب دار ناخن (مذکر) ناخن جن میں چمک، چکنا پن اور سفیدی کی جھلک ہو۔ عورتوں کے حُسن کی ایک علامت سمجھے جاتے ہیں۔

آرتی (مؤنث) ہندوؤں میں شادی کے موقع کی ایک رسم کا نام جس میں ایک مقررہ تعداد گھی کے چراغوں کی تھالی میں رکھ کر دُولھا کے منھ کے سامنے گھُماتے اور سر سے پیر تک چکر دیتے ہیں۔ اس موقع پر جو گیت گائے جاتے ہیں اُس کو آرتی گانا کہتے ہیں۔ (ہونا۔ کرنا)

آرسی مُصحف (مذکر) ہندستانی مسلمانوں میں شادی کے موقع کی ایک رسم جس میں نکاح کے بعد

دوُلھا اور دُلھن کے درمیان
قرآن شریف اور آئینہ رکھا جاتا
ہے تاکہ قرآن شریف پر نظر ڈال کر
دوُلھا پہلی مرتبہ آئینے میں دُلھن
کا چہرہ دیکھے ۔ (ہونا۔ کرنا)
۲۔ دکن میں اِس رسم کو جَلوا کہتے
ہیں جو جَلوے کا غلط تلفظ ہے۔
آنچل گانٹھ (موٴنث) دوُلھا اور دُلھن
کے دامنوں یا پلّو کے سِروں کی
گرِہ جو شادی ہو جانے یا جوڑا
بندھنے یعنی رشتہ ہونے کے
اعلان کا اظہار ہوتا ہے ۔
اُبٹنا (مذکر) جِسم پر ملنے کا ایک قِسم
کا تیار کیا ہوُا خوش بوُدار مسالہ
جو عام طور سے شادی کے موقع
پر دوُلھا دُلھن کے جِسم پر ملنے
کے لیے تیار کیا جاتا ہے اور شادی
سے چند روز پہلے اُس کی ایک
رسم ادا کی جاتی ہے ۔
اپچھن (موٴنث) ہندوؤں میں شادی
کے موقع کی ایک رسم جس میں
دوُلھا کو منڈھوے میں بٹھا کر
ہاتھ پیر دھلوائے جاتے اور
چُلّو سے پانی پلایا جاتا ہے جو شادی
کا قول و اقرار سمجھا جاتا ہے ۔
اڈّا (مذکر) پیشہ وروں کی مُشترک
اصطلاح بازاری بولی میں آوارہ
عورتوں کے ٹھکانے کو کہتے ہیں
جہاں جمع ہو کر وہ مردوں سے
آشنائیاں کریں ۔
انگ مِلائی (موٴنث) ہندوؤں میں
شادی کے موقع کی ایک رسم
جس میں شادی ہونے کی رسم
سے قبل دوُلھا اور دُلھن کو آئینے
سامنے کھڑا کیا اور ایک دوسرے
کو دکھایا جاتا ہے اور سمدھی وغیرہ
آپس میں گلے ملتے ہیں۔ دکن
کے مسلمانوں میں بھی یہ رسم ادا
کی جاتی ہے۔
اوَ آدر (موٴنث) مہمانوں کے رکھ رکھاؤ
اور اُن کی عزّت و آبروُ کرنے
کا طریقہ۔ (کرنا۔ ہونا)

بات (مونث) شاطہ کی اصطلاح مُراد شادی کا پیام جو لڑکی والے کے گھر دیا جائے۔
(ٹھیرانا) لڑکے اور لڑکی والوں کے درمیان شادی کی بات چیت پکی کرنا۔
(دینا) لڑکے والوں کے ہاں شادی کی درخواست دینا یا سوال کرنا پیام دینا۔
(لگانا) شادی کا معاملہ ٹھیرانا۔ شادی کرانے کا ذکر کرنا۔
(لے جانا) لڑکی والے کے گھر شادی کا پیام پہنچانا۔

باردوآری (مونث) دیکھو بردوآری

بان بِٹھانا (مصدر) ہندوؤں میں شادی کے آغاز کی رسم جس میں دوُلھا دُلھن کو چند روز قبل نظرِ بد سے بچانے کے کونے میں بٹھاتے ہیں۔
۲۔ یہ رسم تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ مسلمانوں کے گھرانوں میں بھی ہوتی ہی جس کو شمالی ہند میں مایوں بٹھانا، اور دکن میں ہنجھا بٹھانا کہتے ہیں۔ اُسی روز دوُلھا دُلھن کے اُبٹنا لگایا جاتا ہی۔

بتانا (مذکر) لکھنؤ والوں کی بازاری اصطلاح مُراد کسبیوں اور ہیجڑوں کا دلاّل اور اُن کی خلوت کی محفلوں کو گرمانے والا ساتھی۔

بجوگ (مذکر) بگاڑ۔ جھگڑا۔ نا اتفاقی۔

بِدا (مونث) عربی لفظ وِداع کا غلط تلفظ۔ رخصتی۔ دُلھن کی میکے سے سُسرال کو روانگی (کرنا۔ ہونا)

برات (مونث) شادی کا جلوُس۔
(چڑھنا۔ جانا) شادی کے جلوُس کی دوُلھا کے گھر سے دُلھن کی طرف روانگی۔
(اُٹھنا۔ نکلنا) شادی کے جلوس کا اپنے مقام سے برآمد ہونا۔
(بنانا) شادی کے جلوُس کو ترتیب دینا۔
(پھِرانا) شادی کے جلوُس کو شاہ راہوں سے گزار کرلے جانا۔

براتی (مذکر) شادی کے جلوس کے ہمراہی جلوس میں شرکت کرنے والے۔

بردُوآری (مونث) دُولھا کو دُلھن کے دروازے پر روکنے کی رسم۔

برکنیا (مونث) شوہر والی عورت۔

بری (مونث) خشک میوہ اور مٹھائی کی قسم کی چیزیں جو مایوں (بان) بٹھانے کے موقع پر دُولھا کی طرف سے دُلھن کے لیے بطور تحفہ بھیجی جائیں۔

یہ تحفہ برادری یا مقامی رواج کے مطابق دیا اور لیا جاتا ہے۔ (جانا۔ آنا۔ دینا)

بکھیر (مذکر) دیکھو نچھاور۔

بندل باری / بندل واری (مذکر) بندھن دواری ہندوؤں میں شادی بیاہ یا خاص تہوار کے موقع پر گھر کے دروازے کو تازہ پھول پتوں کی جھالر باندھنے کا طریقہ جو اس تقریب کے اعلان کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ جھالر عموماً آم کے پتوں کی بناتے ہیں۔

بنا / بنرا (مذکر) دُولھا۔

بنی / بنری (مونث) دُلھن۔

بہنوئی (مذکر) بہن کا خاوند۔

بہو (مونث) بیٹے کی جورو (بیوی)

بہوڑا (مذکر) وہ تحفہ (کھانا، مٹھائی وغیرہ) جو بہو کے میکے سے آئے۔ شمالی ہند کے مسلمانوں میں بِدا (وِداع) کے موقع پر لڑکی کے ہمراہ جو کھانا بھیجا جاتا ہے اس کو اطلاعاً بہوڑا کہتے ہیں۔ (دینا)

بیاہ (مذکر) شادی خانہ آبادی کی تقریب (رچنا۔ ہونا)

بیاہتا بیوی (مونث) پنچوں یا سرپنچوں کی کرائی ہوئی پہلی بیوی جو عام رسوم کے ساتھ بیاہ کرلائی گئی ہو۔

بیسوا (مونث) بازاری عورت جو کسی ایک مرد کی ہو کر نہ رہے۔ دیکھو رنڈی۔

کہاوت :- بیسوا، بندر، اگنی، جل
کوتی، کٹک، کلار، یہ دس ہوت
نہ اپنے سوجی، سوا، سنہار

بیوی (مونث) بی بی بیگم شریف اور بیاہی عورت کو مخاطب کرنے کا مہذب کلمہ مُراد گھروالی۔ زوجہ وغیرہ

بھانجہ (مذکر) بہن کا بیٹا۔

بھتیجا (مذکر) بھائی کا بیٹا۔

بیوی (مونث) بی۔ بی بی۔ بیگم شریف اور بیاہی عورت کو مخاطب کرنے کا مہذب کلمہ مُراد گھروالی۔ زوجہ وغیرہ

بھڑوا (مذکر) دیوث۔ قرمساق۔ وہ شخص جو اپنی عورت کے ناجائز فعل کو نظرانداز کرے یا اُس سے ناجائز کمائی حاصل کرے بھاڑا کھانے والا عورت کی خرچی لینے والا

بھیٹ / بھینٹ (مونث) ہندوؤں میں لڑکی والے کی طرف سے لڑکے کے باپ کو دیا جانے والا تحفہ جو بروقت رخصت بطور نذرانہ اُس کو دیا جاتا ہے۔

پاندان خرچ (مذکر) نفقہ۔ علاوہ روٹی کپڑے کے زوجہ کے روزمرہ کے معمولی اخراجات کا صرفہ جو شوہر سے مقرر کرایا جائے۔ اصطلاحاً پاندان خرچ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ (دینا۔ مقرر کرنا)

پاندان ہونا (مصدر) وسطِ ہند کے بعض علاقوں کی اصطلاح مُراد نسبت قرار پانا، شادی کی بات ٹھیرنا، منگنی طے پا جانا۔

پٹا پھیرنا (مصدر) ہندوؤں میں شادی کے وقت کی رسم جس میں دولھا، دلھن کی نشستوں کو بدلا جاتا ہے۔ یعنی دلھن کو دولھا کے دائیں طرف سے بائیں طرف لاکر بٹھایا جاتا ہے۔

پستہ دہن (صفت) وہ عورت جس کے ہونٹ پتلے اور باہم ملے رہتے ہوں۔
کہاوت :- ایک پنتھ دو کاج۔

پلے پڑنا (مصدر) دامن سے بندھنا۔ ہندوؤں میں عورت کے آنچل

کو مرد کے دامن سے باندھنا عورت مرد کا رشتہ ہو جانے کا اعلان سمجھا جاتا ہے اور شادی کی تقریب کی رسموں کی اصل ہوتی ہے۔
روزمرہ میں پلّے پڑنا۔ پلّے بندھنا مرد کی زوجیت میں آنا مراد لیا جاتا ہے۔

پنتھ (مذکر) تقریب۔ جلسہ۔

پوتا (مذکر) بیٹے کا بیٹا۔

پیام دینا (مصدر) دیکھو بات دینا۔

پیٹھ دکھانا (مصدر) شوہر کا سفر کو جانا عورت سے بے رُخی کرنا۔ عہد شکنی کرنا۔ بے وفائی کرنا۔

پیلی چٹھی (مونث) منگنی کا رقعہ۔ شادی پتر۔ ہندوؤں میں رواجاً اس قسم کا رقعہ زرد رنگ یا ہلدی کے رنگ کے چھینٹے دیے ہوئے کاغذ پر لکھا جاتا اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

پھپھیا ساس (مونث) دیکھو ساس۔

پھیرے (مذکر) ہندوؤں میں دولھا دُلھن کا پلّو باندھ کر شادی کی مجلس میں حسبِ دستور پھرانے کا طریقہ جو رشتہ ہونے کا اعلان سمجھا جاتا ہے (ہونا۔ پڑنا)

تاؤ، تایا (مذکر) باپ کا سب سے بڑا بھائی۔

ف:۔ دولھا دُلھن سے تاؤ بھاؤ بڑا ہے۔

تائی (مونث) تاؤ کی بیوی۔ دیکھو تاؤ۔

تِلک (مذکر) پیشواز۔ وہ لباس جو ہندوؤں میں دُلھن کو شادی کے دو ایک روز گزرنے کے بعد پہناتے ہیں۔ یہ جوڑا بیاہی عورتوں کے لباس کے مطابق ہوتا ہے اور اس کے پہنانے سے دُلھن کو بیاہی عورتوں میں شامل کرنا مراد لی جاتی ہے۔

تورن (مونث) تورن سنسکرت لفظ ہے جس کے معنی سجیلی محراب یا دروازے کی خوش نما بنائی ہوئی کمان۔

ہندوؤں میں اصطلاحاً شادی کے موقع پر گھر کے دروازے کی سجاوٹ کو کہتے ہیں جو تازہ پھول اور پتوں کے ہار سے سجایا جائے۔ (اُردو ادب میں لفظ تورہ یا تورا۔ انوکھے پن کے معنوں میں بولا جاتا ہے)

تورن (مونث) اڈے پر بٹھائے ہوئے مصنوعی پرند۔

راجپوتوں میں لڑکی بیاہنے کی ایک بڑی شرط یہ ہوتی تھی کہ مرد پا بیانہ فن جانتا ہو اور نشانے باز ہونے کا ثبوت دے اُس کی آزمایش کے لیے مختلف صورتیں اختیار کی جاتی تھیں اب وہ ایک رسم بن گئی ہے جس کو دوُلھا دُلھن کے گھر پر مصنوعی پرند کو تیر، تلوار یا نیزہ لگا کر پوری کرتا ہے۔

دکن میں شادی سے چند روز قبل تلوار یا لیمو میں خنجر کی نوک گھسا کر ہاتھ میں رکھتا ہے۔

تیل بان (مذکر) دُلھن کے جسم پر اُبٹنا اور تیل ملنے کی رسم۔ (ہونا)

تھاپہ (مذکر) ہندوؤں میں شادی بیاہ کے موقع کی ایک رسم جس میں گھر کی دیوار پر ہلدی کے رنگ سے ہاتھ کے چھاپے لگائے جاتے ہیں جو تقریب کے ہونے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ ناتعلیم یافتہ مسلمان گھرانوں میں بھی اس رسم کا رواج ہے۔

ٹوپی اُترنا (مصدر) دکن کی اصطلاح مراد لڑکی کا سیانا ہونا۔ اکثر گھرانوں میں چھوٹی لڑکیوں کو لڑکوں کی طرح ٹوپی پہنائی جاتی ہے اور جب وہ سنِ شعور کو پہنچنے لگتی ہیں تو ٹوپی پہنانا موقوف کیا جاتا ہے۔ اور اس عمل کو رسماً ادا کیا جاتا ہے۔

ٹونا (مذکر) دیکھو چھچن۔

جات ملائی / **ذات ملائی** (مونث) کنبے۔ برادری یا قبیلے میں شریک

کرنے کی رسم۔ کسی مرد یا عورت
کا جو کسی وجہ سے اپنی برادری
یا قبیلے سے نکل گیا ہو یا نکال
دیا گیا ہو، دوبارہ شریکِ
برادری ہونا یا کرنا۔

جُڑوا (مونث) جورو کا اسم مُصغر۔
دیکھو جورو۔

جُلوا (مذکر) دیکھو آرسی مُصحف۔
فقرہ ۲۔

جمائی
جنوائی } (مذکر) داماد۔ بیٹی کا شوہر۔

جنواسا (مذکر) بیٹی کی برات کے ٹھیرانے
کا مکان۔ وہ مکان جس میں
جمائی اور اس کے ساتھی براتی
ٹھیرائے جائیں۔

جنوائی (مذکر) دیکھو جمائی۔

جُوتی چھپوان (مذکر۔ مونث) سُسرال
میں دُولھا کی جوتی چھپانے کی
رسم جو مذاق کے طور پر دُلھن کی
سہیلیاں اور بہنیں کرتی ہیں
اور دُولھا سے کچھ نقدی لے کر
جوتی واپس کرتی ہیں۔

جورُو (مونث) زوجہ، بیوی، گھر والی۔

جوگ (مذکر) میل، رشتہ، باہمی تعلق۔
ف: اس لڑکی کا تمھارے
ہی گھر جوگ تھا۔

جہیز (مذکر) عربی لفظ۔ جہاز بہ معنی
سامانِ سفر وغیرہ کا اُردو تلفظ
مُراد اسباب خانہ داری وغیرہ
جو شادی کے وقت حسبِ حیثیت
لڑکی کو دیا جائے۔ (داج)
۲۔ عورتیں اپنی روزمرہ میں دہیز
یا ہندی لفظ داج کے ساتھ
ملا کر دان دہیز کہتی ہیں۔
کہاوت: صورت شکل تیرے
نہیں دان دہیز میرے نہیں
بیٹی جیب چلائیو روٹی کھائیو۔

جیٹھ (مذکر) شوہر کا سب سے بڑا بھائی
اور اس کی بیوی کو جیٹھانی
کہتے ہیں۔

جیٹھ سالی (مونث) بیوی کی سب سے
بڑی بہن۔ دیکھو سالی۔

چادر ڈالنا (مصدر) ہندوؤں کی بعض اچھوت ذاتوں میں خلافِ دستور و رواج عورت کو بہ طور جورو گھر میں رکھنا جس کو اصطلاحاً آشنا داشتہ۔ داری اور دھری بھی کہتے ہیں۔
مرد چار آدمیوں میں عورت کو ایک چادر اُڑھا دیتا ہے جو دونوں کے تعلق ہونے کا اظہار ہے۔

چالا (مذکر) شادی کے ابتدائی زمانے میں بیٹی کو سسرال سے بُلا کر بہ طور مہمان رکھنے کی رسم جو عام طور پر ماں کے گھر یا ماں کے قریب کے رشتے دار کیا کرتے ہیں اور اس کا مقصد داماد کے ساتھ رسم ملاقات اور میل جول بڑھانا ہوتا ہے۔ شادی کے ابتدائی مہینے میں چار مرتبہ ایسا کیا جاتا ہے دکن کے مسلمانوں میں اس رسم کو جمعہ گی کرنا کہتے ہیں۔
(دیکھنا) شادی کے لیے شگون لینا، نیک ساعت دیکھنا۔

چچا (مذکر) باپ کا چھوٹا بھائی۔

پچیا ساس (مونث) دیکھو ساس۔

چڑھاوا (مذکر) زیور جو دولہا کی طرف سے دُلھن کو پیش کیا جائے یا پہنایا جائے۔ (آنا۔ دینا)

چکلا (مذکر) اہلِ لکھنؤ کی اصطلاح مراد کسبیوں کا محلّہ یا بازاری عورتوں کے پیشہ کرنے کا ٹھکانا۔ دیکھو اڈّا۔

چوتھی (مونث) شادی کے دوسرے دن کی رسم جس میں دولہا رشتہ ہونے کے بعد پہلی مرتبہ جب سسرال میں آتا ہے تو دلھن کی رشتے دار عورتیں اور سہیلیاں دولہا پر پھول، پھل اور ترکاریاں پھینک کر مارتی ہیں۔ تھوڑی دیر فریقین میں یہ مذاق رہتا ہے۔ اور چوتھی کھیلنے کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔
اس موقع پر دولہا کی طرف سے

دُلھن کو ایک قیمتی جوڑا دیا جاتا ہے
جو چوتھی کا جوڑا کہلاتا ہے۔
چھل (مذکر) فریب جو شادی بیاہ کے
موقع پر فریقین میں سے کوئی
کسی مجبوری سے کرے۔ (دینا)
چھل بل (مونث) فارسی لفظ چُلبلا
کا اُردو تلفّظ مُراد بناؤ سنگھار کی
چمک دمک یا بھڑک۔ اسی
مفہوم میں مرد کے لیے لفظ
چھَیلا بولا جاتا ہے۔
چھن (مذکر) ٹونا۔ سنسکرت چھند بمعنی
شعر موزوں کرنے کا علم مشاط
کی اصطلاح میں دُولھا سے
دُلھن کے ساتھ اچھے برتاؤ رکھنے
کا قول و قرار لینا۔
آرسی مصحف یا دُولھا دُلھن کے
آمنے سامنے ہونے کے وقت
گانے والی عورتیں دُولھا سے
اس قسم کے اقرار کراتی ہیں۔
(ہونا)
خرچی (مونث) کسبی (بازاری عورت)

کی ناجائز کمائی۔
(لینا۔ دینا۔ کمانا)
خالا (مونث) ماں کی بہن۔
خالو (مذکر) ماں کی بہن کا شوہر (مرد)
خاوند (مذکر) خصم۔ دھنی۔ مالک۔ مراد
شوہر۔ عورت کا مرد۔
خصم (مذکر) عورت کا مالک دیکھو خاوند
خلیا ساس (مونث) دیکھو ساس۔
خلیا سُسر } (مذکر) دیکھو سُسرا۔
خلیا سُسرا
دادا (مذکر) باپ کا باپ۔ اور اُس کے
اوپر پردادا کہلاتا ہے۔ وسط ہند
اور جنوبی ہند کے بعض علاقوں
میں دادا سب سے بڑے
بھائی کو بھی کہتے ہیں۔
داری (مونث) داشتہ۔ دیکھو دھری۔
داسی (مونث) دیکھو دھری
دان (مذکر) دیکھو جہیز۔
کہاوت:۔ ترنت دان مہا کلیان۔
دان دہیز (مذکر) دیکھو جہیز فقرہ ۲
دڑیا ساس (مونث) دیکھو ساس۔

دُدھیال (مونث) دادا۔دادی کا گھرانا یا گھر۔

دُولھا (مذکر) بنا۔بنڑا۔نوشہ۔شادی کرنے والے شخص کا خطاب۔

دُلھن (مونث) شادی ہونے والی عورت کا خطاب۔

دوہاجوُ (مذکر) پہلی بیوی کے مرنے کے بعد دوسری بیوی کرنے والا مرد۔

کہاوت :۔ سوداگر کا گھوڑا دوہاجوُ کا جوڑا جتنا گود ے اتنا تھوڑا۔

دوہاگن (مونث) پہلا مرد یا خاوند مرنے کے بعد دوُسرا خاوند کرنے والی عورت۔

دہیز (مذکر) دیکھو جہیز فقرہ ۲۔

دیور (مذکر) خاوند کا چھوٹا بھائی۔

دیوَرانی (مونث) خاوند کے چھوٹے بھائی کی بیوی۔

دھاڑی (مذکر) دیکھو دھگڑا اور دھری۔

دھروِ (مذکر) قطب تارا۔ہندوؤں میں پھیروں کی رسم کے بعد دوُلھا دُلھن کو قطب تارے کے درشن کرائے جاتے ہیں جس کو اصطلاحاً دھروکہتے ہیں۔

دھری (مونث) داشتہ۔داری۔داسی۔آشنا۔دھریلی۔گھرگیلی۔وہ عورت جو بغیر نکاح کیے بہ طور جورو گھر میں رکھ لی جائے۔ڈالی ہوئی عورت۔

دھگڑا } دھاڑی } (مذکر) دھری کا مذکر وہ مرد جس کو عورت اپنا آشنا بنالے۔بغیر نکاح اس کو ساتھ رکھے اور اس کا خرچ اٹھائے۔

دھنی (مذکر) دیکھو خاوند اور خصم۔

ڈوم (مذکر) شادی بیاہ کی تقریب میں گانے بجانے والے۔

رانڈ (مذکر) بیوہ۔وہ عورت جس کا شوہر مرگیا ہو اور رنڈی بازاری عورت کو کہتے ہیں یعنی بغیر شوہر والی آوارہ عورت۔

رت جگا (مذکر) شادی رچانے کی رسم کے لیے رات بھر جاگنا۔

(کرنا - ہونا)

رنڈاپا (مذکر) رنڈاپے کی حالت دیکھو رانڈ۔

ف: اس کا سارا رنڈاپا بچوں کے پڑھانے اور غریبوں کی خدمت میں کٹا۔

رنڈسالہ (مذکر) وہ کپڑے جو رانڈ کے عزیز اقارب اُس کی عدت اُترنے پر پیش کریں۔

رنڈوا (مذکر) وہ مرد جس کی جورو مرگئی ہو۔

رنڈی (مونث) کسبی۔ بیسوا۔ بازاری عورت جو اپنے حسبِ خواہش آوارہ مردوں سے تعلق رکھے اور کسی ایک کی نہ ہو۔

ریت (مونث) رسم و رواج جو شادی بیاہ کے موقع پر ادا کی جائے۔

ریت کا جوڑا (مذکر) وہ کپڑے جو دلھن کے لیے دولھا کی طرف سے رواجاً بھیجے جائیں۔

ساچق }
سانچک } (مونث) سُہاگ اور سنگھار کے لوازمات جو شادی سے ایک روز قبل دُولھا کی طرف سے دُلھن کو بہ طور تحفہ بھیجے جائیں۔

ساڑھو (مذکر) سالی کا میاں ہم زلف۔

ساس }
ساسو } (مونث) شوہر اور زوجہ کی ماں اور اسی سلسلے کی دوسری سگی عورتیں جیسے دادی۔ نانی پھوپی۔ خالہ چچی۔ ممانی وغیرہ باہم ساس کے نام سے مخاطب کی جاتی ہیں۔

سالا (مذکر) بیوی کا بھائی۔

سالی (مونث) بیوی کی بہن۔

ساہا }
سایا } (مذکر) وہ نیک ساعت جس میں شادی بیاہ کرنا مبارک ہو۔

(باندھی) شادی کا سنڈوا یا شادیاں ٹھیرانا۔

(بجانا) شادی کی نوبت یا باجے بجانا۔

سُبھاؤ (مذکر) برتاؤ۔ عادت۔ اطوار۔

کہاوت:
جاکو جوں سُبھاؤ جائے نہیں جی سے
نیم نہ میٹھی ہوئے سینچ گڑ گھی سے
سُسرا (مذکر) ساس کا شوہر۔
سُسرال (مونث) ساس کا گھر۔
سگائی (مونث) پاندان۔ سنگنی۔ نسبت شادی کا قول و قرار (ہونا)
سلامی (مونث) وہ رقم نذرانہ جو دُولھا کو پہلی مرتبہ سُسرال والوں کے سامنے آنے اور سلام کرنے کے موقع پر دی جائے (دینا)
سلہج (مونث) سالے کی بیوی۔ دیکھو سالا۔
سمدھن (مونث) دُولھا دُلھن کی مائیں اور اُن کے قریب کے رشتے کی عورتیں آپس میں سمدھن کہلاتی ہیں۔
سمدھی (مذکر) دُولھا دُلھن کے باپ اور اُن کے قریب کے رشتے کے مرد۔
سمدھیانہ (مذکر) سمدھن یا سمدھی کا گھرانہ۔
سنجوگ (مذکر) عقد۔ نکاح۔ شادی کا رشتہ۔ گٹھ جوڑا۔
سندھارا (مذکر) ساون کے مہینے کا تحفہ جو بہو کے لیے بھیجا جائے۔ (ہندوؤں کی رسم)
سوتن / سوکن (مونث) شوہر کی دوسری عورت جو پہلی بیوی پر کی گئی ہو۔ عورت کو سوکن کا سب سے زیادہ رنج ہوتا ہے۔
کہاوت:
اک تنک ساتن پڑا کل نہ پڑت دن رین
سوتن جا کے نین میں کیسے پاوے چین
سوکن (مونث) دیکھو سوتن۔
سُہاگ (مذکر) بناؤ سنگھار۔ خوش وضعی۔ رنگیلا پن۔ مُراد شادی کی خوش وقتی۔ شادی کا سُکھ جو عورت کے لیے ایک بڑی نعمت ہو (بنا رہنا) شوہر زندہ رہنا۔ (بگڑنا) مُراد رانڈ ہو جانا۔ شوہر مرجانا۔

سُہاگ پٹارا (مذکر) دُلھن کے سنگھار
کی چیزیں رکھنے کا صندوقچہ یا
اسی قسم کا کوئی ظرف۔
سُہاگ پُڑا (مذکر) دُلھن کے سنگھار
کی چیزوں کا پُلندہ جو شادی سے
ایک دو روز پہلے بطور تحفہ دوُلھا
کی طرف سے بھیجا جائے۔
سُہاگ پُڑا اور پٹارہ حسب حیثیت
بہت خوش نما بنوایا جاتا ہے اور
ساچق کا ایک اہم جُز سمجھا جاتا
ہے۔ بعض گھرانوں میں اس کو
محفوظ رکھا جاتا ہے۔
سُہاگن (مونث) شوہر والی عورت۔
سُہانی (مونث) اصطلاحاً وہ گالی یا
ملامت کا لفظ جو شادی کے
موقع پر دُلھن والے دوُلھا اور
دوُلھا والوں کو چھیڑ چھاڑ اور
مذاق کے طور پر دیں۔
سہالگ (مذکر) دیکھو ساہا (سایا)
سوہا (سُہا)
سیانا (مذکر) بالغ، سمجھ دار۔ جوانی کی
عُمر کو پہنچا ہوُا۔
شربت پلائی (مونث) شمالی ہند کے
مسلمانوں میں نکاح کے بعد
دوُلھا کو شربت پلانے اور اس
کا بچا ہوُا دُلھن کو پلانے کی
رسم۔
شگوُن (مذکر) کسی چیز یا فعل کے
اچھے بُرے اثرات دیکھ کر اپنے
ہونے یا کرنے والے کام کے
لیے نتیجہ اخذ کرنے کا طریقہ۔
اچھا اثر ہو تو نیک شگوُن اور
بُرا ہو تو بد شگوُن کہلاتا ہے۔
(دیکھنا۔ لینا) آیندہ کرنے یا
ہونے والے کام کے لیے
علامات تلاش کرنا۔ اچھے
بُرے اثرات کا اندازہ لگانا۔
(کرنا) شادی کے لیے کوئی اچھی
ابتدا کرنا۔
شَوہر (مذکر) دیکھو خاوند۔
شہ بالا (مذکر) گھوڑے پر نوشہ (دوُلھا)
کے پیچھے بیٹھنے والا لڑکا۔

عِدّت (مونث) کریا بیٹھنا۔ قریب چار مہینے کی مدّت جو عورت شوہر کے مرنے کے بعد اس کے گھر بیٹھ کر گزارے یعنی اس مدّت میں نہ دوُسری شادی کرے اور نہ کہیں آئے جائے۔ یہاں تک کہ حمل کا گمان جاتا رہے۔

قُرَم (مذکر) دیکھو بھڑوا۔

قول کا چھلاّ (مذکر) منگنی قرار پانے کی نشانی جو رسماً چاندی کا چھلّا ہوتا ہے جو سونے کی انگوٹھی کے ساتھ دوُلھا کی طرف سے دُلھن کو اور دُلھن کی طرف سے دوُلھا کو بطور نشانی پہنایا جاتا ہے اسی لیے اس کو نشانی کا انگوٹھی چھلاّ بھی کہتے ہیں۔

کاکا (مذکر) ہندی میں چچا کو کہتے ہیں

کاکی (مونث) چچی۔ کاکا کی بیوی۔

کُٹنا (مذکر) کوئی۔ قرم ساق دیکھو کُٹنی۔

کُٹنی (مونث) وہ عورت جو مرد اور عورت کے ناجائز تعلقات کرائے۔ دلاّلہ۔

ایسے مرد کو کُٹنا کہتے ہیں۔

کِریا بیٹھنا (مصدر) دیکھو عِدّت بیٹھنا۔

کَسبی (مونث) دیکھو رنڈی۔

کُمار (مذکر) کنوارا لڑکا۔

کنچن (مونث) کسبی۔

کنچن کایا (مونث) سنہرے رنگ کے جسم کی عورت۔

کنگنا (مذکر) ہندوؤں میں دوُلھا دلھن کو نظرِ بد سے بچانے کے لیے کلائی میں باندھنے کا کلاوا جس میں لوہے کا چھلاّ، ٹوٹی کوڑی، سُپاری کی ڈبی اور کالا دانہ وغیرہ بندھا ہوتا ہے۔

پھیروں کے بعد یہ کنگنا کھولا جاتا ہے اُس وقت سمدھی کو گالیاں دی جاتی ہیں۔

کنّیا (مونث) کنواری لڑکی۔

کنّیا دان (مذکر) لڑکی کا جہیز دیکھو دان اور جہیز۔

۲۔ لڑکے لڑکی کی شادی کرنا۔

کنوارا ناتا (مذکر) لڑکا لڑکی کی شادی کی رسم ادا ہونے سے پہلے

دونوں گھروں کے رسمی تعلقات
یا میل ملاپ۔
گوتی (مذکر) دیکھو گُتنا۔
گانٹھ بندھنا (مصدر) ہندوؤں میں
عورت مرد کا رشتہ ہو جانے کو
کہتے ہیں جو ایک دوسرے کے
دامن میں گانٹھ باندھ کر ظاہر
کیا جاتا ہے۔
گٹھ جوڑا (مذکر) میاں بیوی۔ زوجین
جورو خاوند۔ مراد دولھا یا دلھن
کے ماں باپ۔
گدرا ڈیل (مذکر) بھرا بھرا بدن۔
گرہستی (مذکر) بال بچوں والا۔ اہل و
عیال والا۔
گود آنا (مصدر) عورت کے جوان ہونے
کی علامت کا ظاہر ہونا۔
چھاتیوں کا اُبھار۔
گونا (مذکر) لڑکی کی بِدا (وداع)
رخصتی۔ (کرنا۔ ہونا)
گونہاری (مونث) نئی نویلی دلھن۔
گیلڑ (مذکر) عورت کے پہلے شوہر کی
اولاد جو اس کے ساتھ دوسرے
شوہر کے گھر آئے۔
گھر گیلی (مونث) دیکھو دھری۔ گھردھری۔
لگن (مذکر) ہندوؤں میں منگنی کی تاریخ
مقرر کرنے کی رسم جس میں برہمن
سے مہورت دکھوا کر پتر لکھوایا
اور ناریل کے ساتھ لڑکی والے
کے گھر بھیجا جاتا ہے۔ (آنا)
لگن پتری (مونث) منگنی ٹھیرانے کا رقعہ۔
ماجایا (مذکر) ایک ماں کے پیٹ سے
پیدا ہوئی وی اولاد۔
ماما (مذکر) دیکھو ماموں۔
مایوں بٹھانا (مصدر) دیکھو بان بٹھانا
فقرہ ۱ے
مدراقد (مذکر) مرد یا عورت کا معمول
سے چھوٹا قد۔
مسّی ہونا (مصدر) بازاری عورتوں کا
محاورہ مراد مرد اور عورت کا
جوڑا ملنا۔
مشاطہ (مونث) سنگھار کرانے والی
عورت۔ اردو میں شادی کے

پیام لے جانے اور نسبت کرانے
والی عورت کو کہتے ہیں۔
ممسالا (مذکر) ماموں کا سالا یعنی ممانی
کا بھائی۔
ممیا ساس (مونث) دیکھو ساس۔
ممیا شسرا (مذکر) شوہر یا زوجہ کا ماموں۔
منبھا بٹھانا (مصدر) دیکھو بان بٹھانا فقرہ ۲
منڈوا] (مذکر) سنسکرت منڈپ۔ برات
منڈھوا] کو بٹھلانے اور شادی کی رسمیں
ادا کرنے کو عارضی بنایا ہوا سائبان
(چھانا۔ چھوانا)
منسوبہ (مونث) وہ عورت جس سے
نسبت لگی ہو یا منگنی ٹھیر گئی ہو۔
منگنی (مونث) شادی کی خواہش یا
درخواست۔
کہاوت:۔
چٹ میری منگنی پٹ میرا بیاہ۔
منگیتر (مذکر۔ مونث) وہ مرد یا عورت
جس سے شادی کرنے کی درخواست
کی گئی ہو۔
منھ دکھائی (مونث) عزیزوں کے
تحفے جو دُلھن کے پہلی مرتبہ سامنے
آنے پر دیے جائیں (دینا)
موَر] (مذکر) دُولھا یا دُلھن کے سہرے
موَڑ] کا تاج۔
۲۔ موڑی۔ بے بیاہی سیانی لڑکی۔
موسا (مذکر) ماں کی بہن کا میاں۔
(خالو)
مولی (مونث) دُولھا اور دُلھن کی کلائی
میں باندھنے کا کلاوا (سُرخ
سوُت کا ڈورا)
مہر (مذکر) مسلمانوں میں عورت کو
زوجیت میں لانے کا معاوضہ
جو فریقین کی حیثیت کے مطابق
زرِ نقد ہو یا کوئی خدمت یا جنس
ہو۔ (باندھنا۔ مقرر کرنا)
مہوُرت (مونث) شگون لینے کی ساعت
جس کی مدّت زیادہ سے زیادہ
۴۸ منٹ ہوتی ہے (دیکھنا)
میاں (مذکر) گھر والا۔ گھر کا مالک و
بزرگ۔ اور بیوی کے مقابلے
میں شوہر کے معنوں میں بولا

جاتا ہو۔
میکا (مذکّر) ماں کا گھر یا گھرانا اصطلاحاً بیوی کے ماں کے گھر کے لیے بولا جاتا ہو۔
ناتا (مذکّر) نسبتی رِشتہ۔
نام نویسی (مونّث) لڑکے اور اُس کے اجداد وغیرہ کے ناموں کی تحریر جو تحقیق حال کے لیے لڑکی والے کے ہاں بھیجی جائے۔
نانا (مذکّر) ماں کا باپ۔
نائکہ (مونّث) بازاری اصطلاح مُراد کسبیوں کا معاملہ کرانے والی عورت یا کسبی کی مالکہ۔
نتھنی اُترنا (مصدر) عامیانہ بازاری محاورہ مُراد تعلّقات زوجیت ہو جانا۔ عورت کا کنوارپنا ختم ہو جانا۔
نچھاور (مذکّر) وارنا۔ وارپھیر۔ نقدی یا کسی اور جنس کی بکھیر جو بطور صدقہ (خیرات) سر پر سے کی جائے۔ (کرنا)
نسبت (مونّث) دیکھو منگنی۔

(ٹھیرنا۔ ہونا)
نشانی کا چھلّا (مذکّر) دیکھو قول کا چھلّا۔ اس کو منگنی کا چھلّا بھی کہتے ہیں۔
نند (مونّث) شوہر کی بہن۔
نندوئی (مذکّر) نند کا شوہر۔
ننیا ساس (مونّث) دیکھو ساس۔
ننھیال (مونّث) نانی کا گھر یا گھرانا۔
نواسہ (مذکّر) بیٹی کا بیٹا۔
نوتا ۔ نیوتا (مذکّر) شادی یا کسی تقریب کا بُلاوا (دینا)

کہاوت:۔
کیوں اندھا نیوتا اور دو بُلائے۔

نوتار (مذکّر) بُلاوے کی جگہ۔

کہاوت:۔
باپ مارے تو روئے نہیں
نیوتار گئے تو سوئے نہیں

نوتائی (مذکّر) نیوتا لانے والا۔ بُلاوا لانے والا
۲۔ بُلاوا لانے والے کا انعام۔
نوداسی (مونّث) دوسری بیوی۔
نویل (مونّث) شادی بیاہ یا موت کی

خبر۔ اعلان ۔
(پھیرنا) شادی بیاہ کی تقریب یا موت کی خبر برادری والوں کو پہنچانا جو صرف اعلان کی صورت ہوتی ہے نہ کہ بلاوے کی ۔
نیگ (مذکر) سنسکرت نیگاما یا نیاما یعنی دستور حق خدمت ۔ ثواب بھلائی مالی سلوک جو بڑے چھوٹوں کے ساتھ کرے ۔ اصطلاحاً وہ عطیہ جو شادی کے موقع پر کسی رسم کی انجام دہی پر بڑے چھوٹوں کو دیں یا عزیزوں کو دیا جائے ۔ (دینا۔ لینا)
نیگ جوگ (مذکر) مقررہ یا رسمی عطیہ جو تقریب کے موقع پر دیا جائے ۔
نیگی (مذکر) نیگ دینے یا لینے والے ۔
وار پھیر (مونث) دیکھو نچھاور ۔
وارنا (مصدر) دیکھو نچھاور کرنا ۔
ولیمہ (مذکر) شادی کے دوسرے روز کی دعوت جو دولھا کی طرف سے دوستوں اور رشتے داروں کو دی جائے ۔ (دینا۔ کرنا)
ہاتھ پیلے ہونا (مصدر) شادی کی خوشی منانا یا ہونا ۔
ہتیاری (مونث) وہ بیوہ عورت جو برادری کے کسی مرد کے گھر جس کو وہ پسند کرے آ بیٹھے۔ پلا پکڑ لے ۔
ہیجڑا (مذکر) وہ مرد جو نامرد بنا دیا جائے ۔

۴۔ پیشہ آب کاری

آب کار (مذکر) دیکھو کلال ۔
آب کاری (مونث) کلالی۔ شراب بنانے کا طریقہ یا پیشہ شراب سازی ۔
اُٹانی (مونث) اُٹھانی کا دوسرا تلفظ شراب کی بھٹی خالی کرنے کا ظرف دیکھو بیّا ۔
افیم (مونث) عربی لفظ افیون کا اُردو تلفظ خشخاش کے پودے کے پھل کا رس ۔
افیمی (مذکر) افیم کا نشہ کرنے والا یعنی نشے کے لیے افیم کھانے والا ۔
اِک بارا (مونث) ٹھرا۔ بھٹی سے پہلی مرتبہ کی نکالی ہوئی شراب ۔

املی پانی (مذکر) دیکھو عمل پانی۔
املی (مذکر) دیکھو عملی۔
اینچی (مونث) مدک پینے کی نلی کے اندر کا میل جو مدک کے نشے کو تیز کرنے کے لیے مدک میں ملایا جاتا ہے۔
برَوٹ (مذکر) دیکھو پاسنا۔
بِجیا (مونث) بھنگڑوں کی اصطلاح مُراد بھنگ۔ دیکھو بھنگ۔
بھٹی (مونث) آب کاروں کی اصطلاح مُراد شراب بنانے کا بڑا بھبکا۔
بھنگ (مونث) بجیا۔ ایک قِسم کے پودے کے بیج جن کو کھانے سے نشہ پیدا ہوتا ہے۔
۲۔ بھنگ کی تاثیر ٹھنڈی ہوتی ہے اس لیے شمالی ہندستان کے اکثر ہندو گرمی کے موسم میں جو بہت سخت ہوتا ہے اس کو مختلف طریقوں سے ٹھنڈائی کے نام سے استعمال کرتے ہیں۔
بھنگڑ (مذکر) نشے کے لیے بھنگ پینے کا عادی۔
پاچھنا (مصدر) پچھنے لگانا۔ ٹانکی لگانا۔ کاچھنا۔ آب کاروں کی اصطلاح میں خشخاش کے پودے کے کچے ڈوڈے کو جو پوست کہلاتا ہے کسی دھار دار آلہ سے کچوکے یا کھوپچے لگانا تاکہ اُس کا رس نکلے جس سے افیم بنائی جاتی ہے۔
پارچنا | پرچ (مونث) سنسکرت پر چھو، بہ معنی کسی تیز نوک دار چیز سے گودنا۔ مُراد افیم کے ڈوڈے کو چھیدنا۔ دیکھو پاچھنا۔
پاسنا (مذکر) پچھنے لگانے کا تیز نوک کا چاقو۔ افیم کے ڈوڈے گودنے کا تیز دھار کا چاقو۔
پاسی (مذکر) افیم کے ڈوڈے میں ٹانکی (شگاف) لگانے والا۔
پس | پاس (مونث) شراب کھینچنے کی سڑائی ہوئی جنس جس کو خمیر ہونا کہتے ہیں یعنی نشہ پیدا

کرنے کے قابل۔

پوست (مذکر) چھلکا۔ ڈوڈے کا خول اصطلاحاً خشخاش کے پودے کے ڈوڈے کو کہتے ہیں جس کو درخت میں لگے ہوئے کچی حالت میں پاچھنے سے رس نکلتا ہے جو افیم کی اصل ہوتا ہے۔

پوستی (مذکر) وہ شخص جو نشے کے لیے پوست کا عرق پینے کا عادی ہو۔

پُھلکا (مونث) پھول۔ دوآتشہ شراب، تیز قسم کی شراب۔

پھول (مونث) دیکھو پُھلکا۔ دومرتبہ کھینچی ہوئی شراب۔

تاڑی (مونث) تاڑ کے درخت کا مد۔ جو درخت سے نکلنے کے بعد خمیر ہو جاتا اور پینے سے نشہ پیدا کرتا ہے۔ دکن میں یہ درخت بہت پیدا ہوتا ہے جس کا مد سرکاری طور پر کلالوں کے ہاتھ فروخت کیا جاتا ہے۔

(تانا) تاڑ کے درخت کا مد نکالنا جو درخت کے تنے میں شگاف دے کر نکالا جاتا ہے۔

تاوا (مذکر) بھٹّی (بھپکے) میں شراب کی تیاری کا عمل (آنا)

ٹپکا (مذکر) پہلی مرتبہ کی کشیدہ شراب (ایک بارا)

ٹھرّا (مذکر) رسّی۔ تیسرے مرتبہ کی کشیدہ ادنیٰ قسم کی شراب۔

ٹھنڈائی (مونث) بھنگڑوں کی اصطلاح مراد بھنگ۔ دیکھو بھنگ فقرہ ۲

چرس (مذکر) بھنگ کی قسم کے پودے کے پتیوں کا چورا جو چائے کی پتی کی طرح چمڑے (چرم) کے اوپر رگڑ کر خشک کیا جاتا ہے اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہوئی۔ اس چورے کو نشے کے لیے تمباکو کی پتی کی طرح چلم میں پیتے ہیں۔

چرسی } (مذکر) وہ شخص جو نشے کے
چرسیا } لیے چرس پینے کا عادی ہو۔

چنڈو (مذکر) افیم کا ست اور تمباکو کا قوام ملا کر تیار کی ہوئی نشیلی چیز جس کو بہت کم مقدار میں چرٹ کی وضع کی مُہنال میں سُلگا کر دم لگاتے ہیں۔ اس کی لت پینے والے کو نہایت خراب اور خستہ حال بنا دیتی ہے اور مرتے دَم تک نہیں چھوٹتی۔

چنڈو باز (مذکر) وہ شخص جس کو چنڈو پینے کی لت ہو۔

چھیونا (مصدر) تاڑ کے درخت کا مَد نکالنے کے لیے اس کے تنے میں شگاف لگانا سوراخ بنانا یا تنے کو چھیدنا۔ دیکھو تاڑی تانا

خُتکا | گُتکا (مذکر) کوٹنک۔ بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا۔ موسل۔

خُمار (مذکر) ہلکا سا نشہ۔ نشے کا اُتار جو گراں معلوم ہو۔

دارو (مونث) کلالوں کی اصطلاح مُراد دیسی شراب۔

دو آتشہ (مونث) دو مرتبہ کی صاف کی ہوئی شراب۔

دودھی افیم (مونث) پوست کا تازہ رس جو پتلا اور کسی قدر سفیدی مائل بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔ اس حالت میں اس کو کچّی یا دودھی افیم کہتے ہیں۔

ڈورا (مذکر) بھٹّی (بھپکے) میں سے شراب نکالنے کا ظرف۔

رسی (مونث) چوتھے درجے کی ہلکی قسم کی معمولی شراب۔

رشیا (مذکر) شراب کا عادی اور ہر وقت نشے میں رہنے والا شخص۔ ہر وقت پیے رہنے والا۔

ساقی (مذکر) شراب پلانے والا۔

سرور (مذکر) ہلکا نشہ جو پُر کیف اور خوش کن ہو۔ نشے کا چڑھاؤ۔

شنڑی (مذکر) دیکھو کلال۔

سیتا (مذکر) بھٹّی میں سے شراب نکالنے کا چمچہ۔

سیندھی (مونث) کھجور کے درخت کا مد جو دھوپ لگنے سے خمیرہ ہو جاتا

اور پینے سے نشہ کرتا ہو۔ وکن میں
اس کو نشے کے لیے پیا جاتا ہو۔
شراب (مونث) عربی لفظ شُرب بہ معنی
شور با اُردو میں مختلف چیزوں
کی تیار کی ہوئی نشہ کرنے والی
چیز مُراد لی جاتی ہو۔
شرابی (مذکر) وہ شخص جو شراب پیے
رہنے کا عادی ہو۔
عملی
املی } (مذکر) نشے باز۔ نشے کا لتیا۔
۵ عملی ہوکے دھرے دِہان
گرہی ہوکے کتھے گیان
جوگی ہوکے کوٹے بھگ
کہیں کبیرؔ یہ تینوں ٹھگ
عمل پانی
امل پانی } (مذکر) نشے بازوں کی اصطلاح
مُراد نشے کی چیز یا شراب
(کرنا)
کاچھنا (مصدر) کچوکنا۔ دیکھو پاچھنا۔
۲۔ پوست کا عرق نکالنا۔
کاچھنی (مونث) پوست میں کھرونچے
لگانے کا چاقو۔

کفا
کفائی } (مونث) بھنگ کے پودے
کے پتّوں پر پیدا ہونے والا
پھپھوندی کی شکل کا مادّہ جس کو
کپڑے میں لگا کر اُتارتے اور جمع
کرکے مدک بناتے ہیں۔
کلال (مذکر) کلوار۔ سُنڑی (بنگال)
شراب بیچنے والا دُکان دار۔
شراب اور دوسری نشیلی چیزوں
کا پیشہ کرنے والا۔
کلوار (مذکر) دیکھو کلال۔
کوتک
کُتکا } (مذکر) دیکھو کُتکا۔ بھنگ گھوٹنے
کا سونٹا۔
پریت ایسی کیجیے جیسا کُتکا بھنگ
وہ توڑے واکی پسلی وہ لپٹے واکے انگ
کھولار
کھولارا } (مذکر) خول کا غلط تلفظ مُراد
خشخاش کے پودے کا ڈوڈا
جس کے پوست کے مدّ (رس)
سے افیم بنائی جاتی ہو۔
گانجا (مذکر) بھنگ اور تمباکو کا ست
ملا کر بنائی ہوئی نشیلی چیز جو چلم
میں تمباکو کی طرح سُلگا کر پی

جاتی ہے۔

گانجیا (مذکر) گانجے کا نشہ کرنے والا شخص

گُردنی (مونث) بھٹی سے شراب نکالنے کا ڈونگا یا اُسی قسم کا ظرف۔

گِلوُنڈا (مذکر) موے کے درخت کے پھول کا ڈوڈا جو شراب بنانے کے کام آوے۔

لاہن (مونث) شراب کا خمیر جو شراب بنانے والی چیز میں پیدا ہو۔
(آنا۔ ہونا۔ اُٹھنا)

لبنا (مذکر) سنسکرت لبھن بہ معنی لُٹیا۔ وہ برتن جو سیندھی یا تاڑ سے درخت میں مد (رس) جمع ہونے کو باندھا جائے

لپٹا (مذکر) شراب بنانے کی جنس کا گھولوا جو گل سڑ کر خمیر دار ہو گیا ہو اور جس سے شراب کھینچی جا سکے۔

لدھوڑی (مونث) بھٹی سے شراب نکالنے کا ڈونگے کی قسم کا برتن۔

لوگی (مونث) شراب رکھنے کا چوبی ظرف۔ کدو کی بنائی ہوئی بوتل۔

۲۔ شراب کی بھٹی میں چلانے کی ڈوئی۔

مٹھور (مذکر) شراب بنانے کا گھڑا۔

مدک (مونث) گانجے کی قسم کی نشیلی چیز جو بھنگ کے پتوں کی پھوئی وغیرہ سے بنائی جاتی ہے۔
دیکھو گانجہ۔

مدکی (مذکر) مدک کا نشہ کرنے کا عادی شخص۔

مرکھا (مذکر) پوست کی بیماری۔ دیکھو پوست۔

نہوا (مذکر) لاہن۔ پاس۔ شراب کی بھٹی میں ڈالنے کا شکر کا بنایا ہوا خمیر۔ شراب بنانے کا خمیر۔

نشہ (مذکر) بیخودی۔ غفلت۔ مدہوشی یا بیہوشی جو نشیلی چیز کے استعمال سے پیدا ہو۔

نشے باز (مذکر) نشیلی چیز کا استعمال کرنے والا شخص۔

نشیلی (مونث) نشہ پیدا کرنے والی چیز۔

نیرا (مذکر) سیندھی یا تاڑ کے درخت کا تازہ مد (رس) جو سورج نکلنے

سے قبل نکالا جائے اور جس میں
نشے کا خمیر نہ پیدا ہوا ہو۔

۴۔ پیشہ بھنڈے برداری۔

آب نَے (مونث) پھوار (فوارہ) ٹیروا
جل ترنگ۔ گڑگڑی۔ نیچے کی کھڑی
نَے جس کا نچلا سرا حقے کے پانی
میں ڈوبا رہتا ہے اور اوپر کے سرے
پر چلم رکھی جاتی ہے۔ دیکھو حقہ۔

آسمان کھونچا (مذکر) پنجاب والوں کی
اصطلاح معمول سے بہت زیادہ
لمبی نَے کا نیچہ جس کی مُنال بالاخانے
تک پہنچ سکے اور کوٹھے پر بیٹھا
آدمی اوپر ہی سے حقے کا دم
لگا سکے

ادھے کا نیچہ (مذکر) معمول سے چھوٹی
نَے والا نیچہ۔

اڈی (مونث) اڑی کا غلط تلفظ۔
دیکھو اڑی۔

اڑی / آڑی (مونث) توڑ۔ مڑوڑی۔ سرگا۔
نیچہ کی نَے اور نَلی کو اندر سے
صاف کرنے کا آردار گز یا کانٹے
دار سلاخ جس سے نَے کے اندر کی
تیل وغیرہ کھرچی جا سکے یا سوراخ
کیا جا سکے۔

اڑی

اڑی (توڑ)

استر (مذکر) چینی نیچے کی نلیوں کے
اوپر کپڑے کی پٹی کی لپیٹ۔
(پیچپا)

اُلٹی چین (مونث) دیکھو چین۔

اِفرنی (مونث) کلی کے ٹیروے (آبِ نَے)

کے اُوپر کی گاؤدُم بنائی ہوئی نوک جس پر چلم رکھی جاتی ہو۔ دیکھو کلی۔

بیڑی (مونث) ایک قسم کے درخت کے پتّے سے سگرٹ کی وضع پر تمباکو کی بنائی ہوئی پُڑی جو غریبوں کے استعمال کے لیے گھریلو صنعت کے طور پر تیار کی جاتی ہو۔

بھنڈا (مذکر) دیکھو حقّہ۔

بھنڈے بردار / بھنڈا بردار (مذکر) سرِراہ عوام کو یا امیروں کے ہاں حُقّہ پلانے کی خدمت انجام دینے والا شخص۔

بھنڈے خانہ (مذکر) حُقّے کا سامان رکھنے کا حُجرہ۔

بھوگلی (مونث) شک بنانے کی تار کی بنی ہوئی نلی۔ دیکھو شک۔

پچّی بھوگلی (مونث) سانس بند بھوگلی یعنی وہ بھوگلی جس پر کسی قسم کی باریک چھال یا پتّے کی کتر نیں تار کی درزیں بند کرنے کو بطور غلاف

لپیٹ دی گئی ہوں۔

پیالا (مذکر) کلی کے ٹیروے (آب نی) میں گردے کی شکل کا بنا ہوا کٹاؤ (ٹیروے کا گردا) دیکھو کلی۔

پیچوان (مذکر) قلفی دار نیچے کا حُقّہ۔ دیکھو حُقّہ۔

پیک (مونث) بھنڈے برداروں کی اصطلاح مُراد چلم میں بھرنے کے لائق تمباکو کی بٹّیا۔

پیکوں کا توبڑا (مذکر) بھنڈے برداروں کا تھیلا جس میں چلم بھرنے کا لوازمہ رہتا ہو۔

پُھوارا (مذکر) فوّارے کا غلط تلفظ۔ دیکھو آب نی۔

تمباکو (مذکر) گڑاکو۔ حقّے میں پینے کا بنایا ہوا تمباکو، پان میں کھانے کے تمباکو کو زردہ کہتے ہیں۔

توا (مذکر) چلم میں تمباکو کے اوپر ڈھکنے کا مٹی کا بنا ہوا ڈھکنا جو تمباکو کو آگ کے راست اثر سے

بچاتا ہے اور جلد جلنے نہیں دیتا۔
(جمانا۔ رکھنا) چلم کے تمباکو کے
اوپر توا ڈھکنا۔

توڑ (مذکر) دیکھو (ارنی)

ٹاٹ بافی نے (مونث) سنہری روپہلی
کلابتوں اور ریشم کی لپیٹ کا بنا
ہوا خوش نما نیچہ۔

ٹونٹی (مونث) نلی میں نے یا سٹک لگانے
کا منہ۔ دیکھو نلی۔

ٹیروا (مذکر) مہرو۔ نلی کا فوارہ یا آب نے
دیکھو نلی۔ لفظ ٹیروا نلی کی آب نے
کے لیے اصطلاحاً بولا جاتا ہے۔

تھڑیا / ٹھڑیا (مذکر) سر راہ کھڑے کھڑے
پینے یا پلانے کا کھڑی نے کا حقہ۔
سگرٹ کے رواج سے قبل بھنڈے
بردار سڑک کے کنارے تھڑے
پر راہ روؤں کے لیے جو حقہ
لے کر کھڑے ہو جاتے تھے وہ
اصطلاحاً ٹھڑیا کہلاتا تھا۔

جل ترنگ (مذکر) دیکھو آب نے۔

جلیبی دار قلفی (مونث) دیکھو قلفی۔

چاندی کرنا (مصدر) بھنڈے برداروں
کا محاورہ مراد حقے کے لمبے اور
جلدی جلدی دم کھینچنا جس سے
تمباکو جل کر راکھ ہو جائے۔

چُٹّا (مذکر) دکن کی اصطلاح۔ چُرٹ
کا غلط تلفظ۔

چُرٹ (مذکر) فرانسیسی لفظ شیروٹ
کا اردو تلفظ۔

چُغَل (مذکر) فارسی لفظ چُغز کا غلط تلفظ۔
بھنڈے برداروں کی اصطلاح
مراد وہ ٹھیکری جو چلم کے سوراخ
پر تمباکو کے نیچے رکھی جائے تاکہ
تمباکو آب نے میں نہ گرے۔ اور
تمباکو کا دھنواں رکا رہے یا دم
کھائے۔

چلم (مونث) حقے کی انگیٹھی جو عام طور
سے مٹی کی بنی ہوئی ہوتی ہے
اس کی تہ پر تمباکو جما کر اوپر آگ
بھر دی جاتی اور آب نے کے
سرے پر ٹکا دی جاتی ہے۔
دیکھو حقہ (بھرنا)

(بھڑکنا) چلم کی آگ تیز ہو جانا۔

چِلَم چٹ (مذکر) حقّہ پینے کا دھتی۔ لتیا رسیا یا وہ شخص جو جلدی جلدی حُقّے کے دَم لگا کر تمباکو جلا دیتا ہو۔

چُنبل (مذکر) چلم کا گھریا اُوپر کا پھیلا ہوا حصّہ جس میں آگ رکھی جاتی ہے۔

چُنبل پوش (مذکر) چلم کے گھیر پر ڈھکنے کا جالی دار ڈھکنا۔ دیکھو حُقّہ۔

چین (مونث) نیچہ کے اُوپر کپڑے کی پٹّی کی لپیٹ کے بَل پہ بل جب خلاف معمول اُوپر سے نیچے کے رُخ ہوتے ہیں تو اُلٹی چین کہلاتے ہیں۔

چین کاری (مونث) نیچہ پر کپڑے کی پٹّی کے لپیٹ جو مختلف وضع کی سادہ اور پھول دار خوش نما بنائی جاتی ہے۔

حُقّہ (مذکر) عربی لفظ بہ معنی ڈِبّا وغیرہ بھنڈے بر داروں کی اصطلاح میں اُس ظرف کو کہتے ہیں جس میں نیچہ لگایا جاتا ہے اور اس پُورے مجموعے کا نام حقّہ ہو گیا ہے۔ حُقّے مختلف وضع کے ادنیٰ اور اعلیٰ ہر قسم کے بنائے جاتے ہیں اس کے شوق نے بڑے بڑے تکلّفات پیدا کیے اور اس کو رونقِ محفل بنا دیا۔ کسی نے اس کی ہر دل عزیزی پر شعر کہا ہے ؎

حُقّہ ہر کا لاڈلا سب کا رکھے من
بھری سبھا میں یوں بھرے جوں گوپن میں کنھ
با بھی وا کی جل بھری اُوپر جری آگ
جب ہی بجائے بانسری نکسو کرو ناگ

اور کہاوت ہے کہ:

حُقّے کی ماری آگ۔
باقی کا مارا گانو

یعنی جس چوٗلھے سے چلمیں بھری جائیں وہ چوٗلھا نہیں بجھتا اور جس گانو پر لگان باقی رہے وہ گانو نہیں سنورتا۔

(تازہ کرنا۔ تیار کرنا) حُقّے کے نیچے کو دھو کر ٹھنڈا کرنا اور حُقّے کا

حُقّہ

الف۔ حُقّہ
ب۔ نیچہ
۱۔ مُنال
۲۔ نَے
۳۔ کُہنی (قُلفی)
۴۔ دَم کش
۵۔ قُفل
۶۔ جل ترنگ (آب نَے)
۷۔ گٹّا

ج۔ گلی
۱۔ ٹونٹی
۲۔ دامن
د۔ ٹیرؤ (آب نَے)
۱۔ اِفراوتی
۲۔ پیالا
۳۔ گولا
ہ۔ سٹک

پیچوان (قُلفی دار نیچہ)

چلم
۱۔ چُنبل

چُنبل پوش

پانی بدلنا۔

(بھرنا) حُقّے کے لیے چلم میں تمباکو جما کر آگ رکھنا۔

دم کھانا (حُقّے کی چلم کے تمباکو کا آگ کی گرمائی پکڑنا۔

(آنا) حُقّہ پینے میں یا حُقّے کا دم لگانے میں تمباکو کا دھنواں آنے لگنا۔

(سُلگنا۔ جلنا) چلم کے تمباکو کو آگ کا تاؤ لگنا۔

(اُڑانا۔ بجانا) بے تکلف حُقّہ پیے جانا۔

(گُھٹا ہوا آنا) چلم یا نَے کی خرابی کی وجہ سے حُقّے میں دُھنواں رُکا ہوا آنا یا کم نکلنا۔

دامن (مذکر) کلی کا گھیر یا پیندے کا دَور دیکھو کلی۔

دمڑیا حُقّہ (مذکر) مدریا۔ اہلِ لکھنؤ کی اصطلاح۔ کسی زمانے میں لکھنؤ میں مٹی کا تیار بھرا بھرایا حُقّہ بازار میں پیسے دو پیسے میں فروخت ہوتا تھا۔ حُقّے کے شوقین اُسے ہاتھ میں لیے چلتے پھرتے پیتے رہتے اور ختم ہونے پر پھینک دیتے جس طرح آج کل سگرٹ کا رواج ہے۔ یہ حُقّہ دمڑیا حُقّہ کہلاتا تھا۔

دم کش (مذکر) نَے۔ سانسی۔ نیچے کی دُھنواں کھینچنے کی نَلی یا حُقّے کی ہوا کھینچنے کی نَلی۔ دیکھو حُقّہ۔

دَم لگانا (مصدر) حُقّہ پینا۔ نیچے سے چلم کے تمباکو کا دُھنواں کھینچنا۔

دَمّی (مونث) ناریل کا حُقّہ جس میں پانی نہ ڈالا جائے۔

سانسی (مونث) دیکھو دم کش۔ نیچے کی مُہنال۔

سٹک (مونث) تار کی بنائی ہوئی نَلی جس کو تیار کر کے نَے کی بجائے بطور سانسی استعمال کیا جاتا ہے۔ عام طور سے کلی میں لگائی جاتی ہے۔ چوں کہ سٹک لچک دار ہوتی ہے اور ہر طرف پھیری اور

گُنڈلی بنائی جاسکتی ہے اس لیے
اُمرا اور خوش مذاق حُقّہ پینے
والوں میں بہت مقبول ہے۔
دیکھو کلّی۔

سرگا } (مذکر) سوٗجا۔ دیکھو آری۔ نَے
سرس } صاف کرنے کا خاردار آہنی گز۔

سِگار (مذکر) دیکھو سِگرٹ۔

سُلفا (مذکر) عربی لفظ سُلفہ بہ معنی
مہمان کے لیے سُرعت کا تیار کیا
ہوا ناشتہ۔ بھنڈسے برداروں
کی اصطلاح میں جلدی تیار
ہو جانے والے حُقّے یعنی بغیر
توے کی بھری ہوئی چِلم کو کہتے
ہیں جو جلد سُلگ جائے۔
(بھرنا) بغیر توے کی چِلم بھرنا۔

سوٗجا (مذکر) دیکھو سرگا۔

ضامن (مذکر) دیکھو قُلفی۔

طلب (مونث) حُقّے یا کسی قِسم کی عادتی
استعمالی چیز کی خواہش جس کے
نہ ملنے پر طبیعت بے چین ہو۔
(ہونا۔ لگنا) لت۔

فتح پیچ (مذکر) سٹک والا حُقّہ یا کلی یعنی
وہ حُقّہ جس میں بجائے نیچے
کے سٹک لگی ہو۔ دیکھو سٹک

فرشی حُقّہ (مذکر) محفل میں استعمال
کا عمدہ قِسم کا بڑا حُقّہ۔

قُفل (مذکر) آب نَے اور سانسنی کو باہم
ملائے رکھنے والی بندش۔
دیکھو حُقّہ۔

قُلفی } (مونث) ضامن۔ گھنی۔ گلٹی۔
قُفلی } نیچے کی سانسنی کے پیچ کا جوڑ
جس کی وجہ سے نَے حسبِ خواہش
ہر طرف موڑی جاسکتی ہے۔
قُلفی مختلف شکل کی ہوتی ہے
بعض معمولی گھنی کی وضع کی ہوتی
ہے اور بعض چکردار۔ چکردار قُلفی
جلیبی دار قُلفی کہلاتی ہے۔
دیکھو حُقّہ۔

قلیان (مونث) فارسی لفظ بہ معنی
حُقّہ۔ اُردو میں کلی کہتے ہیں۔
دیکھو کلی۔

گُڑگُڑ (مذکر) لمبی نَے کا بڑی قِسم کا حُقّہ

جس سے بہت سے لوگ سیر ہو سکیں۔

رواجاً بازار میں سرِ راہ پلانے کا حُقّہ۔

گگڑ بردار (مذکر) حُقّہ پلانے والا۔ بھنڈے بردار۔

گگڑ شاہی نیچہ (مذکر) دربار یا اُمرا کی محفل کا بڑے نیچے اور لمبی نَے والا حُقّہ (آسماں کھونچا)

گلی (مونث) فارسی لفظ قلیان کا اُردو تلفظ جو ایک خاص قِسم کی بناوٹ کے حُقّے کے لیے بولا جاتا ہے جس میں آب نَے جو گلی کے لیے ٹیروا کہلاتا ہے اور سانسنی علیحدہ علیحدہ ہوتی ہیں۔ سٹک کا استعمال بھی گلی ہی کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

گُھنی (مونث) دیکھو قُلفی۔

گٹا (مذکر) حُقّے کی ڈاٹ جو آب نَے اور سانسنی کو ملا کر نچلے سروں سے کچھ اُوپر بنائی اور حُقّے کے منھ پر جما کر بٹھائی جاتی ہے تاکہ حُقّے کے اندر ہوا بند رہے۔ دیکھو حُقّہ۔ (بنانا۔ باندھنا)

گُڑاکو (مذکر) دکن کی اصطلاح مُراد حُقّے میں پینے کا بنا ہوا تمباکو، اور پان میں کھانے کا تمباکو، شمالی ہند میں زردہ کہلاتا ہے۔

گُڑگُڑا (مذکر) دیکھو آب نَے۔
۲۔ نیچہ۔ سانسنی۔
۳۔ مکمل حُقّہ۔

گُڑگُڑا ساز (مذکر) دیکھو نیچہ بند۔

گُڑگُڑی (مونث) گُڑگُڑے کا اسمِ مُصغر۔ ناریل کا حُقّہ۔

گُل (مذکر) چلم کا جلا ہوا تمباکو۔

گُلٹی (مونث) اہلِ لکھنؤ کی اصطلاح مُراد قُلفی۔ دیکھو قُلفی۔

لت (مونث) حُقّہ پینے یا اسی قِسم کی چیزوں کے استعمال کی دھت جو طبیعت میں بس جائے۔

لٹّو (مذکر) ٹیروے میں بنا ہوا گولا۔ دیکھو گلی۔

مدریا (مذکر) اہلِ لکھنؤ کی اصطلاح مُراد

ہاتھ میں لیے پھرنے کا حُقّہ۔
دیکھو دمڑ یا حُقّہ۔

مغز روشن (مونث) اہلِ لکھنؤ کی اصطلاح مُراد ہُلّاس۔ دیکھو ہُلّاس

مُنال | (مونث) سانسی (نَی) کے
مُہنال | منہ کی شام جو عام طور سے گاؤ دُم بنائی جاتی ہے۔ اُمرا کے حُقّوں میں سونے یا چاندی کی بھی لگائی جاتی ہیں۔ دیکھو حُقّہ۔

مُہرو (مذکر) مُہرے کا اسم مصغر۔ کلی کے ٹیرو ے کا اصطلاحی نام۔ دیکھو ٹیروا۔

ناس (مونث) اہلِ مدراس کی اصطلاح مُراد ہُلّاس۔ دیکھو ہُلّاس۔

نَی (مونث) دیکھو دم کش اور سانسی۔

نیچہ (مذکر) بھنڈے برداروں کی اصطلاح مُراد حُقّے پر لگانے کی آب نَی اور سانسی وغیرہ کا مکمل ڈھانچہ حُقّے کا ساز۔ دیکھو حُقّہ۔

نیچہ بند (مذکر) حُقّے کے لیے تیار کرنے والا پیشے ور۔ (نیچہ بندی ایک مستقل پیشہ ہے لیکن اس پیشے کی اصطلاحات پیشہ علاقہ بند (جلد چہارم) اور بھنڈے بردار کے پیشوں میں بٹ گئی ہیں اس لیے اس پیشے کی اصطلاحات علیحدہ نہیں لکھی گئیں)

ہُلّاس (مونث) ناس۔ سونگھنی۔ مغز روشن۔ تمباکو (زردہ) کا سفوف جو ناک سے سڑکنے کے لیے بنایا جائے۔ دکن اور خصوصاً مدراس میں اس کا بہت رواج ہے۔ اکثر لوگ حُقّے اور سگرٹ کی طرح اس کے عادی ہوتے ہیں اور بار بار اُس کو ناک میں چڑھاتے رہتے ہیں۔ یہ عمل نزلہ دفع کرنے کو کیا جاتا ہے۔ (لینا۔ سونگھنا)

۵۔ پیشہ چاکری

اصیل (مذکر) دیکھو پروردہ جو ذاتی خدمت کے لیے مخصوص اور معتبر ہو۔

اُوپری کام (مذکّر) گھر کے متفرق غیر ذمّے دارانہ کام کاج۔

باندی (مونّث) لونڈی۔ زر خرید خادمہ۔

بُوآ (مونّث) دَدَا بچّوں کی نگہ داشت کرنے والی خادمہ یا تجربے کار عورت

پالکڑا (مذکّر) دیکھو پروردہ۔

پروردہ (مذکّر) اصیل۔ پالکڑا۔ وہ لاوارث یا زر خرید لڑکا یا لڑکی جس کو گھر کے کام کاج اور ذاتی خدمت کے لیے پرورش کیا ہو اور گھر یلو خادموں میں شمار ہوتا ہو۔

پیش خدمت } (مذکّر) ٹہلیا۔ گھر والوں
پیش دست } کے کام میں ہاتھ بٹانے والا یا ہاتھ تلے اُوپر کا کام (متفرق غیر ذمے دارانہ) کرنے والا کمیرا۔

ٹہلیا (مذکّر) دیکھو پیش خدمت۔

ٹِھکانا (مذکّر) کمیروں کی مشترک اصطلاح مُراد لگی بندھی جگہ جہاں وہ اپنے مقررہ کام یا خدمت انجام دیتے ہوں۔

ٹِھکانے دار (مذکّر) وہ کمیرا جو خدمت گزاری کی موروثی یا مستقل جگہ رکھتا ہو۔ کر کمین۔

جِجمان (مذکّر) وہ آزاد کاروباری شخص جس پر کمیروں یا چاکروں کے حقوق ادا کرنا اور بر وقت اُن کی حمایت اور پرورش واجب ہو۔ کمیروں کے حمایتی۔

چاکر (مذکّر) ماتحت خادم چاک بہ معنی پیا جو اپنے مرکز پر گھومے مُراد وہ کمیرا جو آزاد پیشے کا اہل نہ ہو یا آزاد پیشہ نہ کر سکتا ہو اور یہ روزی کمانے کا سب سے ادنیٰ درجہ خیال کیا جاتا ہے۔ ہندی میں ایک کہاوت مشہور ہے۔

اُتّم کھیتی مدّھم بیوپار
نِش چاکری بھیک لاچار

چاکری (مونّث) ہاتھ تلے کی خدمت۔ ماتحتی۔

چھوکرا (مذکّر) گھریلو ادنیٰ خدمت

کرنے والا پروردہ لاوارث لڑکا۔
چھوکری (مونث) لونڈی۔ دیکھو چھوکرا۔
خادم (مذکر) ماتحت خدمت گزار چاکر خدمتی۔
خدمت گار (مذکر) دیکھو خادم اور چاکر خدمتی۔
خدمتی (مذکر) دیکھو خدمت گار۔
خواص (مونث) وہ خادمہ جو ذاتی چاکری کے لیے مخصوص اور معتبر ہو۔
دوا (مونث) دیکھو بوا۔ بچوں کی نگہداشت اور رکھوالی کرنے والی تجربے کار خادمہ۔
دہانگی (مونث) کمیروں اور پیشہ وروں کی مشترک اصطلاح مراد مقررہ روزینہ کام یا خدمت جو کمیرے کے سپرد کی جائے۔
۲۔ کاری گروں کا پورے دن کا ایک کام (لگانا۔ اٹھانا)
روٹیا (مذکر) وہ کمیرا یا چاکر جو صرف کھانے اور کپڑے پر خدمت کرے
روزینہ (مذکر) خدمت گار کا یومیہ معاوضہ خدمت جو اس کی گزر بسر کے لیے مقرر ہو۔
شاگرد پیشہ (مذکر) دیکھو پیش خدمت اور چاکر۔
شاگردی (مونث) شاگرد پیشہ یا خدمت گار کے بیٹھنے کا ٹھکانا جہاں وہ حاضر رہے۔
۲۔ تاج دار دروازے کی وہ سنگین چوکی جس پر محافظ دروازہ یا خدمت گار بیٹھے۔ (دیکھو جلد اوّل)
غلام (مذکر) زر خرید یا مفتوح خدمت گار جو آزاد نہ ہو۔
کام چکانا (مصدر) کمیرے کا اپنی مقررہ خدمت انجام دے دینا یا پوری کر دینا۔
کام نمٹانا (مصدر) کمیرے کا اپنے مقررہ کام کو ختم کر دینا۔
گر کمین (مذکر) گھر کمین۔ گھریلو اور ذاتی خدمت انجام دینے والے کمیرے۔
کمیرا (مذکر) محنتی۔ اجرت پر محنت

مزدوری کرنے والے خدمتی۔

کمین (مذکر) بستی کے ادنیٰ خدمتی گھٹیا اور معمولی درجے کی خدمت انجام دینے والے۔

لونڈی (مونث) دیکھو چھوکری۔

ماما (مونث) گھر کی بڑی بوڑھی خادمہ کا خطاب۔

تیسری فصل

جرّاحی

۱۔ پیشہ عینک سازی

برُسنا (مصدر) عینک کے تال حسبِ ضرورت کاٹنا اور کور کنارے گھس کر درست کرنا۔

برنی (مونث) آنکھ کے پپوٹے کا کنارا۔ پلکوں کی جڑ۔

ف۔ برنیاں خراب ہونے سے پلکیں جھڑ جاتی ہیں۔

بیضیوی تال (مذکر) لمبوترے تال۔ دیکھو تال۔

بینی (مونث) عینک کی کمانی کا درمیانی حصہ جو ناک پر ٹِکا رہتا ہے۔ دیکھو عینک۔

بھینگا (مذکر) وہ شخص جس کی آنکھ کے ڈھیلے مرکز سے ہٹے رہیں اور پُتلیاں کونوں کی طرف پھری ہوئی معلوم ہوں۔

پُتلی (مونث) مَردُم۔ آنکھ کے ڈھیلے کے بیچ کی سیاہی یا رنگین گھیرا۔ پُتلی عام طور سے سیاہ یا سیاہی مائل ہوتی ہے۔ لیکن بعض قوموں میں نیلی، بھوری یا شربتی پُتلی ہوتی ہے۔

پپوٹا (مذکر) آنکھ کے ڈھیلے کے اوپر کا پردہ۔

پردا (مذکر) پُتلی کے پیچھے کی قدرتی جھلی جس پر ہر چیز کا عکس پڑتا ہے۔ (پھٹنا)

پھُلّی (مونث) آنکھ کی ایک بیماری

جو جِھلی کی شکل میں تِل پر پیدا ہو کر اُس کو ڈھک لیتی اور بینائی کو کھو دیتی ہے۔ (پڑنا)

تال (مذکر) عینک کا شیشہ یا شیشے دیکھو عینک۔

تان (مونث) کاڑی۔ عینک کی کمانی کے بغلی تار جو عینک کو آنکھوں پر لٹکائے رکھتے ہیں۔ دیکھو عینک۔

ترپھلا (مذکر) تین پھل مراد ہڑ۔ بہیڑہ اور آنولا جن کا زُلال آنکھ دھونے کے لیے مفید ہوتا ہے۔

تِل (مذکر) تیور۔ آنکھ کی پُتلی کا مرکز جو تل یعنی گول سیاہ نقطے کی شکل ہوتا ہے اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

اس تل پر ہر چیز کا عکس پڑتا ہے اور یہی سبب بینائی ہوتا ہے

تل نظرا (مذکر) وہ شخص جس کی پُتلی نیچے کو ڈھلکی رہے یا پُتلی نیچے کرکے دیکھے۔

تنگ نظرا (مذکر) کوتاہ نظر۔ وہ شخص جس کی بینائی محدود ہو اور اُس حد سے پرے کی چیز بغیر عینک کی مدد نہ دیکھ سکتا ہو۔

تیور (مذکر) دیکھو پُتلی۔

۲- پُتلی کی چمک۔ قوتِ بینائی۔ (بگڑنا۔ خراب ہونا۔ جلنا)

ٹینٹ (مذکر) آنکھ کی پُتلی کے اُوپر کی موٹی جِھلی جو سیتلا کی بیماری سے تل پھٹ کر پیدا ہو جائے۔ اور لا علاج رہے۔ (پڑنا)

جالا (مذکر) دُھند۔ پُتلی کے پردے پر چھا جانے والے آبی بخارات کی ذرات جو بینائی میں نقص کا باعث ہوں (پڑنا۔ آنا)

جربِ چشم (مونث) آنکھ کی کھجلی کی بیماری۔

چشمہ (مذکر) فارسی لفظ چشم بمعنی آنکھ سے چشمہ ایسے آلے سے مراد ہے جس سے آنکھ کی بینائی کو تقویت پہنچے۔ (لگانا)

چُندا (مذکر) وہ شخص جس کی پتلی کم زور ہو اور تیز روشنی میں آنکھ اچھی طرح نہ کھول سکے۔

چُندیانا (مصدر) پپوٹے سیکڑ کر آنکھ کھولنا۔

چوب (مونث) آنکھ کی رگ کا درد جو ہوا کے اثر سے ہو جاتا ہو۔ (آنا)

چوڑی (مونث) عینک کی کمانی میں تال بٹھانے کے حلقے یا تالوں کے گھر۔ دیکھو عینک۔

چیپڑ (مذکر) آنکھ کا میل یا خراب رطوبت جو آنکھ کی کم زوری یا آشوب کی وجہ سے نکلے۔ (آنا۔ نکلنا)

ڈھند (مذکر) دیکھو جالا۔

دھنیلی عینک (مونث) دھوپ میں لگانے کی عینک سیاہی مائل رنگ کے تالوں کی عینک

ڈھلکا (مذکر) آنکھ کے ایک مرض کا نام جس میں ٹیس کے ساتھ آنکھ سے پانی جھڑتا ہو اور بینائی کو خراب کرتا ہو۔

ڈھیلا (مذکر) آنکھ کا گولا یا آنکھ کا عضو۔ (پھوٹنا)

رتوندہ (مذکر) شب کور۔ آنکھ کے ایک مرض کا نام جس میں مریض کی آنکھوں میں اندھیرا آجاتا ہو۔ اور رات کو بہت کم دکھائی دیتا ہو (آنا)

رنگ خورہ (مذکر) بینائی کے ایک نقص کا نام جس میں بعض مختلف یا ہلکے گہرے رنگوں میں فرق نہیں معلوم ہوتا۔

روہے / روئے (مذکر) آنکھ کے پپوٹوں یا برنیوں کی ایک بیماری جس میں پپوٹے کی جھلی میں باریک دانے ہو جاتے ہیں۔ جن سے آنکھ کے ڈھیلے کو نقصان پہنچتا ہو اور باعث تکلیف ہوتے ہیں۔ (پڑنا)

سُدائی (مونث) عینک کے تالوں کو صحیح کرنے کا عمل۔ (کرنا)

شب کور (مذکّر) دیکھو رتوندا ۔

طاقی (مذکّر) وہ شخص جس کی ایک آنکھ کی پُتلی پھری ہوئی ہو یعنی مرکز پر نہ ہو اور آنکھ کو چھوٹا کرکے یعنی دبا کر دیکھے ۔

عینک (مونّث) عربی لفظ عین بمعنی آنکھ سے عینک ایسے آلے سے مُراد ہے جو بینائی کو تقویت پہنچائے ۔ چشمہ ۔ (لگانا)

عینک ساز (مذکّر) عینک بنانے والا ماہرِ فن ۔

فِیل چشم (مذکّر) وہ شخص جس کی آنکھیں معمول سے زیادہ چھوٹی ہوں ۔

کاڑی (مونّث) دیکھو تان ۔

کانا / **کانڑا** (مذکّر) وہ شخص جس کی ایک آنکھ جاتی رہی ہو یا اس میں ٹینٹ ہو اور دکھائی نہ دے ۔

کج نظرا (مذکّر) وہ شخص جو پُتلی ترچھی کرکے یا گرا کے دیکھے ۔

کمانی (مونّث) عینک کے تال بٹھانے کا خانہ یا عینک کے شیشوں کا گھر ۔ دیکھو عینک (لگانا)

کنجا (مذکّر) نیلی پُتلیوں والا شخص ۔

کوتاہ نظر (مذکّر) دیکھو تنگ نظرا ۔

کویا (مذکّر) آنکھ کا کونا ۔
(کٹنا) کوئے میں خراش پیدا ہونا یا زخم آنا ۔

کھٹک (مونّث) آنکھ دُکھنے کا درد (ہونا)

عینک

الف ۔ تال
ب ۔ کمانی

۱۔ بینی
۲۔ تال
۳۔ تان
۴۔ چوڑی

گُربہ چشم (مذکر) وہ شخص جس کی آنکھ کی پُتلی کا رنگ بلّی کی آنکھ کی پُتلی سے مِلتا جُلتا ہو
گوہانجنی (مونث) آنکھ کے پپوٹے کی پُھنسی (نکلنا)
گھترا (مذکر) آنکھ کے درد کا لیپ۔ (افیم۔ رسوت۔ پھٹکری کا مرکب)
موتیا بِند (مذکر) آنکھ کی ایک بیماری کا نام جس میں تِل کے اُوپر پانی کی طرح کے منجمد مادّے کا پردہ یا چھلکا بن جاتا ہی جس سے بینائی جاتی رہتی ہی۔ عمل جرّاحی سے جب اس پردے کو نکال دیا جاتا ہی تو پھر دکھائی دینے لگتا ہی۔
ناخُونا (مذکر) آنکھ کے ڈھیلے کی بیماری جو ڈھیلے کے پردے میں خون آجانے کا نتیجہ ہوتی ہی اور ڈھیلے کی سفیدی میں سیاہی مائل سُرخ تِل کی شکل دکھائی دیتی ہی۔ (ہونا۔ پڑنا)
نظر (مونث) نگاہ۔ بینائی۔
(بگڑنا) بینائی میں فرق آنا۔ دیکھنے میں خرابی پیدا ہونا۔
(ترمرانا) بینائی کم زور ہونا اور نگاہ کے سامنے کالے دھبّے یا ذرّے حرکت کرتے معلوم ہونا۔
(ٹکنا۔ ٹھیرنا۔ جمنا) کسی چیز کو غور سے دیکھ سکنا۔ نگاہ ملائے رکھنا۔
(ملانا) کسی چیز پر نگاہ ڈالنا۔ سامنے کی چیز کو نگاہ بھر کر دیکھنا۔
(موٹی ہونا) بینائی کم زور ہونا۔ قریب کی باریک اور چھوٹی چیزیں دُھندلی نظر آنا۔
نگاہ (مونث) دیکھو نظر۔

۲۔ پیشہ کان کاری

آنکڑی (مونث) کان کے اندر کا میل نکالنے کی مُڑے ہوئے سرے کی سلائی (ڈالنا)
اُونچا سُننا (مصدر) سنائی کی نقص کی وجہ معمول سے زیادہ بھاری اور

تیز آواز سنائی دینا۔

بُوجا } (مذکر) وہ شخص جس کے کان کا
بُوچا } بیرونی حصہ سُکڑا ہوا گانٹھ کی
شکل ہو۔

کہاوت:-

ناک کی نکٹی بوجی کان
پلکا بیٹھ منگاوے پان

بہرا (مذکر) وہ شخص جس کو سنائی نہ دے

پردا (مذکر) کان کے اندر آواز محسوس
کرنے والا بیضوی شکل کا باریک
ہڈی کا خول۔ (پھٹنا)

پھُریری (مونث) کان کے پردے کے
اندر دوا پہنچانے کی سلائی۔

ٹینٹ } (مذکر) کان کے پردے کے
ٹینٹی } قریب پیدا ہو جانے والا ایک
قسم کا غدود جو سماعت کو نقصان
پہنچاتا ہے (پڑنا)

چپنی (مونث) کان کے سوراخ کے
اوپر کا ڈھکن جو تکونی شکل کا
ہوتا ہے۔

چھلکا (مذکر) کان کے پردے کے اندر
کی باریک جھلی جس کی خشکی کان کے
درد کا باعث ہوتی ہے۔

سلائی (مونث) کان کو اندر سے صاف
کرنے کا سوئے کی وضع کا اوزار۔
(کرنا۔ ڈالنا)

کان بند ہونا (مصدر) کسی عارضی یا
مستقل سبب سے کان کی سماعت
میں نقص آنا۔ بہرا ہو جانا۔

کان بہنا (مصدر) کسی عارضے کی وجہ
کان کے اندر سے مواد (رطوبت)
نکلتا رہنا۔

کان دیکھنا (مصدر) کان کا علاج کرنا۔
کان کا دکھ پہچاننا۔

کان سوتنا (مصدر) کان کے پردے
کو پچکاری سے دھونا اور باہر
سے مالش کرنا۔

کان کُریدنا (مصدر) کان کے پردے
کی میل نکالنا۔

کان کار (مذکر) دیکھو کن میلیا۔

کم سُننا (مصدر) دیکھو اونچا سُننا۔
ثقلِ سماعت۔

کن پھٹرا (مذکر) وہ شخص جس کے کان
کا بیرونی حصہ معمول سے زیادہ
لمبا چوڑا ہو۔

کن میلیا (مذکر) کان کار۔ کان کے معمولی
دکھ کی دیکھ بھال اور صفائی
کرنے والا شخص۔

گُنگ (مذکر) بہرا پن۔ کان میں ٹینٹ
ہونے کی وجہ پردے میں
حبس ہونا۔

۳۔ پیشہ دندان سازی

بتیسی (مونث) انسانی دانتوں کا مجموعی
نام جو سولہ اوپر اور سولہ نیچے
کے جبڑے میں کل بتیس ہوتے ہیں۔

(بند ہونا) کسی بیماری کی وجہ
جبڑا نہ کھلنا۔

(ٹوٹنا۔ گرنا) عمر یا کسی بیماری کی
وجہ، پورے دانت اُکھڑ جانا۔

(لگانا۔ چڑھانا) مصنوعی دانتوں
کی بتیسی استعمال کرنا یا لگانا۔

پلاس (مذکر) جنتر۔ چونچ کی شکل کا دانت
اُکھیڑنے کا اوزار، موچنا۔ سنسی۔
زنبور۔

پوپلا (مذکر) وہ آدمی جس کے منھ میں
ایک دانت بھی نہ ہو۔

جبڑا باندھنا (مصدر) دندان سازوں
کی اصطلاح مراد مصنوعی بتیسی
لگانا۔

جڑ (مونث) دانت کا وہ نکیلا حصہ
جو مسوڑھے کے اندر جما رہتا ہے۔

(چھوڑنا) دانت کی جڑ کا مسوڑھے
سے باہر نکل آنا۔ دانت کا ہلنا۔

جنتر (مذکر) دیکھو پلاس۔ دانت اُکھیڑنے
کا موچنا یا سنسی۔

چمچہ (مذکر) مصنوعی دانت یا بتیسی
بنانے کا سانچہ یا کینڈا۔

چمچہ

چوکا (مذکر) کچلیوں کے بیچ میں سامنے کے چار اوپر اور چار نیچے کے دانت (ٹوٹنا۔ گرنا۔ لگانا۔ باندھنا)

چھدرے دانت (مذکر) وہ بتّیسی جس کے دانت باہم ملے ہوئے نہ ہوں یعنی اُن کے بیچ میں جھریاں ہوں۔

خرّاد (مونث) (ہنی۔ دانت گھسنے اور ہموار کرنے کا آہنی اوزار۔

دانت باندھنا (مصدر) ہلتے ہوئے دانت کو دوسرے بغلی دانتوں کے ساتھ تار کی بندش کرنا۔
۲۔ مصنوعی دانت لگانا۔

دانت بجنا (مصدر) شدّت کی سردی یا کسی بیماری کی وجہ جبڑے کی حرکت کا بے قابو ہو جانا جو دانت بجنے کی وجہ ہوتی ہے۔

دانت بیٹھنا (مصدر) دانت کا کسی چیز میں گڑ جانا۔

دانت چبانا (مصدر) غفلت یا نیند میں بتّیسی کا حرکت کرنا یا دانتوں کا باہم رگڑا کھانا۔

دانت لگانا (مصدر) کسی چیز پر دانت کی نوک چبھونا۔
۲۔ مصنوعی دانت چڑھانا۔

دانت گِرنا (مصدر) عمر یا بیماری کی وجہ دانتوں کا اُکھڑ جانا۔

دانت نکالنا (مصدر) کسی خرابی کی وجہ دانت اُکھیڑ دینا۔
۲۔ دانت کھولنا یعنی دانتوں کو ہونٹوں کے باہر کرنا۔

دنداں ساز (مذکر) مصنوعی دانت بنانے اور دانتوں کی بیماریوں کا علاج کرنے والا ماہرِ فن۔

دودھ کا دانت / دودھ کے دانت (مذکر) کچّے دانت۔ وہ دانت جو دودھ پینے کی عمر میں نکلیں اور لڑکپن میں گر جائیں (ٹوٹ جائیں) اور اُن کی جگہ دوسرے نکلیں۔

داڑھ (مونث) غذا چبانے کے چپٹے سروں کے پچھلے دانت۔

رِیخ (مونث) دو دانتوں کے درمیان

کی جھری جو عموماً مسوڑھے کی
کھال سے ڈھکی یا بھری رہتی ہے
(چھوڑنا)
ریخ بند دانت (مذکر) چھدرے دانتوں
کی ضد یعنی وہ دانت جن میں جھریاں
نہ ہوں۔
ریتی (مونث) دیکھو خراد۔
ریگ مال (مذکر) دانتوں کو مِلا کرنے کا
اوزار۔
سانچہ (مذکر) مصنوعی دانت بنانے کا
کینڈا یا فرما۔ (لینا)
سَندس جنتر (مذکر) موچنا۔ دانت نکالنے
کا زنبورہ۔ جو مختلف شکل کا ہوتا
ہے۔ دیکھو جنتر۔
سوہانی (مونث) دیکھو سندس جنتر۔
عقل داڑھ (مونث) جبڑے کے سِروں
کا دانت (داڑھ) جو شروع جوانی
میں نکلتی ہے یعنی سیانی عمر میں
اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔
کُچلی (مونث) جوڑے کے سِروں یعنی
بغلیوں کا نکیلا دانت۔ دیکھو چوکا۔
کمانی (مونث) مصنوعی بتیسی کی بغلیوں
کی تار کی بنی ہوئی تان۔
کیلا (مذکر) کھونٹا۔ کچلی کے برابر کا
نکیلا دانت۔ دیکھو کچلی۔
کھڈّی (مونث) سامنے کے دو دانتوں
کی معمول سے چوڑی ریخ (جھری)
کھونٹا (مذکر) دیکھو کیلا۔

۴۔ پیشہ دست کاری (جراحی)

آبلہ (مذکر) چھالا۔ ایک قسم کی جِلدی
بیماری جس میں کھال کے اوپر
کی باریک جِھلّی میں صفراوی اثر
سے متاثرہ مقام پر پانی کی شکل
کا رقیق مادہ بھر آتا ہے۔ تیز حرارت
یا رگڑ کے اثر سے بھی یہ کیفیت
پیدا ہو جاتی ہے۔
۲۔ آبلے کو اُردو میں چھالا کہتے
ہیں اور جب یہ معمول سے بڑا
ہوتا ہے تو پھپولا اور پھلکا کہلاتا ہے۔
(آنا۔ پڑنا۔ ہونا)
اُچھو (مذکر) پانی یا کسی چیز کا پھندا

جو حلق یعنی سانس کی نلی (سانسی) کے منھ میں پڑ جائے (ہونا۔ لگنا)

اڈیٹھ (مذکر) راج پھوڑا۔ سرطان۔ رگوں یا نسوں میں پیدا ہونے والا پھوڑا جس کا سبب مرض ذیابیطس ہوتا ہے۔ اس پھوڑے کا مادہ بہت زہریلا ہوتا ہے اور خون میں چاروں طرف کیکڑے (سرطان) کی ٹانگوں کی طرح پھیلتا ہے اور اسی لیے اس کو سرطان اور کیکڑا بھی کہتے ہیں۔

آکلہ (مذکر) پلو ذوڑ۔ مرض فیل پا کا ورم یا مادہ جو اوپر کو چڑھے۔

آنت اُترنا (مصدر) فتق۔ بہ وجہ کمزوری اعصاب آنت کے حصے کا چڑے کی خالی جگہ یا فوتے کے خول میں آجانا۔

آنگ (مذکر) سر اور ٹانگوں کے درمیان کا حصہ، جسم عام بول چال میں پورا جسم مراد ہوتا ہے۔ (ڈکھنا)

اُپ جنتر (مذکر) پرندوں کی چونچ کی شکل کا جراحی آلہ جو تعداد میں چھوٹی بڑی پچیس وضع کی چونچوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔

اپھارا (مذکر) نفخ۔ معدے کی پھولن جو بدہضمی یا اُس کی حرکت میں فرق آنے سے پیدا ہو۔

اُریب چیرا (مذکر) پھوڑے یا رگ وغیرہ پر نشتر سے ترچھا دیا ہوا شگاف جو دست کار کسی مصلحت سے دیتا ہے۔ دیکھو چیرا۔

انتر ٹنک (مذکر) زخم کے اندر سے مواد نکالنے کا جراحی آلہ۔

اِندمال (مذکر) زخم کے بھر آنے کی حالت یا صورت (ہونا)

اُنگل بیڑا (مذکر) دیکھو بیتلا۔

انگور (مذکر) جراحوں کی اصطلاح مراد زخم کا نیا گوشت۔ (بندھنا) زخم میں گوشت بھر آنا۔ مواد نکلنا بند ہونا۔

اورنگ زیبی (مونث) پنڈلی یا بانھ کا پھوڑا جو معمول سے بڑا۔

پھیلاؤ میں زیادہ اور بھرنے میں دیر طلب ہوتا ہے۔ کسی خاص وجہ سے جراحوں میں اورنگ زیبی مشہور ہو گیا ہے۔

اوٹما (مذکر) آگ یا پانی سے جلے ہوئے کا زخم جس کی کھال جل کر نکل گئی ہو۔ پھار پھدایا ہوا زخم۔ (ہونا)

اونگنا روگ (مذکر) پھیکنی بیماری۔ وہ مرض جو آہستہ آہستہ انسان کی صحت کو خراب کرتا رہے۔

اہارجا (مذکر) مثانے سے پتھری یا جسم سے رسولی بذریعۂ عمل جراحی نکالنے کا طریقہ۔

۲۔ جسم کے اندر کے فاسد مادے کو نکالنا۔

ایکھنا (مصدر) سلائی سے مثانے کے اندر کی پتھری معلوم کرنے کا طریقہ۔ سلائی سے مثانے کی پتھری ٹٹول کر معلوم کرنا۔

بارا / باری (مونث) بھینسیا جونک جو عام جونکوں سے بڑی اور سخت سے سخت جلد میں منھ گڑو کر خون چوس لیتی ہے۔

دیکھو جونک۔

بانسہ پھرنا (مصدر) ناک کے سرے کا ٹیڑھا ہونا جو مریض کی انتہائی کمزوری کی علامت ہوتی ہے اور مراد مریض کا آخری وقت یعنی قربِ موت لیا جاتا ہے۔

بال توڑ (مذکر) بال کی جڑ میں کھال کے اندر پیدا ہونے والی پھنسی یا پھوڑا جو بال کی جڑ میں مواد آنے سے پیدا ہو جاتا ہے (ہونا)

بال خورہ (مذکر) قرع۔ جلد کی ایک بیماری جو فاسد مادے کے پیدا ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے اور جگہ جگہ سے سر یا ڈاڑھی کے بال گرا دیتی ہے۔ (لگنا)

بانچھیا (مذکر) ہونٹوں کے جوڑ کی پھنسیاں یا بانچھوں کے پکنے کی بیماری۔

بٹ (مونّث) بدن میں گُٹھل اُٹھنے کی بیماری جو جگر کی خرابی یا بادی بو اَ کے اثر سے ہوتی ہے اور خود بخود جاتی رہتی ہے یا دوائیوں کے لیپ لگانے سے بیٹھ جاتی ہے۔ (آنا۔ نکلنا)

بد جانگ یعنی چڈّے کا پھوڑا یہ پھوڑا خون کی خرابی یا گرمی کی وجہ چڈّے کا غدوُد پکنے سے ہوتا اور نہایت تکلیف دیتا ہے (نکلنا)

بدّی (مونّث) جسم پر بیت، کوڑے یا اسی قِسم کی کسی چیز کی مار کا نشان (پڑنا۔ اُٹھنا)

بدگوشت (مذکر) زخم کا غیر معمولی طور پر بڑھا ہوا گوشت جس پر کھال نہ آئے اور زخم بھرنے نہ پائے۔ (آنا۔ نکلنا)

بُرا حال (مذکر) مریض کی علالت کا حد سے بڑھ جانا اور قریب المرگ ہو جانا۔

برش (مونّث) برص کا غلط تلفظ چھیپ کی قسم کی جلد کی ایک بیماری جس میں جلد پر سفید یا سُرخ اور سیاہی مائل نیل گوں چتے (دھبّے) پڑجاتے ہیں۔

برص (مونّث) بہق ابیض۔ کوڑھ۔ جلد پر سفید داغ پڑجانے کی بیماری جو خون کی خرابی کے سبب پیدا ہوتی ہے۔

بُرکی (مونّث) زخم کو خشک کرنے کا سفوف۔ یا زخم پر چھڑکنے کی خشک پسی ہوئی دوا (بُرکنا)

بِسرا پہنا (مصدر) زخم کا مادہ دبا کر اور سوُنت کر نکالنا۔

بِسیلا / بِسِیلا (مذکر) اُنگل بیڑا۔ اُنگلی کے ناخن کی ہڈی کے اندر سے نکلنے والی نہایت تکلیف دہ زہریلی پھُنسی جو مواد کی گانٹھ ہوتی ہے اور چیرا دے کر نکالی جاتی ہے۔

بندھن (مذکر) رباط (ع) دیکھو چِپنی۔

بھپارا (مذکر) زخم درد یا ورم کو بھاپ

ے گرمائی پہنچانے کا عمل جو حسبِ ضرورت دوا یا خالی پانی کا ہوتا ہے۔ (دینا۔ لینا)

بھیدنا / بیدھنا (مصدر) پھوڑے یا پھنسی کو نشتر سے چیرنا، شگاف دینا پھوڑے کا منھ کھولنا۔

بھینیا جونک (مونث) دیکھو بارا۔

بھینیا داد (مذکر) بڑے پھیلاؤ کا خشک داد۔ دیکھو داد۔

پاچھنا (مذکر) پچھنے لگانے کا نشتر۔ دیکھو سینگی۔

پاشنہ (مذکر) ایڑی کا درد جو بڑھ کر چلنے پھرنے سے معذور کر دیتا ہے۔

پت (مذکر) صفراوی مادہ۔

پِتّی (مونث) شرا۔ جلد کا ایک مرض جو خون میں پت (صفرا) کے اثر سے کھال پر ددوڑوں کی شکل میں پیدا ہوتا ہے۔ اس میں کھجلی اور جلن بھی پیدا ہوتی ہے زیادتی کی صورت میں پانی رسنے لگتا ہے۔ (اچھلنا)

پتھری (مونث) مثانے یا گردے کے اندر پیدا ہوا سنگ ریزہ۔ (پڑنا)

پٹار (مذکر) چنچنوں کی قسم کے لمبے کیڑے جو ہاضمے کی خرابی کی وجہ سے معدے میں پیدا ہو جاتے ہیں۔

پٹّی (مونث) ۱۔ زخم یا کسی عضو کو باندھنے کی کپڑے کی چوڑی دھجی۔
۲۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی پر باندھنے کی پتلی تختی۔
۳۔ لیپ کی پٹّی۔ دیکھو پلستر۔ (چڑھانا)

پُروا / پُروائی (مونث) جرّاحوں کی اصطلاح مراد ٹھنڈی اور برساتی ہوا جو پورب (مشرق) کی طرف سے چلے۔ یہ ہوا بعض زخموں کو نقصان پہنچاتی اور ان میں درد پیدا کرتی ہے۔

پڑودی (مونث) آنت کی اندرونی سطح پر کی باریک جھلّی جس میں ورم ہو جانے سے ایک قسم کا

زہریلا بخار ہو جاتا ہے۔

پچھنا (مذکر) کسی جلدی مرض کی وجہ خون نکالنے کے لیے جلد پر نشتر سے کچوکے دینے کا عمل۔ پہلے متاثرہ جگہ پر سینگی سے کھینچ کر کھال کو اُبھارا جاتا ہے پھر اُس کو نشتر سے کچوک کر دوبارہ سینگی سے خون کھینچا جاتا ہے (لگانا)

پچھوا] (مونث) جراحوں کی اصطلاح
پچھوائی] مُراد خشک ہوا جو زخم کے لیے مفید ہو (پچھم کی طرف سے چلنے والی ہوا)

پسواڑھ (مذکر) پھیپھڑوں میں ورم اور بلغم پیدا ہونے کی بیماری۔ نمونیے کی قسم کا مرض۔ ذات الجنب۔

پک داد (مذکر) داد کی قسم کی جلدی بیماری۔ دیکھو داد۔

پُلٹس (مونث) پھوڑے کا مواد خارج کرنے یا تحلیل ہونے کو السی کا لیئی کی طرح بنایا ہوا لیپ۔

(لگانا۔ باندھنا)

پلستر (مذکر) پٹّی۔ انگریزی لفظ پلاسٹر کا اُردو تلفظ مُراد دوا کی پٹّی یا لیپ کی پٹّی جو پھوڑے یا درد کے مقام پر لگائی جائے۔ اُردو میں پٹّی چڑھانا کہتے ہیں۔ دیکھو پٹّی فقرہ ۳

پنجرہ (مذکر) دیکھو ہاڑ۔ جسم میں سینے کا حصّہ۔

پن چورہ (مذکر) رسولی کی قسم کی بیماری جو کھال کے اندر جسم کے مختلف حصّوں میں گوشت کے ساتھ کی جھلی میں پانی رُک جانے سے دُنبل کی شکل پیدا ہو جاتی ہے۔

پنگا (مذکر) پھینگڑا۔ وہ شخص جس کی پنڈلیوں کی نلیاں (ہڈیاں) پیدائشی ٹیڑھی ہوں۔

پوُرب کرم (مذکر) علاج حفظِ ماتقدم۔ کسی مرض کے ہونے کے اندیشے پر اُس کے روکنے کا علاج۔

پھایا (مذکر) زخم کے منھ پر لگانے کو

مرہم کی چھوٹی سی پٹّی جو اُس کو سب طرف سے ڈھک لے۔
(دھرنا۔ رکھنا۔ جمانا۔ لگانا)

پھپولا (مذکر) پھلکا۔ دیکھو آبلہ فقرہ ۲
دل کے پھپولے جل اُٹھے سینے کے داغ سے
اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

(پھوڑنا) اُردو محاورہ مُراد جلی کٹی باتیں کرنا، غم و غصّے کی بھڑاس نکالنا۔

پھُریری (مونث) تنکے یا سلائی کے سرے پر لپٹا ہوا روئی کا پھویا یا سلائی جس کے منہ پر روئی کا پھویا لپٹا ہو اور زخم وغیرہ پر دوا لگانے کو استعمال کی جائے۔
(پھیرنا)

۲۔ جسم کی اضطراری حرکت
(آنا۔ لینا)

پھلکا (مذکر) دیکھو پھپولا اور آبلہ فقرہ ۲۔

پھُنسی (مونث) پھوڑے کی قسم کی جِلد کی بیماری جو خون کی خرابی کی وجہ کھال میں پیدا ہوتی ہے۔ جِلد کا فاسد مادہ نکلنے کا زخم۔
(نکلنا۔ اُٹھنا)

پھوڑا (مذکر) جسم کے فاسد مادے کا بڑا اور گہرا زخم جو گوشت میں پیدا ہوتا ہے۔

تال جنتر (مذکر) تاڑ کے پتے کی شکل کا آلہ جرّاحی۔

تالو ابھید (مونث) ایک زہریلی قسم کا پھوڑا جو تالو پر بڑے دل کی سیاہی مائل رنگ کی پھُنسی کی شکل پیدا ہوتا ہے اور بہت جلد بڑھ کر اُس کا اثر گردن تک آجاتا ہے اور اس وقت لاعلاج ہو جاتا ہے۔

تالیل (مذکر) دیکھو مسّا۔

تبوڑی (مونث) دیکھو رسَولی۔

تِل (مذکر) کھال کے اوپر پیدا ہوا طبعی سیاہ نقطہ جو جسم کے ہر حصّے پر نکلتے ہیں۔ بعض دیرپا ہوتے ہیں بعض جلد مِٹ جاتے ہیں۔

بعض لوگوں کے سفید اور سُرخ تِل بھی نکلتے ہیں۔

تومڑی (مونث) مہاجم نارَی پچھنے سے خون کھینچنے کا سینگی کی وضع کا جرّاحی آلہ۔

تونَس (مونث) پیاس کی بیماری۔ (لگنا۔ ہونا)

ٹُنڈ (مذکر) بے پنجے کا پُہنچا۔ کلائی جس کا پنجہ کٹ گیا یا کاٹ دیا گیا ہو۔

ٹُنڈا (مذکر) وہ شخص جس کا ایک یا دونوں ہاتھ کٹے ہوئے ہوں۔

ٹیٹوا (مذکر) حنجرہ۔ سانسی رنرخرا، کا منہ جو کھانے کی نلی سے مِلا رہتا ہی۔

ٹِیس (مونث) زخم کا درد جو زخم کے اندر ہو۔ (ہونا)

ٹھکونی (مونث) بیساکھی۔ لنگڑے لولے کو چلنے میں سہارا دینے والی لکڑی۔

جان کَنی (مونث) وقتِ نزاع۔ سکرات جان نکلنے کی حالت۔

جانگ (مذکر) جسم کا ناف سے نیچے کا حصّہ مُراد پُورا نچلا دھڑ۔

جاوڑبیا (مذکر) دیکھو چیپیا۔

جرّاح (مذکر) جِلدی امراض پھوڑا پھُنسی اور زخم کا علاج کرے۔ نیز جسم کے کسی عضو کو حسبِ ضرورت کاٹنے، چیرا دینے یا فصد کھولنے والا ماہرِ فن دست کار۔

جرّاح کو اصطلاحاً دست کار کہا جاتا ہی اور اُس کے فن کو دست کاری۔

جرّاحی (مونث) سترگرم۔ دست کاری۔ جرّاح کا پیشہ یا کام دیکھو جرّاح۔

جمرہ (مذکر) دیکھو سُرخ بادہ۔

جنتر (مذکر) سرسلا۔ دانت۔ تیر کا پھل اور پتھری نکالنے کا زنبور کی شکل کا جرّاحی آلہ۔

جنتر ایک عام اصطلاح ہی جو موچنے چمٹے یا سنسی کی وضع کے آلات کے لیے استعمال ہوتی ہی۔

جنیو (مذکر) داخس۔ گوشت سے ناخن کو ملائے رکھنے والی جھلی کی باریک کور یا گوشت جو ناخن کی جڑ پر جمی رہتی ہے۔ (نکلنا۔ پھٹنا۔ پکنا)

جونک (مونث) کیچوے کی قسم کا لمبوتری تھیلی کی شکل کا ایک آبی کیڑا جو تین چار ذات کے ہوتے ہیں اور مختلف ناموں سے موسوم کیے جاتے ہیں چوں کہ فطرتاً یہ خون چوسنے والا کیڑا ہے اور حیوان یا انسان کی کھال پر منھ گڑو کر خون چوس لیتا ہے اس لیے جرّاح مریض کے جسم کے خاص مقامات کا فاسد خون نکالنے کے لیے جونک سے کام لیتے ہیں۔ (لگنا)

جونکیا (مذکر) جسم کا فاسد خون نکالنے کے لیے جونکیں رکھنے اور اُن سے کام لینے والا شخص۔

جھاجن (مونث) ہاتھ پیر کی اُنگلیوں
جھانجن کی گھائیوں کی جھلی جس میں چھوٹی چھوٹی پھُنسیاں نکل آتی ہیں۔ اور اُن میں سے مواد رِستا ہے۔

جھائیں (مونث) جِلد کی بیماری جو خون کی خرابی کی وجہ اکثر منھ پر پیدا ہوتی ہے۔ پہلے درجے میں سیاہی مائل سُرخ و نیلے دھبوں کی شکل ہوتی ہے پھر بڑھ کر دوسرے درجے میں سُرخ و سیاہ نقطوں کی صورت ہو جاتے ہیں۔ اس حالت کو جرّاحی اصطلاح میں بَرَش کہتے ہیں۔ (دیکھو بَرَش) ۲۔ تیسرے درجے میں جِلد پر زیادہ خراب قسم کے دھبے ہو جاتے ہیں۔ مرض کا یہ درجہ اصطلاحاً نمش کہلاتا ہے۔

جھُلسا (مذکر) دیکھو چرک۔

جھنڈہ (مذکر) چیرا دیا ہوا پھوڑا۔

جھونج (مونث) خشک قسم کی کھُجلی جو صفرا کے اثر سے جِلد میں پیدا ہو جائے۔ (ہونا)

چپنی (مونث) بندھن۔ گھٹنے کے

جوڑ کے اوپر کی نرم قسم کی ہڈی جو اُس پر بطور ڈھکن ہوتی ہو اور جوڑ پر بندھن کا کام دیتی ہو۔ اس لیے اس کو بندھن بھی کہتے ہیں۔

چِٹ (مونث) ناخن کے کناروں کی کھال کے اوپر کی باریک جھلی جس کے اُکھڑنے یا چِرِ جانے سے تکلیف ہوتی اور ناخن کو نقصان پہنچتا ہو۔

چرَک / چرَکا (مذکر) جھلسا۔ کسی نوک دار چیز کے چُبھنے کا چھوٹا سا زخم یا آگ سے جُھلسنے کا ہلکا سا نشان۔ جُھلسے کا داغ۔

چُل (مونث) دیکھو کُلن۔

چمک (مونث) زخم کے اندر رُک رُک کر اُٹھنے والا درد۔ (ہونا) دیکھو ٹیس۔

چُنچنا / چُنچنے (مذکر) ہاضمے کی خرابی کی وجہ معدے کے اندر یا آنتوں میں پیدا ہو جانے والے تاگے کی شکل سفید رنگ کے باریک چھوٹے کیڑے جو عام طور سے بچوں کے ہوتے ہیں۔

چو پھانک چیرا (مذکر) پھوڑے پر چلیپے (X) کی شکل لگایا ہوا شگاف (چیرا)

چیچیا / چے پیا (مذکر) جاورتیا۔ چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلنے کی بیماری جن میں سے چیچپا مادہ نکلتا اور اس سے دوسری پھنسیاں نکلتی اور پھیلتی ہیں اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہو۔ یہ بیماری عام طور سے بچوں کو ہوتی ہو۔

چیرا (مذکر) دست کاری۔ عمل جراحی۔ شگاف۔ پھوڑے یا جسم کے کسی حصّے میں علاج کی غرض سے نشتر سے شگاف لگانے کا عمل۔ (لگانا۔ دینا) پھوڑے کو نشتر سے کھولنا۔

چیرے خانہ (مذکر) عمل جراحی (دست کاری) کرنے کا مکان یا کمرہ۔

چھالا (مذکر) دیکھو آبلہ نقرہ ۲۔
چھیپ (مونث) جھائیں کی قسم کا ایک
مرض۔ دیکھو (جھائیں)
اس میں جلد پر چھوٹی چھوٹی سفید
بُندکیوں جیسے دھبے پڑ جاتے
ہیں۔ اس کے علاج کے لیے
فصد کھلوانا مفید ہوتا ہے۔ اگر
غور نہ کیا جائے تو مرض بڑھ جاتا
اور برص کی شکل اختیار کر لیتا ہے
حالت غیر (مونث) دیکھو بُرا حال۔
حجامت (مونث) عربی لفظ بہ معنی
پچھنے لگا کر سینگی سے خون کھینچنا
(دیکھو پچھنا)
اُردو میں لفظ حجامت کا مفہوم
خط بنانا یعنی سر یا ڈاڑھی کے
بالوں کی کاٹ چھانٹ کر اصلاح
کرنا ہوتا ہے۔
حجام (مذکر) حجامت کرنے والا۔
دیکھو حجامت۔
حنجرہ (مذکر) دیکھو ٹیٹوا۔
ختنہ (مونث) عضو تناسل کا گھونگٹ
یعنی اس کے منہ کو چھپا لینے والی
کھال کے کاٹنے کا عمل جو مسلمانوں
میں اسلاف کا طریقہ اور ایک
مذہبی فریضہ سمجھا جاتا ہے۔ جس
کو اُردو میں اصطلاحاً مُسلمانیاں
کہتے ہیں (کرنا۔ ہونا)
خُراج (مذکر) ایک قسم کے پھوڑے
کا نام جو نہایت تکلیف دہ اور
درد والا ہوتا ہے۔
خنازیر (مذکر) دیکھو کنٹھ مالا۔
داخن (مذکر) ناخُن کی کور اور گوشت
کے جوڑ (جنیوء) کا ورم جس کے
بڑھنے اور پک جانے سے
ناخُن گر جاتا ہے۔
داد (مذکر) خارش کی قسم کی جلد کی
ایک بیماری جو چٹوں (دھبوں)
کی شکل جلد پر کہیں کہیں پیدا
ہو جاتی ہے۔ بعض میں چھوٹے
چھوٹے دانے نکلتے ہیں جن
میں سوزش ہوتی ہے اور بعض
سیاہ داغ کی شکل خشک ہوتے

ہیں ان میں جھونج ہوتی ہے۔ یہ
بڑھتے اور پھیلتے رہتے ہیں اور
اصطلاحاً بھینسیا داد کہلاتے ہیں۔
دبیلا (مذکر) دُنبل کی قسم کا پھوڑا اگر
اُس سے زیادہ بڑا اور
بہت دیر میں اچھا ہونے والا
ہوتا ہے۔ دیکھو دُنبل۔
دوڑا (مذکر) جلد پر کہیں کہیں پھنسی
یا پھوڑے کی وضع کے سوجن
کے نشان جو جلد کے خون میں
صفرا کے اثر سے پیدا ہوتے
ہیں۔ کسی زہریلے کیڑے مثلاً
پسو، مچھر یا کھٹمل کے کاٹنے سے
بھی ہوجاتے ہیں۔
(پڑنا۔ اُٹھنا۔ آنا)
دست کاری (مونث) دیکھو جرّاح
اور جرّاحی۔
دَل (مذکر) زخم کی سوجن یا اُس کے
چاروں طرف کا پھیلاؤ جو ورم
کی وجہ سے سخت ہوجاتا ہے۔
دُنبل } دُنّل (مذکر) ایسا پھوڑا جس میں منھ

نہ بنے اور مواد پھیل کر سوجن بڑھ
جائے۔ اس کا مواد نکالنے کے
لیے چیرا لگانے کی ضرورت ہوتی
ہے
دوالی (مونث) جلد کی رگوں میں یا
اُن کے ساتھ گٹھل پیدا ہونے
کی بیماری جو سودا اور بلغم کی
زیادتی کی وجہ عام طور سے
بازوؤں، پنڈلیوں اور کبھی کبھی
چہرے پر بھی ہوجاتی ہے اور
مستقل طور پر رہتی ہے۔
دیولی (مونث) سیتلا کی پھنسیوں کا
کُرنڈ۔ (اُترنا)
دھانس (مونث) حلق (سانسی) کی
معمولی خراش جو غیر معمولی کثیف
ہوا میں سانس لینے سے پیدا
ہو۔ (لگنا)
دھڑ (مذکر) جسم بغیر سر یعنی گردن سے
نیچے کا جسم۔
دھوپ لیاں (مونث) گرمی دانے۔
باریک سُرخ دانے جو گرم

ملکوں کی خشک گرمی اور دھوپ کے اثر سے جلد پر نکل آئیں اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

ڈھانچ / ڈھانچہ (مذکر) دیکھو پنجرہ۔

ڈھڈّی (مونث) ریڑھ کی ہڈی کی جڑ۔

راٹیر (مذکر) دیکھو سُرخ بادہ۔

راج پھوڑا (مذکر) دیکھو اڈیٹھ اور سرطان۔

رانگھن / رانگھن بائی (مونث) عرق النسا۔ ران کی رگ کا درد جو کولہے کی ہڈی کی نوک سے شروع ہو کر انگوٹھے تک آتا ہے۔ یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

رسولی (مونث) کھال کے نیچے یا جسم کے کسی حصے کے اندر پیدا ہو جانے والا گومڑا جس میں پانی کی طرح کا مواد بھرا رہتا ہے۔ یہ گومڑا چنے کے دانے سے لے کر خربوزے تک بڑا ہوتا ہے اور پھرانے سے پھرتا ہے اس کی چار قسمیں ہوتی ہیں۔ ایک سخت قسم کی جس میں درد ہوتا ہے۔ دوسری نرم قسم کی، تیسری نرم اور بے حس اور چوتھی سیاہی مائل کسی قدر سخت اس کو ہندی میں تیوڑی کہتے ہیں۔

رنجھنا (مصدر) مرض کا تدریجی طور پر جاری رہنا، بیماری کی حالت میں فرق نہ آنا۔ مرض اور مریض کا الجھے رہنا۔

زبان موٹی پڑنا (مصدر) علالت کی زیادتی اور مریض کی کمزوری کی وجہ سے زبان کی قوتِ گویائی میں فرق آنا، بولنا بند ہونا۔ یہ حالت بعض مریضوں میں آخری وقت ہوتی ہے۔

زخم (مذکر) گھاؤ۔ بیماری یا کٹنے کی وجہ سے کھال یا گوشت کے خراب ہونے کی صورت۔

—— (بھرنا) زخم کا اچھا ہونا۔

—— (آنا۔ پڑنا۔ ہونا)۔ بیماری چوٹ یا کاٹ سے جسم میں گہرا

نشان پڑنا، کھال یا گوشت کا پھٹ جانا۔

——— (پھٹنا) زخم کا منہ خراب ہو جانا یا بڑھ جانا۔

——— (پھدپھدانا) زخم میں سڑاؤ پیدا ہونا اور مواد بھر جانا۔

——— (پھریرا ہونا) زخم خشکی پر آنا۔ اچھا ہونے پر آنا۔

——— (ہرا ہونا) زخم تازہ ہو جانا دوبارہ مواد آجانا۔

سانس اُکھڑنا (مصدر) کمزوری یا مرنے سے قبل سانس کا حسبِ عادت سینے میں نہ سمانا، اوپری سانس آنا۔ اس حالت کو سانس چلنا بھی کہتے ہیں۔

سانس چلنا (مصدر) دیکھو سانس اُکھڑنا

سُپاری] سُپیاری] (مونث) جرّاحوں کی اصطلاح مُراد عضوِ تناسُل کا منہ۔

ستک جنتر (مذکر) چیرا لگانے کا نشتر جو حسبِ ضرورت چھوٹا بڑا چوبیس وضع کا ہوتا ہے۔

سُدّا (مذکر) جرّاحوں کی اصطلاح مُراد آنت میں فُضلے کی گانٹھ (پڑنا)

سُرخ بادہ (مذکر) حُمرہ۔ راٹیر۔ جلد کی بیماری جس میں جسم پر سُرخ چٹے پڑ جاتے ہیں اور اُن میں کھُجلی اور جلن ہوتی ہے۔ مرض کی زیادتی کی صورت میں چٹّوں میں رطوبت پیدا ہو جاتی ہے اور خارش زیادہ ہوتی ہے۔ اس حالت کو نار فارسی کہتے ہیں۔

ہترسالا (مذکر) دیکھو جنتر۔

سرطان (مذکر) دیکھو راج پھوڑا۔

سترگرم (مذکر) دیکھو جرّاحی اور دست کاری۔

سکرات (مونث) نزاع۔ جان کنی کی حالت کی غشی۔

سلاکا جنتر (مذکر) سلائی کی وضع کا آلہ جرّاحی جو حسبِ ضرورت باریک موٹا اور چھوٹا بڑا ہوتا ہے۔

سنبھالا (مذکر) مرنے سے کچھ قبل کی حالتِ سکون یا سکرات کا وقفہ

جیسے بجھتے ہوئے چراغ کا سانس (لینا)

سنگ تاؤ | (مذکر) جسم کے کسی حصے پر
سنگ تاوا | ورم، چوٹ یا ڈمبل کی گرم اینٹ سے سینکائی (کرنا)

سوجن (مونث) ورم۔ پھولن جو جسم کے کسی حصے پر عارضے کی وجہ سے پیدا ہو۔

سیتلا (مذکر) ماتا۔ پھنسیوں کا متعدی مرض

سیپیا (مذکر) زخم کو ٹانکے لگانے کا عمل۔ (کرنا)

سینگی (مونث) سینگ کی چسنی جو پچھنوں کا خون کھینچنے یا سانس کھینچ کر کھال کو ابھارنے کے لیے بطور آلہ جراحی کام آتی ہے۔

پاچھنا

سینگی

—— لگانا۔ کھینچنا، سینگی کی ہوا کھینچ کر پچھنوں سے خون نکالنا یا کھال کو ابھارنا۔

سینگی کار (مذکر) سینگی کا عمل کرنے والا یا سینگی لگانے والا پیشہ ور۔

شافا (مذکر) صافے کا غلط تلفظ۔ دیکھو صافہ۔

شرا (مونث) دیکھو پتی۔

شرط (مذکر) دیکھو پچھنا۔

شگاف (مذکر) دیکھو چیرا۔

—— لگانا۔ دینا، کھال کو نشتر سے چیرنا۔

صافا (مذکر) شافہ۔ آنتوں کی صفائی کے لیے پاخانے کی جگہ سے پچکاری دینے کا عمل۔ یعنی پچکاری کے ذریعے آنتیں دھونے کا عمل۔

۲۔ قبض کے علاج کے لیے دوائی بتی رکھنے کا عمل۔ (دینا)

غیر جہندہ (مذکر) دجہندہ۔ پھوڑے کا مادہ جو دوا یا بیرونی علاج سے

خارج نہ ہو اور چیرا دینے کی ضرورت ہو۔

فصد (مونث) جسم کی کسی رگ سے خون نکالنے کا عمل جو نشتر کی نوک سے رگ میں شگاف لگا کر کیا جاتا ہے۔

فصد کا عمل مختلف امراض کے لیے جسم کے مختلف حصّوں کی رگوں پر کیا جاتا ہے اور جن رگوں پر کیا جاتا ہے اُن کے نام سے فصد کو موسوم کرتے ہیں جہاں فصد سے کام نہیں چلتا وہاں جونکوں یا پچھنوں سے کام لیا جاتا ہے۔ خون کی خرابی اور جلدی امراض کا یہ قدیم یونانی علاج ہے۔

طبِ یونانی میں فصد کے نام حسب ذیل ہیں:-

(۱) فصد ابطی (۲) فصد اُسَیلم۔ (۳) فصد باسلیق (۴) فصد حبل الذراع (۵) فصد جبہ (۶) فصد چہار رگ (۷) فصد رگ ثلاثہ (۸) فصد سر رُو (۹) فصد شریانی (۱۰) فصد صافن (۱۱) فصد عرق النسا (۱۲) فصد وِداجین (۱۳) فصد ہفت اندام (۱۴) فصد یا نتوخ۔

پہلی امراض زیر ناف کے لیے دوسری امراض جگر اور تلی کے لیے تیسری گردن سے نیچے کی تمام بیماریوں کے لیے چوتھی تیسری اور آٹھویں فصد کا بدل ہے۔ پانچویں امراض آنکھ کے لیے۔ چھٹی امراضِ دہن اور ہونٹوں کے لیے ساتویں امراض کان اور سر کے بخارات کے لیے آٹھویں سر اور گردن کے امراض کے لیے نویں ناک کے امراض کے لیے دسویں اعضائے تناسُل کے امراض کے لیے۔ گیارھویں ران کے درد کے لیے۔ بارھویں امراضِ خُناق اور جُذام اور دمہ وغیرہ کے لیے تیرھویں پورے جسم کے امراض

کے لیے۔ چودھویں آنکھ کی کھجلی، سُرخی اور ڈھلکے کے لیے کھولی جاتی ہے۔ (کھولنا۔ لینا)

فیل پا (مذکر) پیروں کی پھولن کا مرض جو گھٹنوں تک پھیلتا ہے اور ورم کی زیادتی کی وجہ فیل پا سے موسوم کیا جاتا ہے۔

قرحہ (مذکر) ایسا زخم جس میں پیپ اور گڑھا پڑ جائے اور اچھا ہونے میں دیر لگے۔

قرع (مذکر) دیکھو بال خورہ۔

قرنطینہ (مذکر) سر سلا۔ ایک قسم کا آلہ جراحی جس کو سر سلا بھی کہتے ہیں۔ دیکھو سر سلا۔

کُب (مذکر) گردن کے نیچے ریڑھ کی ہڈی کے بعض جوڑوں کی خرابی جس سے وہ پھول کر گومڑے کی شکل اوپر کو اُبھر آتی ہیں اور انسان کی کمر کے اوپر کوہان کی سی صورت بن جاتی ہے۔ (نکلنا)

کُبڑا (مذکر) وہ شخص جس کے کُب نکل آیا ہو۔

کپڑوتا / کپڑوتی (مذکر) زخم یا ٹوٹی ہوئی ہڈی کے اوپر کپڑے کی پٹیوں کی باقاعدہ بندش (کرنا)

کدو دانہ (مذکر) بدہضمی کی وجہ معدے میں پیدا ہو جانے والے کدو کے بیج کی شکل کے کیڑے یہی اُس کی وجہ تسمیہ ہے۔

کراہنا (مصدر) دیکھو کونا۔

کُرنڈ / کھُرنڈ (مذکر) زخم کے منھ کے اوپر آجانے والی پپڑی یا خشک چھلکا۔ (آنا۔ نکلنا)

کنکرالی (مونث) بغل کے اندر نکلنے والا دُنبل۔

کُلن (مونث) چِل۔ زخم کے اندر ہونے والی سل سلاہٹ جس میں کسی قدر دُکھ محسوس ہو۔ (ہونا)

کنٹھ (مذکر) ٹنکا۔ حلق کا منھ یا کرکری ہڈی کا پردہ جو سانس کے

مُنھ پر ہوتا ہی۔ (نکلنا)

کنٹھ مالا (مونث) زہریلے مادّے کے غدوُد پیدا ہونے کی بیماری جو ایک لڑی کی شکل عموماً گردن کی رگوں میں پیدا ہوتی ہی اور یہی اُس کی وجہ تسمیہ ہی۔ جسم کے دوسرے حصّوں میں بھی نکل آتی ہی اور مہلک ہوتی ہی۔

کنسوآ (مذکر) گل سوآ۔ کان کے نیچے جبڑے کی ہڈّی کے سِرے پر نکلنے والا دُنبل۔

کوٹھا (مذکر) سینے اور ٹانگوں کے درمیان کا حصّہ جسم۔

۲۔ معدہ۔

۳۔ دیکھو پیشہ دائی۔

کور (مونث) ناخن کی بغل یا کنارا جو گوشت سے جُڑا رہتا ہی۔

——— (پکنا) کور میں زخم پیدا ہونا۔

کوڑ } (مونث) دیکھو چھیپ اور برص۔
کوڑھ }

کوُلنا (مصدر) کراہنا۔ زخم کے درد یا مرض کی تکلیف سے ہُنکارا بھرنا۔ تکلیف کی آواز۔

کوّا (مذکر) سانس کی نلی کے سِرے پر لٹکا ہوُا غدوُد کی شکل کا گوشت۔ (لٹکنا)

کیرڑی (مونث) جونک کی ایک قسم کا نام۔ دیکھو جونک

کیواڑی (مونث) سینے کی پسلیوں کا ہر ایک رُخ۔

کھاج (مونث) خشک قسم کی کھجلی۔ دیکھو کھجلی۔

گٹّا (مذکر) نلی کی ہڈی کا گول سِرا جو جوڑ پر باہر کو اُبھرا رہتا ہی۔
۲۔ جسم کے کسی جگہ کی کھال کے سخت ہونے کا چھوٹا نشان جو رگڑ یا دباؤ سے پڑ جاتا ہی۔

گُجّی مار (مونث) ایسی چوٹ جس کا اثر یا نشان جسم کے اوُپر نہ معلوم ہو اور اندر نقصان دہ ہو۔

گرمی والے (مذکر) دیکھو دھوپ لیا۔

گل سوآ (مذکر) دیکھو کنسوآ۔

گنج (مذکر) ایک قسم کی جلدی بیماری جس میں سر کے بال پورے یا کہیں کہیں سے اُڑ جاتے ہیں اور پھر نہیں نکلتے۔

گنجا (مذکر) وہ شخص جس کے سر کے بال جلد کی بیماری سے گر گئے ہوں۔

گومڑا (مذکر) سر یا جسم کی کسی ہڈی یا جوڑ پر چوٹ کا ورم۔ (پڑنا۔ اُٹھنا)

گھاؤ (مذکر) گہرا زخم جو کھال سے گزر کر گوشت تک پہنچ جائے۔ (پڑنا)

گھائی پکنا (مونث) ہاتھ یا پیر کی دو اُنگلیوں کے جوڑ کی جگہ پر زخم آنا یا مواد پڑنا۔ (گھائی دو اُنگلیوں کے جوڑ کا مقام)

گھنگرو بولنا (مصدر) جرّاحوں کی اصطلاح مُراد حلق کے بند ہونے کی آواز جو مرتے وقت آخری سانسوں میں پیدا ہو۔

گھوڑی (مونث) جرّاحوں کا چمٹے کی شکل کا اوزار جس سے ختنہ کرتے وقت کھال کو پکڑتے ہیں یا کھال کو اس کے اندر دبا لیتے ہیں

——— (چڑھانا) ختنے کی صحت کی تقریب یعنی ختنے سے صحت ہونے کے بعد بچّے کو گھوڑے پر بٹھا کر مسجد لے جاتے ہیں اور اس تقریب کو اصطلاحاً گھوڑی چڑھنا یا چڑھانا کہا جاتا ہے

گھینگا (مذکر) گلہڑ۔ ایک بیماری کا نام جو گردن کی کھال میں ایک بڑی رسولی کی شکل پیدا ہو جاتی ہے۔
تزکِ جہاں گیری میں اس بیماری کا نام بوغما لکھا ہے اور بوغما گھوڑے کے پسینہ آنے کی بیماری کو کہتے ہیں۔ یہاں مُراد ایسا دُمبل جس میں پانی بھر جائے۔

لپک (مونث) ہلک۔ زخم کے اندر ہوک یا سانس کی حرکت، جو دورانِ خون یا مواد کے پکنے کی حالت میں ہوتی ہے۔ (ہونا)

لکھیڈنا (مصدر) زخم کو چیر دے کر فاسد مادّہ نکالنا۔

لنگ (مذکر) ٹانگ کی حرکت کا نقص۔

——— (کرنا) کسی عارضے کی وجہ، ایک ٹانگ پر زور ڈال کر چلنا۔

لہسن (مذکر) جسم کے کسی حصّے کی کھال پر پیدائشی سُرخ سیاہ یا سفیدی مائل دھبہ جو اُنگلی کی پور کے برابر ہو اصطلاحاً لہسن کہلاتا ہے۔ ان میں بعض بھلائی کی علامت سمجھے جاتے ہیں اور بعض بُرائی کی۔

لیپ (مذکر) جسم کے کسی حصّے کے ورم، یا درد پر چپڑنے کی دوا۔ (کرنا۔ لگانا)

لیکھند (مذکر) پھوڑے یا زخم کے کسی حصّے کو چیر دینے کا عمل۔

ماتا (مونث) سیتلا کا اصطلاحی نام۔ دیکھو سیتلا۔

محاجم ناری (مونث) دیکھو تومڑی

مرہم (مذکر) زخم پر لگانے کی لیپ کی قِسم کی دوا۔

——— (پٹی کرنا) زخم صاف کرنا اور دوا لگا کر باندھنا۔

مرہم اکالہ (مذکر) زخم بڑھانے یعنی کاٹ کرنے والا مرہم جو بد گوشت کو صاف کرنے کے لیے چیرے کے بجائے استعمال کیا جائے۔

مرہم رادع (مذکر) مادّے کو روکنے والا مرہم جو بہ طور پلستر لگایا جائے۔

مسّہ (مذکر) تالیل۔ غدود کی قسم کا دانہ جو جسم کے مختلف حصّوں میں کھال کے اوپر پیدا ہو جاتا ہے یا پیدائشی ہوتا ہے۔ لونگ کے دانے سے لے کر لہسن کے جوے تک بڑا ہوتا ہے۔ بعض مسّے مبارک سمجھے جاتے ہیں۔

مُسلمانیاں (مونث) دیکھو ختنہ۔

منڈلا (مذکر) نشتر کی قسم کا آلۂ جرّاحی
جس کا منھ قریب ایک انچ لمبا
اور دو دھارا ہوتا ہے۔
منکا (مذکر) دیکھو کنٹھ۔
——— (ڈھلنا) موت کی کم زوری
سے کنٹھ کا اپنی جگہ چھوڑ دینا۔
مُنہاسہ } (مذکر) چہرے کی کھال پر
مُہاسہ } پھُنسی کی شکل کے دانے
جو اُٹھتی جوانی میں خون کی
حرارت کی وجہ، نکلتے رہتے ہیں۔
کہاوت:۔
بُڈّھے منھ مُہاسہ
لوگ دیکھیں تماشہ
مُوچ (مونث) ہاتھ یا پیر کی کسی ہڈّی
کے جوڑ کا اپنی جگہ سے سرک
جانا یا کھنچ جانا۔
۲۔ انگوٹھے کے جوڑ کا نشان۔
——— (آنا۔ کھانا) ہاتھ یا پیر
کی ہڈّی کے جوڑ کا اپنی جگہ سے
سرکنا۔
ناسُور (مذکر) قرحہ۔ نہ بھرنے والا زخم
جو گھاؤ کی سطح پر جھلّی آ جانے
کی وجہ، گوشت کو بڑھنے یا بھرنے
نہیں دیتا اور ہمیشہ رِستا اور
تکلیف دیتا رہتا ہے۔ ۵
وفات حضرت اقبالؔ، ہاشمی ہے ہے
جگر ہیں قوم کے ناسورِ غم رہے گا یہ سال
نار (مذکر) دیکھو سُرخ بادہ۔
نارُو (مذکر) ایک قسم کا پھوڑا جو ایک
آبی کیڑے کے پانی میں پی جانے
سے نکل آئے۔
اس کیڑے کو نارو کہتے ہیں اور
یہی اس پھوڑے کی وجہ تسمیہ ہے۔
ناری جنتر (مذکر) نائیزہ۔ لوٹے کی
ٹونٹی کی شکل کا نلی کی وضع کا
جرّاحی آلہ۔
نال جنتر (مذکر) ناک، کان یا کسی
رگ کا مواد نکالنے کا مچھلی کے
جبڑے کی شکل کا آلہ جرّاحی۔
نرکور چِک (مذکر) انتر ٹکٹ۔ زخم
میں سے مواد نکالنے کا آلۂ جرّاحی
نزاع (مونث) دیکھو سکرات۔

نشجات گرم (مذکر) مرض لوٹنے کی روک کا علاج جو دفعِ مرض کے بعد احتیاط کے لیے کیا جائے۔

نکسیر (مونث) ناک سے خون جاری ہونے کا مرض (پھوٹنا۔ چھوٹنا)

نمش (مذکر) دیکھو جھائیں۔ فقرہ ۲۔

نملا (مذکر) چیپے کی قسم کی بیماری۔ (دیکھو چیپیا)

نملا اُمتاکلہ (مذکر) چیپے کی قسم کی بیماری جس میں ابتدا میں چھالا پڑتا ہے اور پھر بڑھ کر گھاؤ ڈال دیتا ہے۔

وجہشد
وجھند } (مذکر) دیکھو غیر جھنڈ۔

وجھیدنا (مصدر) زخم کے بد گوشت کو دوا لگا کر یا کاٹ کر صاف کرنا۔

۲۔ بواسیر کے مسّوں کو نکالنا۔

ورم (مونث) دیکھو سوجن۔ (آنا۔ ہونا)

ہاڑ (مذکر) جسم کا ڈھانچہ۔

۲۔ قد و قامتِ جسم۔

ہچکی (مونث) ٹھسکا۔ سانس کی آمد و رفت میں رکاوٹ جو حلق میں پیدا ہو جائے (آنا۔ لگنا)

ہلک (مصدر) دیکھو لپک (ہونا)

پھوڑے میں مواد پکنے کی کیفیت۔

ہنکارنا (مصدر) دیکھو کولنا۔ کراہنا۔

یردھاون گرم (مذکر) مرض کی علامت ظاہر ہونے یا مرض پیدا ہونے کے بعد علاج کرنے کا طریقہ۔

چوتھی فصل

تکیے داری

۱- پیشہ گورکنی اور اچارج

آنکھ بند ہونا (مصدر) مرجانا۔ انتقال کرنا۔ گزر جانا۔
ف :۔ گھر والے کی آنکھ بند ہوتے ہی سارا کام درہم برہم ہو گیا۔
اُٹھاؤنی (مونث) ہندوؤں میں مُردے کے وارث کو پگڑی باندھنے یعنی اُس کا قائم مقام بنانے کی رسم جو تیجے کے روز ادا کی جاتی ہے اور مُردے کی راکھ اور ہڈیاں متبرک مقام کو بھیجی جاتی ہیں۔ (ہونا)
اچارج (مذکر) ہندوؤں میں میّت اُٹھوانے اور کِریا کرم کرانے والا شخص۔
ارتھی (مونث) ٹکٹری (ٹھٹڑی) ہندوؤں میں میّت کو اُٹھا کر لے جانے کی حسبِ ضرورت بانس کی بنائی ہوئی ٹٹی۔
ارکھا (مذکر) دیوتا پر چڑھانے کے پھول رکھنے کا پیالا۔
۲۔ دکن کے مسلمان ارگجا جو آرکھا کا غلط تلفظ ہے، اُس پیالے کو کہتے ہیں جس میں میّت کے سوم کے روز قبر پر چڑھانے کو پھول اور بعض خوش بُو دار چیزیں رکھی جاتی ہیں۔ یہ طریقہ ہندوؤں سے مسلمانوں میں آیا

معلوم ہوتا ہے۔ چوں کہ قبر پر پھول چڑھانے کو نیک کام خیال کیا جاتا ہے اس لیے ہر شخص جو میت کے سوم میں آتا ہے اُس کام میں حصّہ لینا اپنا اخلاقی فرض سمجھ کر اپنے ہاتھ سے دو چار پھول اس پیالے میں ڈال دیتا ہے تاکہ قبر پر پیالا لے جانے اور پھول چڑھانے میں وہ بھی شریک سمجھا جائے۔

ازگجا (مذکر) ارکھا کا غلط تلفظ۔ دیکھو ارکھا۔ فقرہ ۲

اِزار (مونث) دیکھو کفن فقرہ ۲

است
استھی } (مونث) دیکھو پھول۔

انگوٹھے باندھنا (مصدر) دم نکلنے کے فوراً ہی بعد مُردے کی ٹانگیں سیدھی اور باہم ملی رہنے کے لیے طریقۂ عمل تاکہ لاش ٹھنڈی ہوکر ٹانگیں ٹیڑھی اور ایک دوسرے سے علیحدہ پھیلی نہ رہ جائیں۔

اوڑھنی (مونث) دیکھو کفن فقرہ ۳۔

برسی (مونث) پہلے سال کے ختم پر میت کی یاد کی تقریب جو پورا سوگ اُترنے یا ختم کرنے کی انتہائی مدت سمجھی جاتی ہے اس تقریب پر عزیز اقارب جمع ہوکر میت کے کاروباری معاملات اور ترکے وغیرہ کی بھی تکمیل کرا دیتے ہیں۔ (کرنا۔ ہونا)

۲۔ برسی کی یاد کی رسم جو سال بہ سال کی جائے۔ شمالی ہند میں اصطلاحاً دیا کہلاتی ہیں۔

بچھڑنا (مصدر) گورکنوں کی اصطلاح مُراد انسان کا ہمیشہ کے لیے اپنوں سے جُدا ہونا یعنی مرجانا۔ انتقال کرجانا۔

بغلی قبر (مونث) دیکھو قبر فقرہ ۲

بمان (مونث) ہندوؤں میں میت کے اُٹھانے کی ایک خاص قسم کی بنی ہوئی ارتھی۔ دیکھو ارتھی۔

بیسواں (مذکر) پہلے بیس روز کے

ختم پرستیت کی یادگی تقریب جو اس کے نام پر خیر و خیرات کرنے کے لیے کی جاتی ہو۔ (ہونا۔ کرنا)

بین (مذکر) بیان۔ نوحہ۔ میّت کے حالات بیان کر کے رونا۔ ماتم کرنا۔ لفظ بین یا تو بیان کا مخفف ہو یا عربی لفظ بینونت بہ معنی جُدائی کا اُردو میں اصطلاحی لفظ ہو گیا ہو۔

———— (کرنا) میّت کے حالات بیان کر کر کے ماتم کرنا۔

بھدرا (مذکر) ہندووں میں میّت کے وارث کا میّت کے اُٹھانے سے قبل سر اور ڈاڑھی مونچھیں وغیرہ مُنڈوانے کی رسم جو اُن کے ہاں میّت کے وارث کی شناخت کا ایک قدیم طریقہ ہو۔ (کرنا۔ کرانا)

بھدرہ ہونا (مصدر) میّت کے وارث کا بھدرے کی رسم کو پورا کرنا۔

پایا (مذکر) دیکھو قبر فقرہ ۳۲

پٹاؤ (مذکر) دیکھو قبر فقرہ ۳۲

پنچ رتنی (مونث) مونگا، موتی، سونا، چاندی اور تانبے کے اجزا جو ہندووں میں مرتے وقت منھ میں ڈالتے ہیں۔

پنچ رس دان (مذکر) ہندووں میں میّت کے نام پر دان دینے (خیرات کرنے) کی پانچ چیزیں گڑھ، گھی، تیل، روئی، نمک مع جوڑا۔ اس کو کریا کرم بھی کہتے ہیں۔

پُرسہ (مذکر) عذر خواہی۔ اظہارِ تعزیت میّت کے وارثوں سے ہمدردی اور اُن کے غم میں شرکت۔ (کرنا)

———— (لینا) میّت کے وارث کا رفیقوں اور ہمدردوں کے اظہارِ غم کو شکریے کے ساتھ تسلیم کرنا۔ (گُن ماننا)

پکّی قبر (مونث) اینٹ یا پتھر اور چونے وغیرہ سے تیار کی ہوئی قبر۔

پلنگڑی دار تعویذ (مذکر) دیکھو تعویذ

فقرہ ۲ ۔

پِنڈ (مذکر) ہندوؤں میں مُردے کے نام پر دان دینے کے لڈّو جو عام طور سے چاولوں کے بنائے جاتے ہیں ۔ (دینا)

پوٹ (مونث) دیکھو کفن فقرہ ۲ ۔

پھُول (مذکر) اسث (استھی) ہندوؤں کی اصطلاح مُراد مُردے کی جلی ہوئی راکھ اور ہڈّیاں وغیرہ جو کسی متبرک مقام کو بھیجنے کے لیے جمع کرلی جائیں ۔

۲۔ شمالی ہند کے مسلمانوں نے میّت کے سوگ کی مجلس کا نام پھُول رکھ لیا ہے جو عموماً تیسرے روز ہوتی ہے جس میں عزیز اقارب دوست احباب اظہارِ غم کے لیے شریک ہوتے اور میّت کے لیے دُعا کرتے ہیں ۔ کچھ خیر خیرات کی جاتی اور سوگ توڑا جاتا ہے یعنی میّت کے وارث اپنا کاروبار شروع کرتے ہیں ۔

۳۔ دکن کے مسلمان مذکور الصدر رسم کو زیارت کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اس موقع کے لیے لفظ پھول کا اُن کے ہاں کوئی مفہوم نہیں ہے ۔ (کرنا ۔ ہونا)

ف۱: آج ایک عزیز کے ہاں پھُولوں میں جانا تھا لیکن نہ جا سکا ۔

ف۲: ایک دوست کا انتقال ہوگیا پرسوں اُن کے پھُول ہیں ۔

تابوت (مذکر) لاش رکھنے کا صندوق ۔ ایرانیوں اور نصرانیوں میں عام طور سے اس کا رواج ہے اور اُسی میں لاش دفن کی جاتی ہے ۔ (اُٹھانا)

تبارک (مونث) میّت کے نام پر خیرات کرنے کی اصطلاح اور اُس کا مفہوم میّت کی رُوح کا دُوسری رُوحوں میں شریک

ہونا لیا جاتا ہے۔
۲۔ مُردوں کا ملنا ماہ شعبان (شبرات) کی چودھویں تاریخ کو واقع ہونا خیال کیا جاتا ہے اور وہ روزِ عرفہ کہلاتا ہے اس لیے اس رسم کو عرفہ بھی کہتے ہیں۔ اس روز حلوا یا میٹھی روٹیاں پکا کر مُردے کے نام پر خیرات کرتے ہیں اور اس روٹی کو تبارک کی روٹی کہتے ہیں۔ (کرنا)
ہندوؤں میں مذہباً اس قسم کی ایک رسم ہوتی ہے جس کو اصطلاحاً کناگت یا سراد کہتے ہیں۔
تُربت (مونث) مٹی کا ڈھیر مُراد کچی قبر یا قبر۔
تجہیز (مونث) عربی لفظ جہاز بہ معنی سامانِ سفر سے اُردو میں اصطلاحاً تجہیز میت کے دفن کا سامان کرنا مُراد لیا جاتا ہے اور لفظ تکفین کے ساتھ ملا کر بولا جاتا ہے۔
تجہیز و تکفین (مونث) گور کفن کرنا۔ میت کے دفن کفن کا انتظام کرنا۔
تعویز (مذکر) عربی لفظ بہ معنی پناہ دینا۔ بچاؤ کرنا۔ گورکنوں کی اصطلاح میں اُس پتھر کو کہتے ہیں جو تُربت پر رکھنے کے لیے بنایا جاتا ہے اس طرح کہ پوری قبر کو ڈھک لے۔ تعویز مختلف شکلوں کا بنایا اور مختلف اصطلاحی ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے۔
عام طور سے اینٹ اور چونے سے پتھر کے نمونے کا تعویز قبر پر بنوا دیا جاتا ہے۔ ہندستان میں سب سے زیادہ قیمتی اور نادر روزگار تعویز روضہ تاج گنج میں ہیں۔
۲۔ پلنگ کی شکل کا تعویز اصطلاحاً پلنگڑی کا تعویز کہلاتا ہے جو مستطیل ہووے کی شکل کا ہوتا ہے جس کے بیچ میں مٹی بھر دی جاتی ہے۔
۳۔ وہ تعویز جس کی سطح پر پانی

تعویز (سنگ تربت)

لوح

بھرنے کو چھوٹی سی ہودی بنی ہو، ہودے کا تعویز کہلاتا ہے۔ اس ہودی میں پرندوں کے پینے کو پانی بھرا رکھتے ہیں۔

۴۔ وہ تعویز جس کا اوپر کا حصہ محراب دار ہو گولے کا تعویز کہلاتا ہے اور محرابی بھی کہتے ہیں۔

۵۔ زنانی قبر کا تعویز جس کے اوپر وسط میں تکیے نما شکل بنا دیتے ہیں جو زنانی قبر کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ اصطلاحاً گھوارے کا تعویز کہلاتا ہے۔

تکفین (مذکر) میت کو کفنانا یا کفن کا
انتظام کرنا۔
دیکھو تجہیز اور تجہیز و تکفین لفظ
تکفین عام طور سے تجہیز کے ساتھ
بولا جاتا ہے۔

تکیہ (مذکر) بستی کے باہر فقیروں،
بن باسیوں اور آزاد منش لوگوں
کی گزر بسر یا وقت گزاری کی
جگہ ایسا مقام عام طور سے
غیر آباد جگہ ہوتا ہے۔ اس لیے دُنیا
سے بے تعلق یا کنارہ کش لوگوں
کا ٹھکانا بنا رہتا ہے اور یہی اس
کی وجہ تسمیہ ہے۔ اس مقام کے
قریب کچھ ایسے فقیر پیشہ بھی
رہنے لگتے ہیں جو دفن کفن
کے کام میں معمولی معاوضے
پر ضرورت مندوں کی خدمت
کر دیتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ
تکیے دار کا تعلق تکیے سے قریب
کے قبرستان سے بھی ہو جاتا ہے۔

تکیے دار (مذکر) تکیے کا متولی یا ایسا
شخص جو اس جگہ کی نگہداشت
رکھتا ہو یا وہاں رہتا ہو۔

توشہ (مذکر) شمالی ہند کے مسلمانوں
کی خاص اصطلاح مُراد حلوا
روٹی جو میت کے ساتھ قبرستان
بھیجی جائے اور دفن کے بعد
کسی فقیر کو کھلادی جائے۔
دکن اور خصوصاً حیدرآباد ریاست
میں عام طور سے مُسافر کے
ساتھ کے ناشتے کو کہتے ہیں۔
شمالی ہند میں اس لفظ کا
استعمال بدشگونی سمجھا جاتا ہے
جس طرح دکن میں زیارت کا
لفظ۔

تیجا (مذکر) سوم، سیّم، سوئم۔ مرنے
والے کے سوگ کی تقریب
(مجلس) جو عام طور سے تیسرے
دن کی جاتی ہے اس لیے شمالی
ہند میں اس کو تیجا یا سوم
کہتے ہیں۔ تفصیل کے لیے
دیکھو پھول فقرہ ۲ (کرنا۔ ہونا)

ٹڑی
ٹھٹڑی } (مونث) دیکھو ارتھی۔

جنازہ (مذکّر) عربی بہ معنی تابوت اُردو میں میت کے لیے بولا جاتا ہے۔ یعنی میت جو دفن کرنے کے لیے تیار کر لی گئی ہو۔

فا: مسجد میں ایک طرف کو جنازہ رکھنے کو جگہ بنی ہوئی ہے۔

چالیسواں (مذکّر) دیکھو چہلُم۔

چراغاں (مذکّر) گورکنوں کی اصطلاح مُراد قبر کے سرہانے چراغ روشن رکھنے کا عمل۔

۲- قبر کے سرہانے چراغ رکھنے کو بنی ہوئی بُرجی۔ طاقِ مزار۔

چُنری (مونث) ہندوؤں میں سُہاگن کی میت پر ڈالنے کا سُرخ کپڑا دکن کے بعض نو مُسلم گھرانوں میں بھی یہی رواج ہے۔

چہلُم (مذکّر) میّت کی مجلس سوگ جو چالیس روز گزرنے کے بعد کی جائے اور یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔

اس روز میت کے نام پر خیرات کی جاتی ہے اور اسی قسم کی بعض دوسری رسمیں پوری کی جاتی ہیں۔ (کرنا)

۲- اُردو میں اس رسم کو چالیسواں کہتے ہیں۔

چھ ماہی (مونث) میت کی مجلس سوگ جو چھ ماہ گزرنے کے بعد کی جائے اور اُس روز اُس کے نام پر خیرات بھی کی جاتی ہے۔

رسم ہے مُردے کی چھ ماہی ایک
خلق کا ہے اسی چلن پہ مدار
مجھ کو دیکھو تو ہوں بقیدِ حیات
اور چھ ماہی ہو سال میں دوبار

حاضری (مونث) وہ کھانا جو میّت کے رشتے دار میّت کے ورثا وغیرہ کے لیے سوگ کے تین دن تک حسبِ حیثیت باری باری سے بھیجیں۔ سوم تک یہ سلسلہ

جاری رکھنے کا رواج ہے۔
(دینا۔ بھیجنا)
۲۔ دفن کفن کے بعد کا پہلا کھانا۔
دامنی (مونث) دیکھو کفن فقرہ ۳۔
دخمہ (مذکر) پارسیوں (آتش پرست) کے مُردے رکھنے کا کنوئیں کی شکل کا بنا ہوا تہ خانہ۔
دسواں (مذکر) میت کی مجلسِ سوگ جو دس دن گزرنے کے بعد کی جائے۔ دیکھو چہلم چھ ماہی وغیرہ (کرنا)
دفنانا (مصدر) دیکھو تدفین۔
دم نکلنا (مصدر) جان دار کی موت واقع ہونا۔
دیسا (مذکر) دیکھو برسی فقرہ ۲۔
ڈولا (مذکر) دکن کے مسلمانوں کی اصطلاح مُراد میت کے اُٹھانے کی چارپائی کی وضع کی بنی ہوئی چیز۔ شمالی ہند میں ڈولا اور ڈولی کا مفہوم بالکل جُدا ہے۔ دیکھو جلد پنجم۔

ڈھاٹا (مذکر) کپڑے کی تین چار اُنگل چوڑی پٹی جو دم نکلنے کے بعد فوراً میت کی ٹھوڑی کے گرد لے کر سر پر باندھ دی جائے تاکہ میت کا منھ بند رہے اور کُھلنے نہ پائے۔ (باندھنا)
ڈھاڑی (مونث) ڈھاٹے کا دوسرا تلفظ دیکھو ڈھاٹا۔
روضہ (مذکر) دیکھو مقبرہ فقرہ ۲۔
زیارت (مونث) دیکھو پھول فقرہ ۲ اور ۳۔
سرداب / **سرداوا** (مذکر) فارسی میں تہ خانے کو کہتے ہیں جو گرمی کے موسم میں دوپہر کے وقت گزارنے کو زمین کے اندر بنا لیا جائے۔
اُردو اصطلاح میں خالی قبر جو کسی کے لیے قبل از وقت بنا کر تیار کی گئی ہو یا قبر کے لیے مخصوص کی ہوئی جگہ کو کہتے ہیں۔ (بنانا)
سنگِ تُربت (مذکر) دیکھو تعویز اور لوح۔

سوگ (مذکّر) میّت کا غم (کرنا)
——— (میں ہونا) میّت کے غم کی مدّت جو رواجاً مقرّر ہو گزارنا۔

سوم
سویم } (مذکّر) دیکھو تیجا۔

سینہ بند (مونّث) دیکھو کفن فقرہ ۳۔
شاہد (مذکّر) وہ پتّھر جو میّت کو دفن کرنے کے بعد تازہ قبر کے سرہانے بہ طور نشانی لگا دیا جائے تاکہ اُس جگہ قبر کا ہونا معلوم ہو۔
شہرِ خموشاں (مذکّر) گورکنوں کی اصطلاح مُراد قبرستان۔
صندوق (مذکّر) گورکنوں کی اصطلاح مُراد قبر کا گڑھا (لحد) جس کی شکل صندوق کی سی بنائی جاتی ہے اور شاید یہی اس کی وجہ تسمیہ ہے۔
طاقِ مزار (مذکّر) دیکھو چراغاں فقرہ ۲۔
عُذر خواہی (مونّث) دیکھو پُرسہ (کرنا)
عُرس (مذکّر) بزرگانِ دین کی وفات کی یاد کا سالانہ جلسہ۔ برسی۔ دیسا۔ (کرنا)

عرفہ (مذکّر) دیکھو تبارک فقرہ ۲ (کرنا)
غسّال (مذکّر) مُردہ شو۔ میّت کو غسل دینے والا۔ یہ لفظ میّت ہی کو غُسل دینے والے کے لیے مخصوص ہے۔
قبر (مونّث) گور۔ مرقد۔ مزار۔ لاش کے دفن کرنے کا گڑھا۔ لحد عام طور سے صندوقی قبر بنائی جاتی ہے جو صندوق کی وضع پر ہوتی ہے۔
۲۔ ایک خاص طرح کی قبر کو بغلی قبر کہتے ہیں جو قبر کے گڑھے کے بغلی پاکھے کو کھود کر کھو کی شکل بنائی جاتی ہے اور لاش کو اس کے اندر رکھ کر اصل گڑھے (لحد) کو مٹّی سے بھر دیتے ہیں۔ اس میں پٹاؤ کی ضرورت نہیں ہوتی۔
۳۔ صندوقی قبر کی بغلیاں جس میں پٹاؤ رکھّا جاتا ہے۔ اصطلاحاً قبر کا پایا کہلاتا ہے۔

۴۔ لکڑی یا پتھر جس سے لحد ڈھکی یا بند کی جاتی ہے پٹاؤ کہلاتا ہے۔ اور رکڑا بھی کہتے ہیں۔

قبرستان (مذکر) گورستان۔ قبروں کا میدان یعنی مقام جو قبریں بنانے کے لیے مخصوص ہو۔

قبر پوش (مذکر) قبر پر ڈالنے کی چادر۔
بغیر از سبزہ بنوشد کسے مزار مرا
کہ قبر پوش غریباں ہمیں گیاہ بس است

قُل (مذکر) تکیے داروں کی خاص اصطلاح مُراد قبروں پر حاضر ہو کر مُردوں کے لیے دُعائے خیر کرنا جس کو اصطلاحاً فاتحہ خوانی کہا جاتا ہے۔ یہ اصطلاح حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کی درگاہ کے لیے مخصوص ہے۔ (کرنا۔ ہونا)

کال کرنا (مصدر) انتقال کرنا۔

کچّی قبر (مونث) دیکھو تُربت۔ ایسی قبر جس میں چونا، اینٹ یا پتّھر وغیرہ نہ لگایا گیا ہو۔

کِرپال (مذکر) کِرپال۔ ہندوؤں میں لاش کے جلنے کے دوران میں کھوپری پھوڑنے کی رسم جو لاش کا وارث ادا کرتا ہے۔ یہ رسم ادا کرنا نہایت ضروری اور لازمی ہوتی ہے۔ (کرنا)

کِریا کرم (مذکر) دیکھو تیج رس دان۔

کرڑا (مذکر) گورکنوں کی اصطلاح مُراد قبر کے پٹاؤ کا کوئی سِرا یا پٹاؤ کے اوپر کا پورا حصّہ جو چالیس روز کے بعد قبر کو پکّا بنانے کے لیے کھولا جاتا ہے۔ (کھولنا)

کفن (مذکر) میّت کو پہنانے کا لباس یا کپڑے جو ہر مذہب کے رواج کے بموجب ہوتے ہیں۔ مسلمانوں میں مرد کے لیے تین کپڑے اور عورت کے لیے پانچ کپڑے ہوتے ہیں۔

۲۔ وہ کپڑے جو مردانی اور زنانی میّت کے لیے مشترک ہیں۔ کفنی، اِزار، اور لفافہ کہلاتے ہیں۔ لفافے کا دوسرا نام پوٹ ہے۔

کفنی کُرتے کو، اِزار اندر کی چادر کو اور لفافہ (پوٹ) اُوپر کی چادر کو کہا جاتا ہے۔ یعنی وہ دونوں چادریں جس میں میّت کو لپیٹتے ہیں۔

۳۔ عورت کے کفن میں دو زائد کپڑے اوڑھنی اور سینہ بند ہوتے ہیں۔ اوڑھنی کو دامنی بھی کہتے ہیں۔

——— (دینا) میّت کے لیے کفن فراہم کرنا۔

کفنانا (مصدر) دیکھو تکفین۔ کفن پہنانا۔

کفن چور (مذکر) وہ شخص جو قبر میں سے مُردے کا کفن نکال لے۔

کفن دوز (مذکر) کفن سینے والا۔

کفن کاٹھی کرنا (مصدر) دیکھو تجہیز و تکفین۔ کرنا۔ کفن دفن کرنا۔

کفنی (مونث) دیکھو کفن فقرہ ۲۔

گُمر گڑھا (مذکر) ہندی اصطلاح مُراد نابالغ لڑکے کی قبر۔ ہندوؤں میں نابالغ بچے کی لاش کو اگر چھوٹی ہو تو دریا میں بہا دیتے اور اگر بڑی ہو تو گڑھا کھود کر دبا دیتے ہیں۔ ایسی قبر گُمر گڑھا کہلاتی ہے۔

کندھا دینا (مصدر) میّت کے ڈولے کو کندھے پر اُٹھانا۔ میّت کو قبرستان لے جانے کے لیے ساتھیوں کا باری باری سے ڈولے کو کندھے پر اُٹھا کر چلنا۔

گُزرنا (مصدر) انتقال کرنا۔ فوت ہو جانا۔

ف ۱: آج ایک بہت بڑا آدمی دُنیا سے گُزر گیا۔

ف ۲: وبا میں ہزاروں آدمی گزر گئے۔

گِل ور گِل کرنا (مصدر) گورکنوں کی اصطلاح مُراد لحد میں مٹی کا پتلا گارا بنا کر میّت کو اُس کے اندر اُتار دینا یعنی دلدل بنا کر اُس میں رکھنا۔

گور (مونث) دیکھو قبر۔

گورستان (مذکر) دیکھو قبرستان۔

گورکن (مذکر) قبر کھودنے اور لاش دفن کرنے والا مزدور۔ قبر کھودنے اور بنانے کا کام معماری سے متعلق ہے۔ گورکنی کوئی علیحدہ پیشہ نہیں تھا لیکن بڑے بڑے شہروں میں جہاں چوبیس گھنٹے موتیں ہوتی رہتی ہیں وہاں بعض مزدور قبرستانوں کے قریب رہنے لگتے اور قبریں کھودنے (گور کفن) کا پیشہ اختیار کر لیتے ہیں۔ اس طرح یہ ایک علیحدہ پیشہ کہلانے لگا۔

گور و کفن (مصدر) دیکھو تجہیز و تکفین۔

گولے کا تعویز (مذکر) دیکھو تعویز فقرہ ۴۔

گھنٹ (مذکر) ہندی اصطلاح مُراد میت کے نام پر پانی رکھنے کا مٹکا جو کسی درخت میں لٹکا دیا جاتا ہے۔

گہوارہ (مذکر) فارسی میں شیر خوار بچے کے سُلانے کی جھولے کی پلنگڑی کو کہتے ہیں اور گورکنوں کی اصطلاح میں زنانہ میت کے پردے دار ڈولے کو کہتے ہیں جس میں لاش چھپی رہے۔

گہوارے کا تعویز (مذکر) دیکھو تعویز فقرہ ۵۔

لاش (مونث) نعش۔ مُردہ جسم۔

لحد (مونث) گور کا گڑھا۔ لاش کو دبانے کا گڑھا۔ (کھودنا۔ بنانا)

لفافہ (مذکر) دیکھو کفن فقرہ ۲۔

لوح (مونث) سنگِ تربت۔ اصطلاحاً قبر کے سرہانے لگی ہوئی پتھر کی سِل جو حسبِ ضرورت بنائی اور میت کا نام اور تاریخ انتقال وغیرہ کندہ کر کے لگا دی جاتی ہے۔

مٹی دینا (مصدر) لاش کو قبر میں رکھ کر حاضر الوقت لوگوں کا رسماً گڑھے میں مٹی ڈالنا۔

مٹھا (مذکر) لاش کے اوپر لپٹی ہوئی چادروں کے سِروں کا بند جو سَر اور پیر کی طرف دھجی سے باندھ دیا جاتا ہے۔

مدفن (مونث) لاش کے دفن کرنے کی جگہ مُراد قبر۔

مُردہ شو (مذکر) دیکھو غسّال۔

مرقد (مذکر) عربی لفظ بہ معنی خواب گاہ اُردو میں مجازاً واصطلاحاً قبر کو کہتے ہیں اور اپنے اصلی معنوں میں نہیں بولا جاتا۔

مرگھٹ (مذکر) ہندوؤں کے مُردے جلانے کی جگہ۔

مُرِیٹھا (مذکر) دیکھو ڈھاٹا۔

مزار (مذکر) عربی لفظ بہ معنی زیارت کی جگہ، اُردو میں قبر کے لیے بولا جانے لگا ہے۔ ؎

پسِ مرگ مزار پہ میرے جو دیا کسی نے جلادیا
میری آہ دامنِ باد نے آسرِ شام اُس کو بجھادیا

مقبرہ (مذکر) قبر کی جگہ اصطلاحاً قبر کے لیے بنائی ہوئی عمارت مُراد لی جاتی ہے۔

۲۔ بزرگانِ دین اور قابلِ احترام اشخاص کے مقبرے کو ادباً روضہ کہتے ہیں جس کے معنی ہرا بھرا باغ ہیں۔

مؤتا } **مؤتی** } (مونث) میت کی جمع اُردو میں مرجانے کے معنوں میں وجہ بولا جاتا ہے اور میت کے معنوں میں بھی۔

ف ۱:۔ ہمارے محلے میں کل ایک موتا ہوگئی۔

میت (مونث) لاش، نعش، مُردہ۔ موتا۔ انسان کا جسم بے جان۔

—— (سونپنا) لاش کو عارضی طور پر کچھ دن کے لیے دفن رکھنا ایسی صورت میں جب کہ اُس کو کسی دوسری جگہ دفن کرنا منظور ہوتا ہے۔

ہتودہ (مذکر) پٹاؤ سے اوپر قبر کا گڑھا جو مٹی سے بھر دیا جاتا ہے۔

ہتودے کا تعویز (مذکر) دیکھو تعویز فقرہ ۳۔

۲۔ پیشہ گداگری۔

اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے (محاورہ) گداگروں کا محاورہ مُراد بھلائی یا بُرائی کا بدلہ فوراً ملتا ہے یا جیسا کرنا ویسا بھرنا۔

برکت ہو (محاورہ) گداگر کے سوال کا نفی میں جواب۔ برکت کے معنی زیادتی کے ہیں۔ لیکن گداگر کے سوال پر کسی چیز کا نہ ہونا کہنے کے بجائے برکت ہو کہتے ہیں جیسے دسترخوان بڑھانا، چراغ ٹھنڈا کرنا وغیرہ۔

بھاگوان کا بھلا۔ داتا کا بھلا۔ گداگروں کا کلمہ دُعائیہ مُراد نصیبہ وروں اور خیرات کرنے والوں کو خُدا اچھا رکھے۔

بِھکاری (مونث) بھیک منگا۔ بھیک پر گزر بسر کرنے والا۔

بھنڈار (مذکر) دیکھو لنگر خانہ۔

بھیک (مونث) صدقہ یا خیرات کی طلب۔ (مانگنا) دان طلب کرنا۔

بھیک منگا (مذکر) بھیک مانگنے والا۔

ٹکڑ گدا (مذکر) روٹی کے ٹکڑے کو محتاج۔ بھکاری۔

ٹکڑ گدائی (مونث) روٹی کے ٹکڑوں کے لیے سوال۔

جمعرات بھری مُراد (محاورہ) گداگروں کا تکیہ کلام مُراد جمعرات کا دن مُرادیں پُوری ہونے (دُعا قبول ہونے) کا ہوتا ہے اس لیے خیرات کرنے کا دن ہے۔

جھولی (مونث) پروتنا۔ پرتوا۔ پرتی۔ گداگر کی تھیلی۔

داتا کی خیر۔ گداگروں کا تکیہ کلام مُراد خیرات کرنے والوں کا بھلا ہو۔

دِلدّر (مذکر) تنگ حالی، نحوست، بُرے حال۔ (دور ہونا)

دہ در دُنیا ستّر در آخرت۔ گداگروں کا تکیہ کلام مُراد خیرات کرنے کا بدلہ دُنیا میں دس گُنا اور آخرت میں ستّر گُنا ملتا ہے۔ اس لیے خیرات کرنا اچھا ہے۔

دھن ہو (کلمہ دُعائیہ) بھلا ہو۔ یعنی خیرات کرنے والے کا بھلا ہو۔

راہِ مولا (مونث) مالک (خُدا) کے نام پر خیرات مانگنے کا سوال۔

سائیں (مذکر) سردار۔ آقا۔ مالک۔ اخلاقاً گداگروں کو کہتے ہیں۔

سخی کا بھلا۔ گداگروں کا تکیۂ کلام مُراد نیک کام میں خرچ کرنے والوں کی خیر رہے۔

سدابرت (مذکر) لنگر۔ خیرات جاریہ۔ صدقہ جو جاری رہے۔

سرادھ (مونث) خیرات کا کھانا۔

سوال کرنا (مصدر) مانگنا۔ طلب کرنا۔ گداگروں کی اصطلاح میں بھیک مانگنا۔

صدقہ ردِ بلا۔ گداگروں کا تکیۂ کلام مُراد خیرات دینے سے بلائیں اور مصیبتیں دُور ہوتی ہیں۔

فاقہ (مذکر) رزق سے محرومی۔ کھانے کو نہ ہونا۔ خالی پیٹ۔ (ہونا۔ کرنا)

فقیر (مذکر) گداگر۔ تنگ حال۔ رِزق کا مارا۔

کج کول (مذکر) کشکول کا غلط تلفظ۔ دیکھو کشکول۔

کرپا کرنا (مصدر) مہربانی کرنا مُراد خیرات دینا۔

کشکول (مذکر) کجکول۔ کٹ کاری۔ کاسہ گدائی۔ بھک منگوں کا پیالہ۔

کنگال (مذکر) بُھکّڑ۔ فاقہ زدہ۔ بھوکا۔ محروم فقیر۔

کھونجڑا (مذکر) تباہ حالی۔ محرومی۔ ستیاناس (نکلنا)

گُپت دان (مذکر) چھپی خیرات

کٹ کاری (مونث) دیکھو کشکول۔

لنگر (مذکر) سدابِرت۔ خیر جاریہ۔ خوراک جو خیرات کے طور پر فقیروں کو روزانہ تقسیم ہو۔

لنگر خانہ (مذکر) وہ مکان جہاں فقیروں کو روزانہ کھانا تقسیم کرنے کا انتظام ہو۔

مائی کا بھلا۔ گداگروں کا تکیۂ کلام مُراد گھر والی کا بھلا ہو۔

مُرغ پھڑپھڑانا (محاورہ) مُرغ کو صدقے میں اُتارنا۔ مُرغ وارنا۔

منگتا (مذکر) بھیک مانگنے والا۔ گداگر۔

نِردھن (مذکر) محتاج۔ مفلس۔ فقیر۔ بینوا۔ وہ شخص جس کے پاس خرچ کو کچھ نہ ہو۔

وارنا (مصدر) صدقہ اُتارنا۔

ہتھ اُٹھوا (مذکر) دست نگر۔ خیرات پر بسر کرنے والا۔

۳۔ پیشہ بن باسی (تیاگی)

آسنی (مونث) سادھوؤ کے بیٹھنے کی گدی یا جگہ۔

اتیت (مذکر) روشن ضمیر درویش۔ سادھو۔ رِشی۔ پہنچا ہوا سائیں۔

اچھت (مذکر) نیک، صالح، پرہیزگار۔

ادھ کار (مذکر) زاہد۔ نیکوکار۔ اللہ والا۔

اُتناس (مونث) جوگیوں کے عبادت کو بیٹھنے کی اونی گدی۔

ارہنٹ (مذکر) جینی پیشوا یا دیوتا کا لقب

اِستھان (مذکر) دیکھو دھار۔

اِمام (مذکر) تسبیح کے سرے کے نشان کا لمبوترا دانہ جو ڈورے میں کھڑا پرویا ہوا ہوتا ہے۔

اوکھا (مونث) باریک بٹے ہوئے تاگوں کی بنی ہوئی جینی فقیروں کی جوہری۔

باگ امبر / باگمبر (مذکر) شیر یا چیتے کی کھال جو سادھو آسنی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

بان پرست (مذکر) وہ بن باسی جو عورت کے ساتھ ہونے کے باوجود جنسی جذبے پر پورا پورا قابو رکھتا ہو اور عورت کی صحبت اس پر کوئی اثر نہ کر سکے۔

بجیا ہوم (مذکر) جوگی کی حالتِ جذب۔

برم گاتری (مونث) دیکھو پوجا پاٹ اور دہان گیان۔

برم مُنڈ (مذکر) جوگیوں کی اصطلاح مُراد دماغ کی ایک خفیہ قوت کا نام۔ مسلمان درویش اخفیٰ کہتے ہیں۔
۲۔ دماغ کا ایک مقام۔

برہم چاری (مذکر) تارک خواہشات درویش۔ خدا کی راہ میں نفس کو مارنے اور اس پر قابو پانے والا فقیر یا سادھو۔

بلہاری (مذکر) فدائی۔ دین و مذہب

کے شیدائی۔
بیراگ (مذکر) ترکِ دُنیا۔ جوگ لینا۔
فقیری اختیار کرنا۔
۲۔ بیراگیوں کی امداد کا چندہ جو
کسان سے لیا جائے
بیراگی (مذکر) تیاگی۔ تارکِ دُنیا۔
بیراگن (مونث) تارکِ دُنیا عورت۔
۲۔ بیراگی کے ہاتھ کی لکڑی یا عصا۔
بھبوت (مذکر) راکھ جو جوگی عبادت
کے وقت بدن پر ملے۔ (رمانا)
بھگت (مذکر) پرہیزگار۔ زاہد۔ خُدا کی
راہ میں زندگی بسر کرنے والا۔
بھگتی (مونث) پرہیزگاری۔ زُہد۔ مذہبی
ریاضت۔
پاٹ (مونث) دِہان گیان کرنا۔
پاکھنڈی (مذکر) جوگی کے روپ میں
چنڈال۔ فریبی، دھوکے باز۔
پُجاپا (مذکر) چڑھاوا۔ نذر و نیاز کی چیز۔
پربھی (مونث) دُعا قبول کا وقت۔
نجات کا وقت۔
پرتما (مونث) مورت کا ایک مندر سے
دوسرے مندر میں منتقل کرنا۔
ستھاپن۔
پرم ہنس (مذکر) دیکھو مجذوب۔
پِش پتر (مونث) پوجا پتر۔ نذر و نیاز
کی چیزیں رکھنے کا برتن یا تھالی۔
پنچ امرت } (مونث) نذر و نیاز یا چڑھاوے
پنچم رت } کی پانچ پاک اور متبرک
چیزیں۔
۲۔ گائیں سے حاصل کی ہوئی
پانچ چیزیں۔
پنچارنی (مونث) درگاہ یا مندر میں
روشن رہنے والا چراغ۔
دیپ دان۔
پوتر (مذکر) پاک چیز۔
پوجا (مونث) عبادت۔
پوجا پتر (مذکر) دیکھو پش پتر۔
پوجاورا (مذکر) نذر و نیاز کی مخصوص
اشیا۔
پہنچا ہوا (مذکر) کل مل دُرویش۔
روشن ضمیر۔ دیکھو اتیت۔
پیر اوتار (مذکر) درویشوں یا تارکِ دُنیا

لوگوں کا روزینہ۔
تام ہان (مذکر) تام ڑکنڈ۔ کوسی بُت کو
غُسل دینے کا برتن۔
تپسیا (مونث) سیوا۔ خدمت، عبادت
(کرنا)
ترِسوُل (مذکر) آہنی تنہ شاخہ۔ مہادیو
کا ہتھیار بیان کیا جاتا ہے اس لیے
مہادیو کے پُجاری اس کا نمونہ
ہر وقت ہاتھ میں رکھتے ہیں۔
ف ا:۔ کبیر کے مارنے کو ترسوُل
اٹھایا۔ کبیر رم (للہ) کہ کر غائب ہو گیا
ترکُٹی (مونث) مراقبے کے ایک عمل کا
نام جس میں آنکھوں کی نظر
(ناک کے سرے) پر قائم کی جاتی ہے۔
تسبیح (مونث) جپ مالا۔ ایک مقررہ
تعداد میں اللہ کا نام لینے یا اس
کی تعریف کرنے کو شمار دانوں
کی لڑی۔
تموگن (مونث) نفسِ امارہ۔ بدی کے
جذبات۔
توجّہ (مونث) رُکھائی درویشوں کی
اصطلاح مُراد دِہان۔ خیال کی
یک سوئی۔ کائنات میں غور۔
(دینا) اپنے مقابل کے

خیالات پر باطنی اثر ڈالنا۔
یہ اثر اتحاد۔ اصلاح یا اِتقا کے
لیے ہوتا ہے۔ اس لیے اتحادی۔
اصلاحی اور ارتقائی توجہ کہلاتی ہے۔
تیاگی (مذکر) تارکِ دُنیا۔
جات دینا (مصدر) منت اُتارنا۔
نذر پیش کرنا۔
جپ مالا (مونث) جپنی۔ دیکھو تسبیح۔
جپنا (مصدر) وِرد کرنا۔ اللہ کے نام
کو دُہراتے رہنا۔ یا زبان پر جاری
رکھنا۔
جپنی (مونث) سُمرن۔ تسبیح۔ دیکھو
جپ مالا۔
جتی (مذکر) جینی۔ فرقوں میں کے
ایک فرقے کا پُجاری۔
جٹادھاری (مذکر) سر کے بال بڑھانے
اور لٹکے رکھنے والے سادھو۔
جُگ (مذکر) تیس ہزار سال کا ایک

زمانہ جس کا ہر ایک دن چار جگ کا ہوتا ہے۔
جگ موہن (مذکر) مندر کے بھجن۔ یا بھجن ٹولی۔
جوگی (مذکر) آزاد۔ قلندر۔ وہ بن باسی جو نہ کسی مذہب کا مخالف ہو اور نہ کسی خاص مذہب کا پیرو بلکہ اپنے گرو (مُرشد) کے حکم سے اپنے لیے عبادت کا کوئی خاص طریقہ اختیار کرے۔
جوگن (مونث) جوگی کا اسم تانیث۔
۲۔ شہوتِ نفسانی۔
جوُن (مونث) زندگی۔ زمانہ حیات۔
——— (بدلنا) دوُسری زندگی حاصل ہونا۔ تبدیل جسم۔
جیو آتما (مونث) چھتر یگ۔ مہان روُحِ احساس۔
۲۔ دوُسری روُح جس سے پہلی روُح آرام یا تکلیف پاتی ہے۔
جھاڑنا (مصدر) دم کرنا۔ منتر پڑھ کر کسی مرض یا اسرار کا علاج کرنا۔ دوُر کرنا۔
چرن امرت (مذکر) گروُ کا پیر دھوون۔
چرن برت (مذکر) دیکھو چرن امرت۔ تبرک۔ پرشاد۔
چلّا (مذکر) چالیس روز کی گوشہ گیر عبادت۔ دِہان گیان۔ جو دُرویش دل کی صفائی کے لیے کیا کرتے ہیں۔
۲۔ وہ مقام جہاں چالیس روز بیٹھ کر عبادت کی جائے۔
چندن کھوری (مونث) دیوتاؤں کی مورت کے لیے صندل گھِسنے کی کٹوری۔
چنڈال (مذکر) نفس کے دھوکے میں آیا ہوا شخص۔ بدنفس۔
چیلا (مذکر) مُرید۔ دیکھو مرید۔
چوتھا کھنڈ (مذکر) سادھوؤں کی اصطلاح۔ مُراد فقیری کا وہ درجہ جس میں جسمانی رنج و خوشی میں تمیز نہ ہو۔ منزلِ توحید۔ فنا فی اللہ۔ ـــہ

۵۔ چوتھے کھنڈ چڑھ کرے جو باسا
مرن جیون کا رہے نہ سانسا

چولا (مذکر) سادھوؤں کی اصطلاح مراد جسم خاکی جس میں رُوح قید رہتی ہے۔ (بدلنا)

درشن (مذکر) بزرگ کی زیارت۔ دیدار (دینا۔ ہونا)

دکشنا (مذکر) پیش کش۔ نذرانہ۔ نقدی وغیرہ جو تارکِ دُنیا لوگوں کو دی جائے۔

دم کرنا (مصدر) دیکھو جھاڑنا۔

دُودھ دھاری (مذکر) سادھوؤں کا ایک فرقہ۔

دِھان گیان (مذکر) برم گاتری۔ پُوجا پاٹ ذکر و فکر یادِ الٰہی اور اس کی مخلوق پر غور۔

دھار (مذکر) اِستھان۔ بدھ فقیروں کی عبادت کرنے کا تنہائی کا مقام۔

ڈھل کا / ڈھلکہ (مذکر) شِو کی مُورت کا ہنڈولا۔

ڈنڈوت (مونث) گرو۔ پیشوا یا دیوتا کے سامنے اظہارِ کم تری جو ہاتھوں کو کونیوں تک جوڑ کر کی جائے۔ (کرنا)

ڈھونڈیے (مذکر) جینی مذہب کا ایک فرقہ جو ناپاک رہنا اور منھ کے سامنے کپڑا بندھا رکھنا بزرگی سمجھتا ہے۔

ذِکر و فکر (مذکر) یادِ الٰہی اور مخلوق میں غور۔

رِشی (مذکر) اللہ کا ولی۔ اللہ کا بھیجا ہوا پیام بر۔

رُکھائی (مونث) رُخ کا غلط تلفظ مراد توجہ (کرنا۔ دینا) دیکھو توجہ

رمنا (مذکر) بن باسی کا کسی ایک مقام کو پسند کر کے وہاں مقیم ہو جانا۔
۲۔ جنگلی جانوروں کے آرام لینے کی محفوظ اور سُنسان جگہ۔

رُوپ درشن (مذکر) بزرگوں کے دیدار کا نذرانہ۔ پیش کش۔ نقدی چڑھاوا۔

رہے نام سائیں کا۔ فقیروں کا تکیۂ کلام مُراد اللہ ہی کا نام باقی رہنے والا ہے۔

زاہد (مذکر) پاک اور پرہیز گاری کی

زندگی بسر کرنے والا۔ حرام و حلال میں تمیز کرنے والا۔ اللہ کا ولی۔
سالِک (مذکر) پابندِ شریعت یا مذہب کا پابند عالِم باعمل دُرویش۔
ستوگن (مونث) نیکی کے جذبات۔ نیک نفسی۔ بدی سے پاک۔
سُرتی (مونث) خیال۔ دِھان۔ کائنات میں فکر کرنے والا۔ صفاتِ الٰہی کا شاہد۔
سرگُتی (مذکر) اہلِ صفات۔
سرُوپ (مذکر) بھگوان کا رُوپ۔ دیکھو رُوپ۔
سم پشت (مذکر) بُت بٹھانے کا تین خانوں کا ظرف۔
سندھیچی پلی (مونث) بُت کو نہلانے کے پانی کا ظرف۔
سنکلپ (مونث) مذہبی رسم ادا کرنے کی نیت۔ (کرانا)
سنیاسی (مذکر) تیاگی۔ بن باسی جس نے تمام خواہشات کو ترک کر دیا ہو۔
سنہاسن (مونث) اکروُ پرستھ۔ پوجا کے وقت بُت بٹھانے کی چوکی۔
سوامی (مذکر) مالک۔ آقا۔ رشی۔
سوتمبری (مذکر) جینی فرقے کے فقیر جو اپنے منھ کے سامنے کپڑا باندھے رکھتے ہیں۔
سیوا (مونث) خدمت۔ اطاعت۔ پوجا (کرنا)
سیوڑے (مذکر) جینی فرقے کے فقیروں کا ایک گروہ۔
شش ضربی (مذکر) اسمائے حسنہ۔ جوگیوں میں ذِکرِ الٰہی کا ایک طریقہ جس میں چھ کلمے بطور نغمہ وِرد کرتے ہیں۔
شُمار دانہ (مذکر) تسبیح میں گیارہ دانوں کی ایک لڑ جو ذِکر کی تعداد شمار کرنے کو ہوتی ہے۔
فِدائی (مذکر) دیکھو بلہاری۔ وہ دُرویش جو اپنے کو کسی خاص عقیدے کے لیے وقف کر دے۔
قلندر (مذکر) دیکھو جوگی۔

کامی (مذکر) نفس کا شہوانی جذبہ۔
۲۔ شہوت پرست۔ خواہش پر قابو نہ پانے والا۔

کپالی (مونث) حبس دم۔ جوگیوں کی ایک ریاضت جس میں سانس کو پیٹ میں روکنے کی مشق کی جاتی ہے اور روح کو دماغ کی طرف منتقل کرنے کی۔
بعض جوگیوں نے اس ریاضت میں کمال حاصل کیا ہے اور مدتوں ایک حالت میں بیٹھے رہے ہیں۔ کپالی کے دو عمل ہوتے ہیں۔ ایک چینتن تاڑی کہلاتا ہے۔ اُس میں ہوش و حواس درست رہتے ہیں۔ دوسرا چرط تاڑی اس میں ہوش و حواس باقی نہیں رہتے (چڑھانا)

کراماتی (مذکر) وہ درویش جس سے خلافِ عادت کام ظاہر ہوں۔ خرقِ عادت۔

کرور پرشتھ / گرور پرشتھ (مونث) دیکھو سنہاسن۔

کُشاسن (مونث) گھانس پھونس کی بنی ہوئی گدی (آسنی) جس پر سادھو بروقت عبادت بیٹھتے ہیں (ریتل پاٹی)

کمنڈل (مذکر) سادھو کے ہاتھ کا دسپنا۔ یالو ہے کا گز جو کسی عقیدے کے طور پر رکھا جاتا ہے۔

کن پھٹا جوگی (مذکر) وہ جوگی جو گرو کے نام پر کان چھدوا کر کڑا ڈال لے۔

کنچل کِریا (مونث) ہاتھی کا فعل۔ سادھوؤں کی اصطلاح مُراد پانی پی کر پیٹ صاف کرنا۔ تاکہ ریاضت میں خرابی نہ ہو۔

کوسی (مونث) دیکھو تام ہان۔

کیلنا (مصدر) منتر سے کسی کو قابو میں کرنا۔ بند کرنا۔ روک رکھنا۔

گرو (مذکر) مُرشد۔ پیر۔ راہِ ہدایت دکھانے والا۔

گرنتھی (مذکر) سادھوؤں کا ایک فرقہ۔
۲۔ جنیو کی گانٹھ کو گرنتھ کہتے ہیں۔

گُسائیں (مذکر) نیک۔ بزرگ۔ اللہ والا فقیر۔ بن باسی۔

گنڈا (مذکر) دُعا دم کیا ہوا یا منتر پڑھا

ہوا ڈورا جو کسی مرض یا اسرار کے لیے
مریض کے باندھنے کے لیے کسی عامل
سے لیا جائے۔ (باندھنا)

گنگا جلی (مونث) گنگا کا پانی بہ طور تبرک
رکھنے کا ظرف۔

لوگ (مذکر) دیوتاؤں کا مکان یا ٹھیرنے
کا مقام۔

ماٹھ (مونث) خانقاہ۔ تکیہ۔ کسی مہنت
کی آشرم۔

مجذوب (مذکر) وہ درویش یا بن باسی
جو عشقِ الہٰی کے جذبے میں بیخود
ہو اور ماسوا کی خبر نہ ہو۔

مُرشد (مذکر) گرو۔ پیر۔ راہِ ہدایت بتانے والا۔

مرگ چھالا (مذکر) ہرن کی کھال جو سادھو
اوڑھنے بچھانے کے کام لائے۔

مُرید (مذکر) چیلا۔ شاگرد۔ گرو کا فرماں بردار

مُنی (مذکر) وہ بن باسی جو چُپ سادھ
لے یعنی بات کرنا ترک کر دے۔
۲۔ جینی فرقوں کا ایک فرقہ جو ننگا رہتا ہے

موج (مونث) فقیروں کی اصطلاح مُراد
سُکھ۔ جذبۂ خوشی۔

——— (آنا) اچھے خیال میں ہونا۔
خوشی میں آنا۔

مہنت (مذکر) بڑے بزرگ سادھو۔ زاہد۔

ناتی (مونث) جوگیوں کی اصطلاح مُراد
موم چڑھی پشمین دھجی جس کو وہ
حبس دم کی مشق کے لیے ناک
کے نتھنے صاف کرنے کے لیے
ناک میں ڈال کر حلق سے نکالتے
ہیں۔ (کرنا) ۲۔ نسبتی رشتے دار۔

نانک پنتھی (مذکر) نانک کے ماننے والے
سادھوؤں کا ایک فرقہ۔

نرک (مونث) نفس کا عذاب۔ روحانی
تکلیف (دوزخ)

نرنجن (مذکر) گھی یا کوئی اور اچھا روغن
جو مندر کے چراغ میں جلایا جائے

نرگنی (مذکر) اہلِ ذات۔ دنیا سے منھ موڑنے
اور اللہ کی طرف رجوع ہونے والا۔
فانی چیزوں سے بے پرواہ۔

ہاکاڑنی / ہلکوڑنی (مونث) خوش بوئیں جلانے کا
ظرف جس میں خوش بودار مسالہ
آہستہ آہستہ جل کر دھنواں دے۔

تمت